GYRO CAFE
Middle Eastern Grill
Gyro - Falafel - Kabob
580 Coney Island Ave Brooklyn, NY 11218. Phone: 718-438-0860
Other Location: Shawafel House 1419 Forest Avenue, Staten Island NY 10302 Ph: (718) 285-4175

دنیا انٹرنیشنل
ایڈیٹر انچیف زاہد حسین
نیا دور نئی سوچ
واشنگٹن، نیویارک، ٹوکیو اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہوتا ہے
جلد 17 شمارہ 42 01 جولائی تا 07 جولائی 2025ء 06 محرم 1446ھ

GYRO KING Open 24 Hrs
GYROS · FALAFELS · KEBOBS
In The Heart Of Little Pakistan
984 Coney Island Ave Brooklyn NY 11230 Tel: 718-421-6600

For Advertisement: NY: 718-509-5522 NY: 917-348-3974 MD: 443-370-0804 Off: 718-421-1684
PA: Syeda Raza razasyeda5@gmail.com

ظہران ممدانی نے حیران کن کامیابی حاصل کر کے سب کو چونکا دیا، صدر ٹرمپ ظہران ممدانی کی جیت پر پھٹ پڑے

ظہران ممدانی ڈونلڈ ٹرمپ آمنے سامنے

میئر نیویارک کیلئے سیاسی ہلچل عروج پر

نیویارک کے میئر کیلئے الیکشن جورواں سال نومبر میں ہوں گے، امکان ہے ظہران ممدانی جو کہ ڈیموکریٹ پارٹی کے نامزد امیدوار ہونگے اس بار میئر کے الیکشن میں ارک ایڈمز کے مدمقابل ہوں گے

امریکی صدر ٹرمپ نے ظہران ممدانی کو کٹر کمیونسٹ قرار دیتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر یہ ڈیموکریٹک سوشلسٹ عام انتخابات جیت جاتے ہیں تو نیویارک کے لیے وفاقی فنڈنگ خطرے میں پڑ سکتی ہے

میں امریکی صدر ٹرمپ کی جانب سے ایسی باتوں کیلئے پہلے سے ہی تیار تھا، نیویارک کے شہر تقدس کو برقرار رکھوں گا، ظہران ممدانی کا ٹرمپ کو جواب، ممدانی کے حریف امیدواروں نے اپنی شکست تسلیم کرلی

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) نیویارک کے میئر کیلئے الیکشن نومبر میں ہوں گا اور امکان ہے کہ میئر ایرک ایڈمز اور ظہران ممدانی جو کہ ڈیموکریٹ پارٹی کے نامزد امیدوار ہونگے اس بار میئر کے الیکشن میں آمنے سامنے ہونگے۔ نیویارک کے میئر کے انتخاب کے لیے ڈیموکریٹ پارٹی کی پرائمری ریس میں 33 سالہ مسلمان سیاستدان ظہران ممدانی نے سابق گورنر اینڈریو کومو کو حیران کن طور پر پیچھے چھوڑ دیا۔ میئر ایڈمز جو کہ پہلی ٹرم میں ڈیموکریٹ امیدوار کے طور پر الیکشن کے میدان میں اترے تھے، اس بار نومبر میں ہونیوالے جنرل الیکشن میں آزاد امیدوار کی حیثیت سے الیکشن لڑیں گے۔ ظہران ممدانی کی کامیابی کے بعد امریکی سیاست میں نئی ہلچل مچ گئی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دھمکی دی ہے کہ اگر ظہران ممدانی نیویارک کے میئر بنے تو نیویارک کو وفاقی فنڈز نہیں دیے جائیں گے۔ امریکی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ ظہران ممدانی ایک خالص کمیونسٹ ہے، ظہران ممدانی جیتے تو یہ نیویارک کے لیے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 27»

میئر نیویارک ایرک ایڈمز نے دوسری ٹرم کیلئے اپنی انتخابی مہم شروع کردی

میئر ایرک ایڈمز اور ظہران ممدانی جو ڈیموکریٹ پارٹی کے نامزد امیدوار ہونگے میئر کے الیکشن میں آمنے سامنے ہونگے

نیویارک کی تعمیر و ترقی، شہر کو جرائم سے پاک کرنے کیلئے اپنا مشن جاری رکھنا چاہتا ہوں، میئر نیویارک ایرک ایڈمز کی گفتگو

نیویارک (منظور حسین سے) نیویارک سٹی کے میئر ایرک ایڈمز نے دوسری ٹرم کے لئے اپنی انتخابی مہم شروع کر دی ہے۔ انہوں نے دوسری ٹرم کے لئے اپنی انتخابی مہم کے آغاز کا اعلان نیویارک سٹی ہال کی سیڑھیوں پر ایک پرہجوم پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر میئر ایڈمز کے ساتھ نیویارک کی مختلف کمیونٹیز اور تنظیموں کے قائدین اور ارکان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ میئر ایڈمز کا کہنا تھا کہ وہ نیویارک کی تعمیر و ترقی، شہر کو جرائم سے پاک کرنے، روزگار میں اضافے سمیت عوام کی فلاح و بہبود کے لئے اپنا مشن جاری رکھنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے زندگی بھر آگے بڑھنے سے روکا گیا، مجھے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 29»

فریزنو کی 19 سالہ زینب سعید لاپتہ

فریزنو (دنیا انٹرنیشنل) زینب سعید جو فریزنو کے علاقے سیڈر کی رہائشی ہے 12 جون سے لاپتہ ہے، جس کا تاحال پتہ نہیں چل سکا اور پولیس کی جانب سے تلاش جاری ہے۔ زینب سعید کو آخری مرتبہ ریفلیکشن اپارٹمنٹ کمپلیکس میں دیکھا گیا جس نے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 28»

ماہ محرم، معرکہ کربلا اور شہادت امام حسینؓ امت مسلمہ کیلئے عظیم درس ہے

امام حسینؓ کی لازوال قربانی و بے مثال کردار پوری انسانیت کیلئے مشعل راہ ہے

معروف سماجی شخصیت حاجی محمد افضل کا محرم الحرام کے موقع پر کمیونٹی کو پیغام

پلینسبرگ، پنسلوینیا (سیدہ رضا سے) معروف سماجی شخصیت لکشمی چوک ریسٹورنٹ اور راوی کباب ہاؤس ورجینیا واشنگٹن کے مالک حاجی محمد افضل نے محرم الحرام کے موقع پر دنیا انٹرنیشنل سے

غزہ میں نسل کشی جاری، غذائی قلت کے باعث 66 بچے شہید

فوری امداد نہ پہنچی تو 14 ہزار سے زائد بچوں کی زندگیاں ختم ہو سکتی ہیں، یونیسیف

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) غزہ پر جاری اسرائیلی حملوں اور محاصرے کے نتیجے میں غذائی قلت اور طبی سہولیات کی کمی کے باعث 66 فلسطینی بچے شہید ہو چکے ہیں جب کہ ہزاروں کی جانیں خطرے میں ہیں۔ فلسطینی حکام کے مطابق، اسرائیل کی جانب سے غزہ کی گزرگاہوں کی بندش،

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 31»

58 کھرب ڈالر، 47 لاکھ اموات، امریکا کی 25 سالہ جنگی داستان

2001ء سے ابتک ان جنگوں میں 9 لاکھ 40 ہزار افراد براہ راست مارے گئے

نیویارک (نیوز ڈیسک) امریکا نے 9/11 کے بعد مشرق وسطی، جنوبی ایشیا اور افریقی خطوں میں جنگیں چھیڑ کر نہ صرف 58 کھرب ڈالرز سے زائد رقم خرچ کی بلکہ ان کے نتیجے میں لاکھوں انسانی جانیں بھی ضائع ہوئیں۔ امریکی یونیورسٹی کی حالیہ تحقیق کے مطابق، 2001 سے اب تک ان جنگوں

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 26»

صدر ٹرمپ نے ایران پر امریکی پابندیوں میں نرمی کا عندیہ دیدیا

جلد روس اور یوکرین تنازع بھی حل کرادوں گا، ایران اسرائیل میں لڑائی کا امکان نہیں

تہران تعمیر نو کیلئے تیل برآمد کرسکے گا، رواں ہفتے مذاکرات شروع ہوسکتے ہیں، ٹرمپ

دی ہیگ (نیوز ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران پر امریکی پابندیوں میں نرمی کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ تہران تعمیر نو کیلئے تیل برآمد کرسکے گا، انہوں نے کہا کہ رواں

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 15»

ہوشیار!! امریکہ میں لاکھوں تارکین وطن کو ڈی پورٹ کرنے کا منصوبہ تیار

چودہ لاکھ سے زائد سیاسی پناہ کی درخواستیں دائر، ڈھائی لاکھ تارکین وطن ڈی پورٹ ہونگے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں ٹرمپ انتظامیہ لاکھوں تارکین وطن کو ڈی پورٹ کرنے کا منصوبہ تیار کر رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق امریکا میں غیر قانونی طور پر داخل

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 30»

جون 127 سال میں جاپان کا گرم ترین مہینہ قرار

ٹوکیو (مانیٹرنگ ڈیسک) جون 2025 کو جاپان کی تاریخ کا

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 33»

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا ایران سے متعلق بڑا یوٹرن

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 32»

پاکستان اور چین میں 3.7 ارب ڈالر قرض کے معاہدے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان اور چین نے اس ہفتے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 25»

امریکا میں فائرنگ سے خودکشی کے واقعات میں ریکارڈ توڑ اضافہ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں آتشیں اسلحے کے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 24»

امریکی حکام میں کھلبلی مچ گئی، انٹیلی جنس رپورٹ افشا ہونا غداری قرار

یہ عمل ناقابل قبول ہے یہ غداری ہے اور اس کی مکمل تحقیقات ہونی چاہئیں، اسٹیو وٹکوف

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) مشرق وسطی کے لیے ٹرمپ انتظامیہ کے خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف نے ایران پر امریکی حملے کے بعد انٹیلی جنس جائزے کے افشا کو غداری قرار دیتے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 16»

12 دن جنگ، اسرائیل کو 20 ارب ڈالر کا جھٹکا، دیوالیہ ہونے کے قریب

معیشت پر دباؤ اتنا شدید ہے کہ ملک کا مالیاتی خسارہ 6 فیصد تک پہنچنے کا امکان ہے

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے خلاف حالیہ 12 روزہ جنگ میں اسرائیل کو بھاری معاشی نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ ایرانی میڈیا اور اسرائیلی ذرائع کے مطابق، اس جنگ میں اسرائیل کو براہ راست 12 ارب ڈالر اور مجموعی

پاکستان اور بھارت کے پاس اعلی سطح کے ایٹمی ہتھیار ہیں، ہم نے معاملہ تجارت کے ذریعے حل کیا، صدر ٹرمپ

ٹرمپ نیتن یاہو کی محبت میں تڑپ اٹھے

اسرائیلی عوام وزیراعظم کیخلاف اسٹرکون آگئی

اسرائیلی وزیراعظم یرغمالیوں کی بازیابی کیلئے ڈیل کی کوشش میں ہیں عدالتی کارروائی ڈیل کرنے میں رکاوٹ بنے گی، نیتن یاہو کیساتھ جو کیا جارہا ہے وہ بہت خوفناک ہے

امریکا ہر سال اسرائیل پر اربوں ڈالر خرچ کرتا ہے جو کسی بھی ملک پر خرچ کی جانیوالی رقم سے زیادہ ہے، نیتن یاہو کیخلاف عدالتی کارروائی کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے

نیتن یاہو کیخلاف عدالتی کارروائی ہماری فتح کو گہنا دے گی، انہیں بڑے کام کرنا ہیں، ٹرمپ کرپشن اسکینڈل کا شکار اسرائیلی وزیراعظم کی حمایت میں ایک بار پھر سامنے آگئے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کرپشن اسکینڈل کا شکار اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی حمایت میں ایک بار پھر سامنے آگئے اور کہا ہے کہ اسرائیل میں جو نیتن یاہو کے ساتھ کیا جا رہا ہے وہ بہت خوفناک ہے۔ اسرائیلی وزیراعظم یرغمالیوں کی بازیابی کے لیے حماس سے ڈیل کی کوشش میں ہیں۔ نیتن یاہو نے امریکا کے ساتھ مل کر ایران کے نیوکلیئر پروگرام کے خلاف بڑی کامیابیاں

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 36»

پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی صدارت سنبھال لی

ہم سلامتی کونسل کے کام میں اصولی اور متوازن نقطہ نظر لائیں گے، عاصم افتخار احمد

نیویارک (منظور حسین سے) ایسے وقت میں جب دنیا بڑھتے ہوئے تنازعات، گہری ہوتی ہوئی جغرافیائی سیاسی دراڑوں اور کثیرالجہتی

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 17»

اسرائیل کو بچانے کیلئے امریکہ نے میزائل نظام تھاڈ کا 20 فیصد استعمال کرڈالا

جتنے انٹرسیپٹر میزائلوں کا استعمال کیا گیا، اسے دوبارہ مکمل کرنے میں کئی سال لگ سکتے ہیں

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکہ نے اسرائیل کو ایران سے بچانے کیلئے اپنے انٹرسیپٹر میزائلوں کا 20 فیصد ذخیرہ پھونک دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکہ نے ایران کے فضائی حملوں کے خلاف دفاع مضبوط کرنے کے لیے اپنے جدید اینٹی میزائل نظام تھاڈ کا 15 سے 20 فیصد تک استعمال

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 18»

ٹرمپ نے نیٹو سیکریٹری جنرل کا ذاتی پیغام سوشل میڈیا پر شیئر کردیا

ٹرمپ وہ ناقابل پیشگوئی شخص ہیں جو کب کیا کرجائیں، اندازہ لگانا مشکل ہوتا ہے

آپ نے وہ حاصل کرلیا جو عشروں سے کوئی امریکی صدر نہیں کرسکا تھا، نیٹو سیکرٹری جنرل

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سیکریٹری جنرل نیٹو کا بھیجا گیا ذاتی پیغام بھی سوشل میڈیا پر شیئر کردیا۔ ڈونلڈ ٹرمپ سے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ ناقابل پیشگوئی شخص ہیں، وہ کب کیا کرجائیں، اندازہ لگانا مشکل ہوتا ہے۔ مگر اس وقت جب آپ سوچیں کہ یہ تو انتہا ہوگئی

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 35»

آئندہ امریکی صدارت کی دوڑ میں ایرک ٹرمپ کے شامل ہونے کا امکان

ایرک ٹرمپ خاموشی سے سیاسی منظرنامے کا مشاہدہ اور امکانات پر غور کر رہے ہیں

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیٹے ایرک ٹرمپ نے اشارہ دیا ہے کہ ان کے والد (ڈونلڈ ٹرمپ) کے بعد خاندان کا کوئی اور فرد امریکی صدارت کی

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 34»

ایرانی جوہری تنصیبات مکمل تباہ نہیں ہوئیں

ٹرمپ کے بیان کا الٹ؟ امریکی انٹیلی جنس رپورٹ

تین جوہری تنصیبات پر حملوں سے جوہری پروگرام کو مکمل طور پر تباہ نہیں کیا جاسکا لیکن اسے کچھ مہینوں کیلئے پیچھے دھکیل دیا گیا

ابتدائی نتائج صدر ٹرمپ کے ان دعوؤں سے متصادم ہیں کہ ایرانی جوہری افزودگی کی تنصیبات کو مکمل طور پر تباہ کردیا گیا ہے

ایرانی جوہری پروگرام تباہ ہونے سے بچ گیا، سینٹری فیوجز محفوظ ہیں، نقصان صرف زمینی سطح کی تنصیبات تک محدود رہا، ذرائع

واشنگٹن / تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی انٹیلی جنس نے اپنے ابتدائی تجزیے میں کہا ہے کہ ایران پر حملوں سے جوہری تنصیبات مکمل طور پر تباہ نہیں ہوئیں، ایران کا افزودہ یورینیم کا ذخیرہ فضائی حملوں میں مکمل طور پر تباہ نہیں ہوا۔ ایران کے بیشتر سینٹری فیوجز ابھی بھی محفوظ ہیں اور نقصان صرف زمینی سطح کی تنصیبات تک محدود رہا اس کے برعکس امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ ایران کبھی بھی اپنا جوہری پروگرام دوبارہ نہیں بنائے گا۔ ایران کی جوہری صلاحیتیں ختم ہو چکی ہیں۔ امریکی خبر رساں ادارے کے مطابق ابتدائی امریکی انٹیلی جنس جائزے میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ ایران کی تین جوہری تنصیبات پر حملوں سے جوہری پروگرام کو مکمل طور پر تباہ نہیں کیا جاسکا لیکن اسے کچھ مہینوں کے لیے پیچھے دھکیل دیا گیا ہے۔ خبر رساں ادارے کے مطابق یہ جائزہ رپورٹ امریکی محکمہ دفاع کی انٹیلی جنس ایجنسی (DIA) نے تیار کی

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 37»

پاکستان اور امریکا کے درمیان تجارتی مذاکرات کامیاب

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان اور امریکا کے درمیان معاہدے کی تکمیل پر اتفاق طے پا گیا۔ وزارت خزانہ کے مطابق وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور امریکی وزیر

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 23»

فری فری فلسطین کے نعرے لگوانے والے برطانوی سنگر کا امریکی ویزہ منسوخ

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا نے فری فری فلسطین کے نعرے لگوانے والے برطانوی پاپ سنگر باب ویلن کا ویزہ

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 21»

ایرانی جوہری تنصیبات کا معاملہ، وائٹ ہاؤس اور پینٹاگون آمنے سامنے

امریکا کا اربوں ڈالر کا حملہ بیکار؟ ایرانی جوہری پروگرام تباہ ہونے سے بچ گیا، پینٹاگون

پینٹاگون کی رپورٹ حقائق کے منافی اور صدر کو بدنام کرنے کی کوشش ہے، وائٹ ہاؤس

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کی جوہری تنصیبات پر امریکہ کی حالیہ فضائی کارروائیوں کے باوجود ایران کا جوہری پروگرام مکمل طور پر تباہ نہیں ہو سکا، بلکہ ابتدائی انٹیلی جنس تجزیے کے مطابق اسے صرف چند ماہ کے لیے مؤخر کیا جا سکا ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق پینٹاگون کی

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 19»

ایرانی ایٹمی تنصیبات پر حملہ، امریکی جنرل نے اہم انکشاف کردیا

سب سے زیادہ افزودہ یورینیم رکھنے والی ایٹمی تنصیبات پر بنکر بسٹر بم استعمال نہیں کیے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی فوج نے ایران کے بڑے جوہری مرکز اصفہان پر بنکر بسٹر بم استعمال نہیں کیے کیونکہ یہ مقام زمین کے اتنے اندر واقع ہے کہ عام تباہ کن بم

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 20»

Butcher Needed قصاب کی ضرورت ہے
وڈبرج، ورجینیا میں ایک کامیابی کے ساتھ چلتے ہوئے حلال میٹ اینڈ گروسری سٹور کو ایک ٹرینڈ (تجربہ کار) قصاب کی ضرورت ہے۔
معقول مشاہرہ دیا جائے گا۔
اردو بولنے والے کو ترجیح دی جائے گی۔
خواہشمند افراد رابطہ کریں۔
فون نمبر: 703-491-6666

ADEEL RAZA, CPA
Raza CPA, PLLC
Certified Public Accountant
Specialized in
Small Business, Construction & Real-estate Accounting & Taxation
All Form Of Business Setups
All Types Of Tax Preparation
Business Year Around Tax Planning & Services Include:
Accounting
Bookkeeping
Financial Statement Preparations
Payroll, Sales tax and all types of Federal & State Compliance work for small businesses
Ph: 703-705-1255
8401 Dorsey Circle Unit 202, Manassas, VA 20110
Fax: 347-649-2163, Email: araza@razacpa.com, Web: www.duaatax.com

SHAZIA PHARMACY
شازیہ فارمیسی SHAZIA PHARMACY
برائٹن بیچ کے علاقے میں آپ کی اپنی فارمیسی آپ کی صحت ہماری اولین ترجیح
•Prescription Drugs
•Free Consultation
•Quick and easy Delivery
•Service All Vitamins
•Halal Vitamins Available
•Surgical Supplies Beauty Needs
•We Accept All Major Insurance
Tel: 718-872-6090, Fax: 718-872-6575
3166 Coney Island Avenue, Brooklyn, NY 11235
Email: shaziapharmacy@gmail.com

LAW OFFICES OF
KAMRAN MEMON
Serving Anne Arundel County, Baltimore County, Howard County, Montgomery County, Prince George's County and Various Other Parts of Maryland
•Personal Injuries •Worker's Compensation Injuries
•Bankruptcy •Criminal Defense
•Car Accidents •Divorce
•Civil Disputes •Estate Planning
•Corporate Law •Immigration
(443) 529-3443
(443) LAW-3443
www.PakistaniLawyer.com
Email: Kamran@PakistaniLawyer.com

اپنی ہر قسم کی خوبصورت اور یادگار تقریبات
انتہائی خوبصورت، کشادہ اور صاف ستھرا
پارٹی ہال
Beautiful PARTY HALL For Rent
کے لئے ہم سے ابھی رابطہ کریں
رابطہ نمبر: 718-509-5522

New A-One Groceries & Halal Meats
نیو اے ون گروسریز اینڈ حلال میٹ
Grand Sale at New A One Grocery and Halal Meat Alexandria Virginia
Islamic Art/ Household Kitchen Merchandise/ Crockery
BIG SALE
TIMING: 10am - 9.00 pm.
2919 Arlington Dr. Alexandria VA-22306 Ph: 703-768-0222

ANSWER4U
Never Miss Another Call
Our Core Services
Your Customers are the lifeblood of your business, We will help you give them the care they deserve.
مقامی تاجروں کیلئے کال سنٹر کی جدید سہولت
آپ کے صارفین آپ کے کاروبار کی جان ہیں ہم ان کو وہ دیکھ بھال دینے میں آپ کی مدد کریں گے جس کے وہ مستحق ہیں
"PATIENTS SCHEDULING FOR DOCTORS OFFICE"
$5/hr per agent
Contacat: CHAUDHARY MUHAMMAD YOUNIS +1 443 831 6666

FAST PRO.TAX Consultant
FAST PROFESSIONAL SERVICES INC.
EASYTAX SERVICES INC.
"YOUR 1-STOP SHOP FOR ALL YOUR FINANCIAL NEEDS"
We Specialize In
Individual & Business Tax Returns, Financial Statements, Business Set-up & Assistance, Accounting & Bookkeeping, Tax Filing, IRS Audit Assistance, Trademark Assistance & More, Payroll Services, Insurance
837 AVENUE Z-BROOKLYN, NY 11235
Ph: +1-718-332-4448, Ph: +1-855-496-0606
Ph: +1-929-500-3322, Fax: +1-718-332-4044

DUNYA Kabab House GRAND Opening
Authentic Afghan Cuisine
Bring Friends And Family And Enjoy
Ph: 718-483-8451
696 CONEY ISLAND AVE, BROOKLYN, NY 11218

gourmet SWEETS
Big Party Hall for All Occassions
Complete Family Restaurant
لاہور کی لکشمی چوک کے تحفے
Ph: 718-421-4100, 917-488-4497
1107 Coney Island Ave. Brooklyn NY 11230
New Location: 72-08 Broadway Jackson Heights NY 11372 Ph: 718-533-8700

MASHALLAH Grill & RESTAURANT
Address: 663 Coney Island Ave, Brooklyn, NY 11218
Phone: (718) 287-0090, +1(718)207-8106

Kidney Specialist
Must See
DR. SAQIB
If you have diabetes, Hypertension, Kidney Stone, Blood in urine or Protein in urine
Javed Saqib M.D (718) 462-7315
693 Coney Island Avenue, Brooklyn, NY 11218

اسلام آباد: وفاقی وزیر علی پرویز امریکی قائمقام سفیر کے ہمراہ ویبنار کی صدارت کر رہے ہیں۔

وزیر اعظم کا مستقل ثالثی عدالت کے سندھ طاس معاہدے پر ضمنی ایوارڈ کا خیر مقدم

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اعظم شہباز شریف نے سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی پر مستقل ثالثی عدالت کی طرف سے دیئے گئے ضمنی ایوارڈ کا خیر مقدم کیا ہے۔ جاری بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ عدالتی فیصلے سے پاکستانی بیانیے کو تقویت ملی ہے، عدالتی فیصلے کے مطابق بھارت یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدہ معطل نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ آبی وسائل پر کام کر رہے ہیں، پانی ہماری لائف لائن ہے۔ وزیر اعظم نے وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور اٹارنی جنرل منصور اعوان کی کاوشوں کی تعریف بھی کی ہے۔

پشاور: سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ صوبائی کونسل کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

الیکشن کمیشن نے ہمیشہ آئین وقانون کے مطابق فرائض انجام دیے، ترجمان

اسلام آباد (نامہ نگار) الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلے کے بعد الیکشن کمیشن کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈہ کیا جا رہا ہے، الیکشن کمیشن نے ہمیشہ آئین وقانون کے مطابق فرائض انجام دیے، سپریم کورٹ نے متعدد بار الیکشن کمیشن کے موقف کی توثیق کی۔ جاری بیان میں الیکشن کمیشن نے میڈیا پر ہونے والی تنقید کو جھوٹ اور حقائق کے برعکس قرار دیتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن نے ہمیشہ آئین وقانون کے مطابق فرائض انجام دیے ہیں، سپریم کورٹ نے شفاف الیکشن میں سیکرٹ بیلٹ سمیت متعدد بار الیکشن کمیشن کے موقف سے کی توثیق کی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ڈسکہ الیکشن پر الیکشن کمیشن کے فیصلے کو سپریم کورٹ نے آئینی اقدام قرار دیا، پی ٹی آئی انٹرا پارٹی الیکشن پر الیکشن کمیشن کی تشریح کو بھی درست قرار دیا گیا، اے پی ایم ایل کی ڈی لسٹنگ کے فیصلے کو بھی سپریم کورٹ نے برقرار رکھا، قانون کی خلاف ورزی پر دیگر جماعتیں بھی ڈی لسٹ کی گئیں۔

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف سابق کپتان کرکٹ ٹیم ثناء میر کو ایوارڈ پیش کر رہے ہیں۔

وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کان کنی میں ترقی کی قیادت کر رہے ہیں، وزیر پیٹرولیم

امریکی سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کیلئے سفارت خانہ سپورٹ فراہم کریگا، امریکی ناظم الامور

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر خود پاکستان میں کان کنی کے شعبے کی ترقی کی قیادت کر رہے ہیں۔ حکومت پاکستان اور امریکی سفارت خانے کے تعاون سے امریکی سرمایہ کاروں میں پاکستان کے کان کنی شعبے میں سرمایہ کاری کو فروغ دینے کیلئے منعقدہ ویبنار سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر خود پاکستان میں کان کنی کے شعبے کی ترقی کی قیادت کر رہے ہیں۔ ویبنار کا مقصد پاکستان کے معدنیات اور کان کنی کے شعبے میں پرکشش سرمایہ کاری کے مواقع کو امریکی سرمایہ کاروں اور کمپنیوں تک پہنچانا تھا۔ امریکی سفارتکاروں، پاکستانی منرل کمپنیوں اور متعدد امریکی کاروباری نمائندوں نے آن لائن ویبنار میں حصہ لیا۔ علی پرویز ملک نے امریکی کمپنیوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اور مشترکہ منصوبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی اور کہا کہ معدنیات کی کان کنی کو سپورٹ کرنے کے اور کاروبار میں آسانی کو ممکن بنا کر صاف توانائی پر منتقلی کو فروغ دے رہے ہیں۔ امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر نے امریکہ اور پاکستان کے درمیان طویل المدتی معاشی شراکت داری کا اعادہ کیا اور کہا کہ امریکی سرمایہ کاروں کیلئے پاکستان کے معدنیات کے شعبے میں مواقع ایکسپلور کرنے کا یہ صحیح وقت ہے، امریکی سرمایہ کاروں کو پاکستان کے منرل شعبے میں سرمایہ کاری کیلئے سفارت خانہ سپورٹ فراہم کرے گا۔

سانحہ سوات، جاں بحق افراد کے لواحقین کو 15 لاکھ روپے فی کس دینے اعلان

پشاور (نامہ نگار) چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ نے دورہ سوات کا دورہ کیا اور بینگورہ بائی پاس کے قریب سانحہ دریائے سوات سے متعلق ریسکیو آپریشن کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر جاں بحق افراد کے لواحقین کے لئے 15 لاکھ روپے فی کس کا اعلان کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دریائے سوات میں 85 پھنسے افراد میں سے 58 کو زندہ بچا لیا گیا، غفلت برتنے پر انتظامیہ کی افسران اور ریسکیو کے ضلعی آفیسر کو معطل کیا۔ انہوں نے کہا کہ انکوائری کمیٹی واقعے کا جائزہ لیکر غفلت برتنے والوں کو سزا دی جائے، موسم کی خرابی اور وقت کی کمی ہے باعث ٹیلی کا پتہ نہ پہنچ سکا، دریائے سوات میں ہر قسم کی کھدائی پر پابندی لگانے جا رہے ہیں۔

پریشان حال دنیا میں امن قائم کرنے کیلئے امداد میں سرمایہ کاری کریں

رپورٹ... ماہین

اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے سربراہ نے کہا کہ عالمی ہنگامہ آرائی اور غیر ملکی امداد میں گہری کٹوتیوں کے وقت امن کو فروغ دینے کے لیے امداد پر خرچ کرنا ضروری ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ترقی پذیر ممالک کے پریشان حال دنیا میں امن قائم کرنے کے لیے امداد میں سرمایہ کاری کریں۔ اسپین میں چار روزہ اقوام متحدہ کی کانفرنس کے موقع پر ایک انٹرویو میں، جس کا مقصد ترقی کے مشکل شعبے کو نئی تحریک فراہم کرنا ہے، ہالیانگ سو نے اس بات پر زور دیا کہ امداد، تجارت اور دفاع میں سرمایہ کاری "صفر کا کھیل" نہیں ہے۔ سو نے کہا، بین الاقوامی ترقیاتی تعاون امن کی بنیادیں بنانے کے لیے انتہائی اہم ہے، یہ نوٹ کرتے ہوئے کہ دنیا کے بیشتر غریب تنازعات کا شکار ممالک میں رہتے ہیں۔ امیر ڈونرز، خاص طور پر امریکا اور یورپی ممالک نے، یوکرین اور مشرق وسطیٰ میں تنازعات کے عالمی سلامتی کو متاثر کرنے کے بعد امدادی بجٹ میں کٹوتی کی ہے اور دفاعی اخراجات میں اضافہ کیا ہے۔ سو نے کہا کہ 2024 میں فوجی اخراجات ریکارڈ 2.7 ٹریلین ڈالر تک پہنچ گئے، جو پچھلے سال کے مقابلے میں 20 فیصد زیادہ ہیں۔ لیکن چینی سفارت کار نے اس بات پر زور دیا کہ مقابلہ کرنے والی ترجیحات اور بحرانوں کے باوجود ترقی پذیر اقوام کی حمایت کرنا امیر ممالک کے مفاد میں ہے۔ انہوں نے کہا، امن کی بنیادیں بنانا، کمزور ممالک میں استحکام میں سرمایہ کاری کرنا ان ممالک میں بوجھ کو کم کرنے میں مدد کرتا ہے جہاں آپ کو مثال کے طور پر نقل مکانی کے چیلنجز کا سامنا ہے۔

سینیٹر وقار مہدی کا سندھ طاس معاہدہ پر عالمی ثالثی عدالت کے فیصلے کا خیر مقدم

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) جنرل سیکرٹری پیپلز پارٹی سندھ سینیٹر وقار مہدی نے سندھ طاس معاہدہ پر عالمی ثالثی عدالت کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے جاری بیان میں کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدہ پر عالمی ثالثی عدالت کے فیصلے سے پاکستان نے بھارت کے خلاف ہیٹ ٹرک مکمل کرلی، پہلے میدان جنگ، پھر سفارتی محاذ اور اب عالمی ثالثی عدالت کے فورم پر بھی مودی کو منہ کی کھانی پڑی۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے سفارتی دورے کے دوران ہر جگہ سندھ طاس معاہدہ پر پاکستان کا بھرپور موقف رکھا۔ انہوں نے کہا کہ مودی کی پالیسیاں خطے میں امن واستحکام کے منافی ہیں، جنگی جنون میں مبتلا گجرات کے قصائی کو پچھاڑنا دنیا کیلئے ناگزیر بن چکا ہے۔ سندھ طاس معاہدہ پر عالمی ثالثی عدالت کے فیصلے سے پاکستان نے بھارت کے خلاف ہیٹ ٹرک مکمل کرلی، پہلے میدان جنگ، پھر سفارتی محاذ اور اب عالمی ثالثی عدالت کے فورم پر بھی مودی کو منہ کی کھانی پڑی۔

دریائے سوات پر تجاوزات کے فوری خاتمے اور ہوٹلز کو رجسٹرڈ کرنے کا فیصلہ

سیلابی صورتحال میں لائف جیکٹس اور رسیوں کی ترسیل کیلئے ڈرونز خریدنے کا فیصلہ کیا گیا

پشاور (نامہ نگار) خیبر پختونخوا حکومت نے دریائے سوات کے کنارے تجاوزات کے خلاف بھرپور کارروائی کا فیصلہ کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ کے پی کی ہدایات پر سوات میں چیف سیکرٹری کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں صوبائی وزراء، ترجمان وزیر اعلیٰ، ایم پی ایز اور اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں جائے حادثے پر پولیس کی غیر موجودگی پر ایس پی سے وضاحت طلب کی گئی اور ساتھ ہی ذمہ داروں کیخلاف کارروائی کا فیصلہ کیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ سیلابی صورتحال میں لائف جیکٹس اور رسیوں کی ترسیل کے لیے ڈرونز خریدنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، دریائے سوات سمیت مختلف مقامات پر تجاوزات کو بلاتفریق ختم کرنے کے احکامات جاری کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ دریا کنارے قانونی وغیر قانونی مائننگ سرگرمیاں فوری بند کرنے اور بغیر اجازت تعمیر شدہ ہوٹلز کو فوری ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ترجمان وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دریائے سوات کیکنارے تجاوزات کے خلاف بھرپور کارروائی کا فیصلہ کیا گیا ہے، جس کے تحت ضلعی انتظامیہ کو دریا کے اطراف غیر قانونی تعمیرات فوری گرانے کی ہدایت کردی گئی ہیں۔ ترجمان کے مطابق تمام ہوٹلز کو مستقل بنیادوں پر رجسٹرڈ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

حضرت عمرؓ کا طرز حکمرانی اقوام عالم کیلئے مشعل راہ ہے، حافظ عمر شیر فاروقی

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عہد خلافت اسلام کا سنہری باب ہے، رہنما سنی علماء کونسل

سوات، ایک ہی خاندان کے 15 افراد سیلابی ریلے کی نذر ہو گئے

صوبائی حکومت کی نالائقی، کئی گھنٹے تک امداد کے منتظر رہے لیکن ریسکیو نہ ہو سکے

پشاور (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی خیبر پختونخوا کے صدر سید محمد علی شاہ باچا نے کہا ہے کہ ایک ہی خاندان کے 15 افراد سیلابی ریلے کی نذر ہو گئے، کئی گھنٹے تک امداد کے منتظر رہنے کے باوجود بروقت ریسکیو نہ ہونا صوبائی حکومت کی ... سانحات کا پیش آنا حکومتی نااہلی کا کھلا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ سیاحوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائے مگر بدقسمتی سے ترجیحات میں عوام کی زندگی شامل ہی نہیں۔

نسیم علی زئی کے کزن جمشید خان اور انکی زوجہ کار حادثے میں وفات پا گئے

بالاکوٹ جاتے ہوئے گاڑی پہاڑ سے نیچے کھائی میں جا گری، دو سالہ بیٹا معجزانہ طور پر بچ گیا

پشاور (نمائندہ دنیا انٹرنیشنل) نسیم علی زئی کے کزن جمشید خان اپنی اہلیہ اور دو سالہ بیٹے کے ساتھ سیاحت کے لئے بالاکوٹ جا رہے تھے کہ راستے میں ان کی گاڑی اچانک بے قابو ہو کر پہاڑ سے نیچے کھائی میں گر گئی۔ حادثے میں جمشید خان اور ان کی اہلیہ جاں بحق ہو گئے جبکہ ان کا دو سال کا بیٹا معجزانہ طور پر بچ گیا۔ پاکستانی امریکن کمیونٹی نیویارک کی معروف سماجی و کاروباری شخصیات نسیم خان علی زئی (چیئرمین علی زئی فاؤنڈیشن)، نعیم خان علی زئی، وحید خان علی زئی، ظفر خان علی زئی، سعید خان علی زئی اور ابرار خان علی زئی کے کزن جمشید خان اور انکی زوجہ پاکستان میں ایک کار حادثے میں وفات پا گئے ہیں۔ ... قبرستان میں سپرد خاک کیا جائیگا۔ پاکستانی امریکن کمیونٹی اور علی زئی برادران کے دوست احباب نے گہرے دکھ اور غم کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائیں اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں۔ ادارہ دنیا انٹرنیشنل اور گلوبل ٹی وی کے چیف ایگزیکٹیو زاہد حسین منظور حسین اور عبدالصمد خان نے غم اور

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 1﴾

پاکستانی پاسپورٹ بتدریج ترقی کے بعد ٹاپ 100 پاسپورٹس میں شامل ہوگیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستانی پاسپورٹ بتدریج ترقی کے بعد ٹاپ 100 پاسپورٹس میں شامل ہوگیا، ہینلے پاسپورٹ انڈیکس کی جانب سے سال 2025 کی رینکنگ جاری کردی گئی، پاکستانی پاسپورٹ پر شہری 32 ممالک میں ویزا فری سفری سہولت بھی حاصل کرسکیں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ہینلے پاسپورٹ انڈیکس میں سنگاپور کا پاسپورٹ دنیا بھر میں سرفہرست رہا ہے، جاپان اور جنوبی کوریا کا پاسپورٹ مشترکہ طور پر دوسرے اور ڈنمارک کا پاسپورٹ تیسرے نمبر پر ہے۔ فن لینڈ، فرانس، جرمنی، آئرلینڈ، اٹلی اور اسپین کے پاسپورٹس نے بھی مشترکہ طور پر تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ ترکیہ کا پاسپورٹ 49، چین کا 64 اور بھارت کا پاسپورٹ 82 ویں نمبر پر ہے۔ یمن، عراق، شام اور افغانستان بالترتیب 100، 101، 102 اور 103 نمبر پر ہیں۔ ہینلے پاسپورٹ انڈیکس کی جانب سے سال 2025 کی رینکنگ جاری کردی گئی، پاکستانی پاسپورٹ پر شہری 32 ممالک میں ویزا فری سفری سہولت بھی حاصل کرسکیں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ہینلے پاسپورٹ انڈیکس میں سنگاپور کا پاسپورٹ دنیا بھر میں سرفہرست رہا ہے۔

جسٹس سرفراز ڈوگر اسلام آباد ہائیکورٹ کے سینئر ترین جج قرار

ایوان صدر نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز کی نئی سینیارٹی لسٹ بھی جاری کردی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ججز ٹرانسفر کیس کا فیصلہ آنے کے بعد بڑی پیش رفت سامنے آگئی ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے جسٹس سرفراز ڈوگر کو اسلام آباد ہائی کورٹ کا سینئر ترین جج ڈکلیئر کردیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی جسٹس سرفراز ڈوگر سمیت دیگر دو ججز کے تبادلے کو بھی مستقل قرار دے دیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ سپریم کورٹ کی جانب سے 19 جون کو سنائے گئے مختصر حکم کے تسلسل میں سامنے آیا ہے، جس میں عدالت نے ججز کے تبادلوں اور سینیارٹی کے تعین کا اختیار صدر مملکت کو سونپا تھا۔ اب ایوان صدر کی جانب سے اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز کی نئی سینیارٹی لسٹ بھی جاری کردی گئی ہے۔ نئی سینیارٹی لسٹ کے مطابق جسٹس سرفراز ڈوگر اسلام آباد ہائی کورٹ کے سینئر ترین جج ہوں گے، جبکہ جسٹس خادم حسین سومرو دوئم اور جسٹس محمد آصف گیارہویں نمبر پر فائز ہوں گے۔ اسی طرح جسٹس محسن اختر کیانی سنیارٹی میں دوسرے نمبر پر اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب کا سنیارٹی میں تیسرا نمبر ہوگا۔ دوسری جانب اسلام آباد ہائی کورٹ کے پانچ ججز جسٹس محسن اختر کیانی، جسٹس بابر ستار، جسٹس طارق جہانگیری، جسٹس سردار اعجاز اسحاق اور جسٹس ثمن رفعت امتیاز نے اس فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں انٹرا کورٹ اپیل دائر کر دی ہے۔ یہ اپیل معروف قانون دان منیر اے ملک کی وساطت سے دائر کی گئی ہے، جس میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ 19 جون کا فیصلہ کالعدم قرار دیا جائے اور اپیل پر فیصلہ آنے تک اس فیصلے پر عملدرآمد روک دیا جائے۔

TENDER NOTICE

Invitation of Proposals for Consulate General of Pakistan for Medical and Dental Insurance of Employees

The Consulate General of Pakistan, New York, invites sealed proposals for Medical and Dental insurance of its employees.

Interested companies may submit their proposals directly or through licensed brokers to the address below by July 15, 2025 (11:00 AM). Proposals will be opened the same day at 3:00 PM in the presence of bidders or their representatives.

As per Pakistan Public Procurement Regulatory Authority (PPRA) Rule 33 (1), the Consulate General reserves the right to

For further information, including employee census, please contact:

Head of Chancery
Consulate General of Pakistan
12 E 65th Street, New York, NY – 10065
Tel: 1-212-879-5800
Fax: 1-212-517-6987
Email: consul@pakistanconsulateny.org

امریکا نے پاکستانیوں کے لیے ویزہ شرائط مزید سخت کر دیں

یہ ہدایات امریکی قونصل خانوں کراچی اور لاہور کی جانب سے انسٹاگرام پر جاری کی گئیں

کراچی، لاہور (نامہ نگار) امریکی حکومت نے پاکستانی شہریوں کے لیے ویزہ شرائط سخت کر دی ہیں اور اسٹوڈنٹ اور تبادلہ پروگرام کیٹگریز کی درخواست دینے والوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کو پبلک کریں تاکہ امریکی حکام ان کی شناخت اور سیکورٹی ویٹنگ کر سکیں۔ یہ ہدایات امریکی قونصل خانوں کراچی اور لاہور کی جانب سے انسٹاگرام پر جاری کی گئیں، جو اس سے پہلے دہلی میں امریکی سفارتخانے کی جانب سے جاری کی گئی ہدایات کی توسیع ہیں۔ بیان کے مطابق، تمام افراد جو F، M یا J کیٹگری کے غیر امیگریشن ویزا کے لیے درخواست دے رہے ہیں، وہ اپنے تمام سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے پرائیویسی سیٹنگز کو پبلک پر سیٹ کریں تاکہ ان کی شناخت اور امریکہ میں داخلے کے اہل ہونے کی تصدیق کی جاسکے۔ واضح رہے کہ 2019 سے امریکہ تمام ویزہ درخواست دہندگان سے سوشل میڈیا کی معلومات (اکاؤنٹ ہینڈلز) طلب کرتا رہا ہے، لیکن اب یہ شرط سختی سے لاگو کی جارہی ہے۔ حکام کے مطابق، سوشل میڈیا معلومات نہ دینا یا جھوٹی معلومات فراہم کرنا ویزہ انکار اور مستقبل میں نااہلی کا سبب بن سکتا ہے۔ F اور M ویزے امریکی تعلیمی اداروں میں داخلے کے لیے جاری کیے جاتے ہیں، جبکہ J ویزا تبادلہ پروگرامز میں شامل افراد کے لیے مخصوص ہے۔ یہ اقدام صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کی جانب سے اسٹوڈنٹ ویزہ سسٹم کی بحالی اور سیکورٹی چیکنگ کو سخت بنانے کی پالیسی کے تحت سامنے آیا ہے۔

وزیر اعظم کی پی ٹی آئی کو ایک بار پھر مذاکرات کی پیشکش

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اعظم شہباز شریف نے ایک بار پھر پی ٹی آئی کو مذاکرات کی پیشکش کردی۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز قومی اسمبلی اجلاس میں وزیر اعظم نے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر سے کہا بیٹھ کر بات کرتے ہیں، مذاکرات ہی تمام چیزوں کا حل ہے، پہلے بھی آپ کو کہا ہے کہ بیٹھ کر بات کرلیں جس کے

پاکستان کے ڈیفالٹ رسک کا خطرہ 59 سے 47 فیصد پر آگیا، بلوم برگ



اسرائیل ایران تنازعہ حل، امن و خوشحالی کے دروازے کھلیں گے، وزیراعظم

ایران پر حالیہ اسرائیلی جارحیت کے دوران پاکستان نے ایرانی حکومت و برادر عوام کے ساتھ ہر سطح پر مکمل یکجہتی کا اظہار کیا

پاکستان پر بھارت کی حالیہ بلاجواز جارحیت میں اللہ رب العزت نے قومی یکجہتی کے باعث ہمیں شاندار فتح سے ہمکنار کیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان پر بھارت کی حالیہ بلاجواز جارحیت میں اللہ رب العزت نے ہمیں شاندار فتح سے ہمکنار کیا، افواج پاکستان، پوری سیاسی قیادت، عوام، سول سوسائٹی اور میڈیا نے یکجہتی سے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا، اسرائیل ایران تنازعے کے حل سے خطے میں امن و خوشحالی کے دروازے کھلیں گے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 2﴾

حج 2026ء کیلئے عازمین کی رجسٹریشن شروع کردی گئی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزارت مذہبی امور نے کہا ہے کہ حج 2026ء کے لیے عازمین کی رجسٹریشن شروع کردی گئی ہے جو 9 جولائی تک جاری رہے گی۔ وزارت مذہبی امور نے کہا کہ حج رجسٹریشن کے لیے کوئی فیس ادا نہیں کرنی ہوگی، حج 2026ء کے لیے قبل از وقت رجسٹریشن کرانا لازمی ہے۔ سرکاری اور نجی دونوں اسکیموں کے لیے عازمین حج کی رجسٹریشن کرانا لازمی ہے، بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے بھی رجسٹریشن کرانا لازمی ہے۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق رجسٹریشن کروانے والے درخواست گزار ہی حج 2026ء کے اہل تصور ہوں گے، حج رجسٹریشن ملک بھر میں منظور شدہ 15 بینکوں سے کرائی جاسکتی ہے۔

پاکستان کا پہلا اے آئی ڈیٹا سینٹر متعارف کرادیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ڈیٹا والٹ پاکستان نے کراچی میں ملک کے پہلے مصنوعی ذہانت پر مبنی ڈیٹا سینٹر کا باضابطہ طور پر افتتاح کردیا جو ایک انقلابی اقدام ہے اور ملک میں اے آئی کی ترقی، نفاذ اور توسیع کے طریقے کو بدل کر رکھ دے گا۔ یہ جدید ترین سہولت پاکستان کے اے آئی ایکو سسٹم کے وژن کو حقیقت میں بدلنے کے لیے تیار کی گئی ہے، جو اسٹارٹ اپس، محققین، کاروباری اداروں اور سرکاری اداروں کے لیے شاندار انفرااسٹرکچر فراہم کرتی ہے۔ ہائی پرفارمنس GPU کمپیوٹنگ سے لے کر محفوظ کلاؤڈ ماحول تک، ڈیٹا والٹ اب ملک میں ہی جدید AI جدت کی راہ ہموار کر رہا ہے۔

صحابہ اکرامؓ اور اہل بیتؓ ہمارے سروں کے تاج ہیں، سنی علماء کونسل

صحابہ اکرامؓ اور اہل بیتؓ میں سے کسی ایک کی بھی توہین کرنا بدترین اسلام دشمنی ہے

لاہور (نامہ نگار) صدر سنی علماء کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ صحابہ اکرامؓ اور اہل بیتؓ ہمارے سروں کے تاج ہیں، سنی علماء کونسل محرم کے ایام میں سیدنا فاروق اعظمؓ، سیدنا حسنؓ سیدنا حسینؓ کے پیغام کو عام کرے گی محرم میں قیام امن کیلئے علماء منبر و محراب کے سے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اسلام معاشرے میں رواداری کا درس دیتا ہے اور خلفایات کی نشاندہی کرنا اسلام کی تعلیمات ہیں، محرم الحرام میں قیام امن کے لیے ہر شہری اپنا بنیادی کردار ادا کرے ملک دشمن قوتیں ہماری یکجہتی اور اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کے درپے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انبیائے کرام، اصحاب رسول ﷺ، ازواج مطہراتؓ اور اہل بیت اطہارؓ کے تقدس کو ملحوظ رکھنا ایک فریضہ ہے اور جو شخص ان مقدسات کی توہین و تکفیر کرے گا تمام مکاتب فکر اس سے برات کریں اور جو شخص صحابہ اکرامؓ اور اہل بیتؓ کی توہین کرے انتظامیہ اس شخص کے خلاف فوری کارروائی کرے۔

عالمی عدالت کے فیصلے نے مودی سرکار کو آئینہ دکھا دیا، شیری رحمان

پرمننٹ کورٹ آف آربیٹریشن کا فیصلہ پاکستان کے مؤقف کی جیت ہے، بیان

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے پرمننٹ کورٹ آف آربیٹریشن کا فیصلہ خوش آئند قرار دیا۔ اپنے بیان میں شیری رحمن نے کہا کہ پرمننٹ کورٹ آف آربیٹریشن کا فیصلہ پاکستان کے مؤقف کی جیت ہے، بھارت سندھ طاس معاہدے کو معطل نہیں کرسکتا، عالمی عدالت کے فیصلے نے مودی سرکار کو آئینہ دکھا دیا۔ انہوں نے کہا کہ عالمی عدالت نے بھارت کی یکطرفہ ہٹ دھرمی کو غیرقانونی قرار دے دیا، ثالثی عدالت کا کردار محدود کرنے کی بھارتی کوشش ناکام ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ عالمی عدالت کے فیصلے میں واضح کہا گیا کہ بھارت کو معاہدہ اکیلے ختم کرنے کا کوئی حق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ قائم رہے گا، بھارت کو اختیار نہیں کہ وہ اسے معطل کرسکے۔ فیصلے نے ثابت کردیا کہ بھارت طاقت کے زور پر بین الاقوامی معاہدوں کو روند نہیں سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ثالثی عدالت کا تشکیل پاکستان کے حق میں انصاف کی علامت ہے، بھارت کو اب عالمی قوانین کا احترام کرنا ہوگا۔

پاکستانی ہونہار طالبہ علینہ اظہر کو ایک اور عالمی ایوارڈ سے نواز دیا گیا

وہ استنبول بلگی یونیورسٹی سے انٹرنیشنل ریلیشنز میں بیچلر کی ڈگری حاصل کرچکی ہیں

بنکاک (نیوز ڈیسک) پاکستان کی ہونہار طالبہ اور سماجی کارکن علینہ اظہر کو بنکاک میں اقوام متحدہ کے زیراہتمام منعقدہ ایک تقریب میں "گلوبل ایڈووکیٹ آف پیس ایوارڈ" سے نوازا گیا۔ یہ اعزاز انہیں عالمی تنظیم "وائس فار رائٹس" کی جانب سے ان کی غیرمعمولی سماجی خدمات کے اعتراف میں دیا گیا۔ علینہ اظہر کو 2019ء میں لیڈی ڈیانا ایوارڈ سے بھی نوازا جاچکا ہے۔ آسٹریلین بالی فیشن اور کلچرل آرٹ آرگنائزیشن نے انہیں "انڈر 25 اور 25" کی فہرست میں شامل کررکھا ہے، وہ استنبول بلگی یونیورسٹی سے انٹرنیشنل ریلیشنز میں بیچلر کی ڈگری حاصل کرچکی ہیں۔ ایوارڈ وصول کرنے کے بعد علینہ نے کہا کہ میں یہ اعزاز اپنے وطن کے عوام کے نام کرتی ہوں۔

ذوالفقار علی بھٹو کی روح ایک بار پھر قبر میں بے چین ہوگئی ہوگی، بیرسٹر سیف

مخصوص نشستوں کا فیصلہ ملک میں رائج نظام انصاف کا مذاق اُڑانے کے مترادف ہے

سپریم کورٹ کا حالیہ فیصلہ ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی کے فیصلے سے زیادہ بدتر ثابت ہوگا

پشاور (نامہ نگار) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر برائے اطلاعات و تعلقات عامہ بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے کہ مخصوص نشستوں کا فیصلہ ملک میں رائج نظام انصاف کا مذاق اُڑانے کے مترادف ہے، سپریم کورٹ کا حالیہ فیصلہ ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی کے فیصلے سے بھی زیادہ بدتر ثابت ہوگا۔ اپنے دفتر سے جاری بیان میں بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا کہ 26 ویں آئینی ترمیم نے ایسے فیصلوں کی راہ ہموار کی ہے۔ مخصوص نشستوں کا حالیہ فیصلہ بھٹو کی پھانسی کے فیصلے کی توثیق کے مترادف ہے۔ پیپلز پارٹی نے 26 ویں آئینی ترمیم پاس کرکے بھٹو کی پھانسی جیسے فیصلوں کی توثیق کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو جب 26 ویں ترمیم کی منظوری کے بعد کے لہرا رہا تھا، وہ کے دراصل بھٹو کی قبر پر برس رہے تھے۔ ذوالفقار علی بھٹو کی روح ایک بار پھر قبر میں بے چین ہو گئی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جعلی حکمرانوں نے ایک شخص سے بغض میں پورے ملک کے نظام انصاف کو داؤ پر لگا دیا ہے۔ سیاسی مافیا نے عدلیہ کو بھی اپنی سیاست کی بھینٹ چڑھا دیا ہے، جعلی حکمران قومی مفادات کو ذاتی مفادات پر قربان کر رہے ہیں۔ بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے مزید کہا کہ مافیا اقتدار سے چمٹے رہنے کے لئے ہر حد تک جاسکتے ہیں۔ اقتدار کے بغیر یہ مافیاز زندگی بسر نہیں کرسکتے اور اگر اقتدار میں نہ ہوں تو پھر عوام کے ٹیکسوں سے باہر بنائے محلات میں بسیرا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں اب آئین و قانون نام کی کوئی چیز باقی نہیں رہی، مینڈیٹ چور ملک کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف ملک کی مقبول جماعت ہے اور 8 فروری کے الیکشن میں کلین سویپ کیا تھا تاہم فارم 47 کے ذریعے نتائج تبدیل کردیے گئے اور اب مخصوص نشستیں بھی پاکستان تحریک انصاف سے چھین لی گئیں۔

شمالی وزیرستان خودکش حملہ، 13 جوان شہید، 14 خوارج ہلاک

شمالی وزیرستان میں بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے بزدلانہ خودکش حملے میں سیکیورٹی فورسز کے 13 جوان شہید ہوگئے

سیکیورٹی فورسز قوم کے شانہ بشانہ بھارتی سرپرستی میں ہونیوالی دہشتگردی کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (نامہ نگار) خیبر پختونخوا کے ضلع شمالی وزیرستان میں بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے بزدلانہ خودکش حملے میں سیکیورٹی فورسز کے 13 جوان شہید ہوگئے جبکہ جوابی کارروائی میں 14 خوارج مارے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق بھارت کی سرپرستی میں کام کرنے والے دہشتگرد گروہ فتنہ الخوارج نے شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی میں سیکیورٹی فورسز کے قافلے پر ایک بزدلانہ حملہ کیا۔ خودکش حملہ آور نے بارود سے بھری گاڑی سیکیورٹی فورسز کے قافلے سے ٹکرانے کی کوشش کی، تاہم اگلی گاڑی میں موجود جوانوں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے حملے کو ناکام بنانے کی کوشش کی۔ حملہ آور کی ناکامی کے بعد خوارج نے ایک اور بارودی گاڑی فورسز کی

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 3﴾

کراچی: گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے سجادہ نشین دربار عالیہ عیدگاہ شریف پیر حسان حبیب الرحمٰن ملاقات کررہے ہیں

مارکو روبیو نے شہباز سے مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر بات کی، امریکا

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) ترجمان امریکی محکمہ خارجہ ٹیمی بروس نے کہا ہے کہ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے وزیراعظم شہباز شریف سے مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر بات کی ہے۔ واشنگٹن میں پریس بریفنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ وزیر خارجہ مارکو روبیو نے زور دیا کہ ایران کبھی بھی نیوکلیئر ہتھیار نہ تو بنا سکتا ہے اور نہ انہیں حاصل کرسکتا ہے۔ ٹیمی بروس کے مطابق دونوں رہنماؤں نے اسرائیل اور ایران کے درمیان دائمی امن اور علاقائی استحکام کے لیے مل کر کام کرنے کی اہمیت تسلیم کی۔ کچھ دیر قبل امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے وزیراعظم شہباز شریف کو فون کیا تھا۔ وزیراعظم ہاؤس کے اعلامیے کے مطابق وزیراعظم نے ایران اسرائیل جنگ بندی کروانے میں صدر ٹرمپ کے کردار کو سراہا۔

وزیر داخلہ سے امریکی سفیر کی ملاقات، امن کیلئے پاکستانی کوششوں کی تعریف

پاکستان قابل اعتماد دوست ہے، امریکا پاکستان کیساتھ تعلقات کو اہمیت دیتا ہے، نیٹلی بیکر

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر داخلہ محسن نقوی سے امریکی سفیر نے ملاقات کی اور خطے میں قیام امن کے لیے پاکستان کی کاوشوں کو سراہا۔ پاکستان میں تعینات امریکا کی قائم مقام سفیر نیٹلی بیکر نے وفاقی دارالحکومت میں وزیر داخلہ محسن نقوی سے اہم ملاقات کی، جس میں پاک امریکا تعلقات، باہمی دلچسپی کے امور اور مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران انسداد دہشت گردی اور منشیات کی روک تھام کے حوالے سے اشتراک کار پر بھی بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر علاقائی صورتحال خصوصاً پاک بھارت تناؤ، مشرق وسطیٰ کے حالات اور حالیہ ایران اسرائیل جنگ بندی کے تناظر میں پاک فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ہونے والی ملاقات پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے اس موقع پر ایران اسرائیل جنگ بندی کے لیے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی غیرمعمولی قیادت، موثر کردار اور مخلصانہ کاوشوں کو بھرپور انداز میں سراہا۔ اُن کا کہنا تھا کہ جس طرح امریکی صدر نے پاک بھارت کشیدگی کے بعد ایران اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی میں مثبت کردار ادا کیا، وہ قابل تحسین ہے اور ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ محسن نقوی نے امید ظاہر کی کہ صدر ٹرمپ غزہ میں بھی جنگ بندی کرانے کے لیے اپنا اثر و رسوخ استعمال کریں گے۔ اُن کا کہنا تھا کہ قیام امن کے لیے امریکی صدر کے زبردست اقدامات لائق تحسین ہیں۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پاکستان ہمیشہ سے کشمیر سمیت تمام تنازعات کے پرامن حل کا خواہاں رہا ہے اور کسی بھی ایسے اقدام کا خیر مقدم کرتا ہے جو امن کو فروغ دے۔ قائم مقام امریکی سفیر نیٹلی بیکر نے بھی ملاقات میں پاکستان کی سفارتی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان امریکا کا ایک اہم اور قابل اعتماد دوست ہے۔

مسئلہ کشمیر ایک بار پھر عالمی توجہ کا مرکز بن چکا ہے، خالد مگسی

دنیا پاکستان کو ایک ذمے دار اور امن پسند ریاست کے طور پر تسلیم کر رہی ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی، خالد حسین مگسی سے اسلام آباد میں برطانوی ہائی کمیشن کے اعلیٰ سطحی وفد نے ملاقات کی۔ وفد کی قیادت ہیڈ آف اسٹریٹجک انگیجمنٹ اینڈ انڈر اسٹینڈنگ، مسٹر کرمک ڈرلین نے کی، جبکہ وفد میں سینئر پولیٹیکل ایڈوائزر محترمہ ہدا اکرام اور پرنسپل ایڈوائزر (فارن افیئرز) مسٹر اسماعیل خان شامل تھے۔ ... قائم ہیں۔ انہوں نے عالمی برادری کے ساتھ مل کر امن اور خوشحالی کے لیے کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ عالمی برادری کا پاکستان پر اعتماد بڑھ رہا ہے اور دنیا پاکستان کو ایک ذمہ دار اور امن دوست ملک کے طور پر تسلیم کررہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی تعمیری سفارت کاری کو عالمی سطح پر سراہا جارہا ہے۔ علاقائی ...

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

فیصلہ مایوس کن، نشستیں مینڈیٹ چوروں کو دیدی گئیں، بیرسٹر گوہر

کسی کو ابہام اب نہ رہے ارکان آزاد ہیں وہ سنی اتحاد کونسل کے تصور ہوں گے

پی ٹی آئی کے بغض میں ناانصافی نہ کی جائے، چیئرمین پی ٹی آئی کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ فیصلے سے مایوسی ہوئی، نشستیں مینڈیٹ چوروں کو دیدی گئیں، کسی کو ابہام نہ رہے ہمارے ارکان آزاد ہیں وہ سنی اتحاد کونسل کے ارکان تصور ہوں گے، پی ٹی آئی کے بغض میں ناانصافی نہ کی جائے، کوشش کررہے ہیں جمہوریت کیساتھ رہیں، ہمارا مینڈیٹ چوری ہی سہی مگر ہماری سیٹیں 80 تھیں۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا اہم الیکشن کمیشن گئے، ہمارے 86 ارکان کا نوٹیفکیشن جاری ہوا۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے سے مایوسی ہوئی، ہمارے ایم این ایز اور ایم پی ایز کو آزاد قرار نہیں دیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ ناانصافی پر افسوس ہوا، جدوجہد جاری رکھیں گے، پی ٹی آئی کے بغض میں اتنی ناانصافی نہ کریں، مخصوص نشستوں پر ایم این ایز کا نوٹیفکیشن ہوچکا تھا اور کسی نے اسے چیلنج نہیں کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں امید تھی کہ یہ سیٹیں واپس ملیں گی کیونکہ سپریم کورٹ کے آٹھ ججوں نے یہ سیٹیں ہمیں دی تھیں مگر نشستیں لے کر مینڈیٹ چوروں کو دے دی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے لارجر بینچ کے طریقہ کار کی پیروی

ملکی سیاست میں اہم پیشرفت متوقع، وزیراعظم کی چوہدری نثار سے ملاقات

وزیراعظم شہباز شریف کی چوہدری نثار علی خان کو (ن) لیگ میں واپس آنے کی دعوت

راولپنڈی (نامہ نگار) وزیراعظم شہباز شریف نے سابق وفاقی وزیر داخلہ چوہدری نثار سے راولپنڈی میں ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی، دونوں رہنماؤں نے سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ملکی سیاست میں اہم پیش رفت کا امکان ہے، وزیراعظم شہباز شریف مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق وزیر داخلہ چوہدری نثار سے ملاقات کے لیے ان کی رہائش گاہ پہنچے۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے چوہدری نثار سے اہم ملاقات کی، ملاقات میں چوہدری نثار کے صاحبزادے تیمور علی خان بھی موجود تھے جبکہ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے چوہدری نثار علی خان کو (ن) لیگ میں واپس آنے کی دعوت دی۔ وزیراعظم نے چوہدری کی خیریت دریافت کی۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ چوہدری صاحب آپ تو ہمیں بھول ہی گئے۔ اس پر چوہدری نثار نے جواب دیا نہیں نہیں میاں صاحب، بس طبیعت ٹھیک نہیں رہتی۔ ملاقات کے بعد وزیراعظم چوہدری نثار کی رہائش گاہ سے واپس روانہ ہوگئے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور سابق وفاقی وزیر چوہدری نثار کی 8 برس کے دوران یہ دوسری ملاقات تھی، دونوں رہنماں کی گزشتہ برس 7 سال بعد پہلی ملاقات ہوئی تھی۔ ذرائع کا دعویٰ ہے کہ شہباز شریف چوہدری نثار کی ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت کرنے گئے تھے۔

جس قوم کے پاس بہادر بیٹے ہوں اسے دشمن شکست نہیں دے سکتا، محسن نقوی

بنوں (نامہ نگار) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ جس قوم کے پاس بہادر بیٹے ہوں اسے دشمن شکست نہیں دے سکتا۔ محسن نقوی نے سی ایم ایچ بنوں میں شمالی وزیرستان میں دہشتگردوں کے حملے میں زخمی ہونے والے جوانوں کی عیادت کی۔ انہوں نے زخمی جوانوں کی خیریت دریافت کی اور ان کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔ آئی جی خیبرپختونخوا ذوالفقار حمید نے بھی زخمیوں کی عیادت کی۔ اس موقع پر محسن نقوی نے کہا کہ آپ کا حوصلہ دیکھ کر دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ہمارا عزم مزید مضبوط ہوا، آپ کا غیرمعمولی جذبہ دیکھ کر ہمارا سر فخر سے بلند ہوگیا۔

صحابہ کرامؓ اور اہلِ بیتؓ سے محبت ایمان کا لازمی جزو ہے، محمد سلیم قادری

جو دل صحابہ کرامؓ اور اہلِ بیتؓ کی محبت سے خالی ہو، وہ دراصل ایمان سے خالی ہوتا ہے

لاہور (نامہ نگار) پاکستان سنی تحریک لاہور کے جوائنٹ سیکریٹری، محمد سلیم قادری نے کہا ہے کہ پاکستان سنی تحریک کے زیراہتمام جامع مسجد نور مصطفیٰ میں محرم الحرام کے ایام کے دوران روزانہ محافل شان صحابہؓ و اہل بیتؓ کا انعقاد کیا جائے گا جن میں مسلک اہل سنت کے جید علمائے کرام صحابہ کرامؓ اور اہل بیتؓ کی عظمت و فضیلت پر روشنی ڈالیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صحابہ کرامؓ اور اہل بیتؓ سے محبت ایمان کا لازمی جزو ہے۔ نبی کریم ﷺ کی محبت، اور آپ ﷺ کے صحابہ و اہل بیت سے عقیدت کے بغیر ایمان مکمل نہیں ہوسکتا۔ جو دل صحابہ کرام اور اہل بیت کی محبت سے خالی ہو، وہ دراصل ایمان سے خالی ہوتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حضرات صحابہ کرامؓ و اہل بیتؓ نے جس انداز سے اپنی زندگیاں اسلام اور سنت نبوی ﷺ کے مطابق گزاریں، وہ تمام مسلمانوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ ان عظیم ہستیوں کی سیرت ہمارے لیے عمل، ایثار، قربانی اور اتحاد کا نمونہ ہے۔ محرم الحرام صرف غم کا مہینہ نہیں بلکہ صحابہؓ و اہل بیتؓ کی قربانیوں سے سبق لینے اور امت کو وحدت، اخوت اور ایثار کے پیغام پر متحد کرنے کا مہینہ ہے۔ پاکستان سنی تحریک اس مقصد کے تحت معاشرے میں مذہبی رواداری، اتحاد امت اور محبت صحابہؓ و اہل بیتؓ کو فروغ دینے کے لیے یہ محافل منعقد کررہی ہے۔ نبی کریم ﷺ کی محبت، اور آپ ﷺ کے صحابہ و اہل بیت سے عقیدت کے بغیر ایمان مکمل نہیں ہوسکتا۔ جو دل صحابہ کرام اور اہل بیت کی محبت سے خالی ہو، وہ دراصل ایمان سے خالی ہوتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حضرات صحابہ کرامؓ و اہل بیتؓ نے جس انداز سے اپنی زندگیاں اسلام اور سنت نبوی ﷺ کے مطابق گزاریں۔

پاکستان، منشیات استعمال کرنے والوں کی تعداد بڑھنے لگی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان میں تمباکو، چرس، ہیروئن، آئس اور انجکشن سمیت دیگر منشیات استعمال کرنے والوں کی تعداد میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے، خواتین کی بڑی تعداد بھی نشے کی لت میں مبتلا ہورہی ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق 2007ء میں یہ تعداد 90 ہزار تھی جو اب بڑھ کر 5 لاکھ تک جاپہنچی ہے۔ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر ثاقب باجوہ کا کہنا ہے کہ حکمران منشیات تیار اور سپلائی کرنے والوں پر قابو پاکر نوجوان نسل کو اس لعنت سے بچا سکتے ہیں۔ پاکستان میں تمباکو، چرس، ہیروئن، آئس اور انجکشن سمیت دیگر منشیات استعمال کرنے والوں کی تعداد میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے۔

MANHATTAN
REPRODUCTIVE MEDICINE
INFERTILITY CLINIC IN MANHATTAN • MANHATTANIVF, COM
We Help Our Patient Become Happy Parents
بانجھ پن اب لاعلاج مرض نہیں
Hope for the Hopeless couples
آپ کے اپنے جرثومے ہی استعمال کرکے اولاد پیدا کرنے میں مدد کی جاتی ہے
مرد یا عورت میں بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت پر شبہ ہے؟
بچہ پیدا کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے؟
حمل گر جاتا ہے؟ حمل ٹھہرتے ہی ضائع ہوجاتا ہے؟
میڈیکل سائنس ان تمام مشکلات کا حل رکھتی ہے
FREE CONSULTATION WITH THIS ADD
ALL TREATMENTS FOR MALE AND FEMALE INFERTILITY IN VITRO FERTILIZATION
Pregnancy Losses
Miscarriages Sex Selection
ہم اپنے مریضوں کو خوش اور مطمئن والدین بننے میں مدد کرتے ہیں
اس اشتہار کا حوالہ دینے والوں کو مفت مشورہ کی سہولت دی جائے گی
مناسب پیمنٹ پلان کی سہولت
Ph: 212-794-0080
159 E 74 Street, Suite C New York NY 10021

LASANI
RESTAURANT
IN THE HEART OF MANHATAN
TURKISH, AFGHANI, ITALIAN AND CHINESE CATERING AVAILABLE
لاثانی ریسٹورنٹ
100 فیصد حلال
فریش نیو فروزن، چکن جائرو، لیمب جائرو، بیف جائرو
حفظانِ صحت کے عین اصولوں کے مطابق پاکستان کے چاروں صوبوں کے تازہ ترین اور خوش ذائقہ کھانے تازہ سبزیاں اور تازہ حلال میٹ
ہم ٹرائی اسٹیٹ میں پاکستانی، انڈین، ترکش، افغانی، اٹالین اور چائنیز کیٹرنگ میں اپنا ایک معیار رکھتے ہیں
انتہائی مناسب ریٹ عمدہ سروس اور آپ کی مرضی کے عین مطابق کیٹرنگ
100 ذبیحہ حلال
MUTTON KORMA
CHICKEN KORMA
KARAHI GOSHT
HALEEM
SHAMI KABAB
SEEKH KABAB
BIRYANI
PULLAOW
SAAG
TELL: 212-683-3737 رابطہ کیجئے: سلطانہ
15 WEST 20TH STREET, NEW YORK, NY 10001

HERBAL HOMEO
CENTER
Our Services:
1- Homeopathic Medicine
2- Herbal Medicine
3- Tibba Nabvi
4- Hijama
We Deliver All Over The World
HAKEEM MOHAMMAD ILYAS
Consultant Homeopathic & Ayurvedic Medicine
Member American Alternative Medical Association
929 320 6200
herbalhomeo@gmail.com /Herbalhomeo
866 Coney Island Avenue
Brooklyn NY 11214

Online Institute آن لائن انسٹیٹیوٹ
AL NOOR QURAN ACADEMY
النور قرآن اکیڈمی
فزیکل ہوم ٹیوشن کی سہولت بھی موجود ہے
Learn Quran Online With Proper Tajweed & Quran & Nimaz And Other Islamic Prayers
One To One Online Classes Via Skype Or Whatsapp For Kids & Adults Who Are Interested In Learning Holy Quran With Correct Tajweed.
• قرآن پاک بمع حفظ، ناظرہ، تجوید، ترجمہ، نماز، جنازہ کی دعائیں
• مکتب اہل سنت کے بنیادی عقائد اب آن لائن گھر بیٹھے آسانی سے سیکھیں
• جو پاکستانی فیملیز ملک سے باہر ہیں اور اپنے بچوں کی دینی تعلیم کیلئے فکرمند ہیں ان کے لیے زبردست سہولت ہے
Class 1 to 5 Days a Week
Weekend Classes Are Also Available
Class and Time of Your Choice
عمر کی کوئی قید نہیں ہے
رابطہ: WhatsApp: 0313 5193200
Skype: zahir.naqvi2

خوشخبری خوشخبری
NY بینکویٹ ہال
NY BANQUET HALL
آپ کے تمام ایونٹس کیلئے خوبصورت اور کشادہ ہال
ووڈ برج، ورجینیا میں خوبصورت ہال کا
شاندار افتتاح
NY BANQUET HALL FOR 300 PEOPLE
300 افراد کی گنجائش
WE DO CATERING. BANQUET HALL AVAILABLE FOR ALL KIND OF PARTIES. RENT OUR BANQUET HALL FOR ALL FUNCTIONS
ووڈ برج ورجینیا میں حلال امریکن اور پاکستانی کھانوں کا ایک ہی نام
NEW YORK PIZZA
GRILL KABOB
100% ذبیحہ حلال
ITALIAN • PAKISTANI • AFGHAN • INDIAN FOOD
Delivery - Take Out - Dining - Banquet Hall
Mithai For Catering Orders
Timings: Monday to Friday
Special Lunch Buffet
11:00 AM to 3:00 PM
شادی بیاہ، سالگرہ اور دیگر تقریبات کی کیٹرنگ کے لیے رابطہ کریں
عامر: 703-517-9085
Please Call Ahead
NYPizzaGrillKabob.com
Order Online:
703-670-2222
13600 Foulger Square, Woodbridge VA 22192

عمران خان جیل میں ہو یا باہر وہی سربراہ رہیں گے، بیرسٹر گوہر PTI

عمران خان ڈٹے ہوئے ہیں، عوام ان کیساتھ ہیں، پارٹی میں کوئی فارورڈ بلاک ہے نہ بانی کے مقابلے میں کوئی گروپ ہے

عمران خان کو جیل میں ہر قسم کی سہولیات سے محروم رکھا گیا ہے، اس کے باوجود وہ ڈٹے ہوئے ہیں، عوام ان کے ساتھ ہیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ عمران خان جیل میں ہوں یا باہر وہ پی ٹی آئی کے سربراہ ہیں اور رہیں گے، جیل میں سہولیات سے محروم کے باوجود عمران خان ڈٹے ہوئے ہیں، عوام ان کے ساتھ ہیں، پارٹی میں کوئی فارورڈ بلاک ہے نہ بانی کے مقابلے میں کوئی گروپ ہے۔

(باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 9)

بھارتی کرپٹو پالیسی ناکام، پاکستانی حکمت عملی عالمی سطح پر کامیاب قرار

بھارتی کرپٹو پالیسی نے نوجوانوں کیلئے عالمی ڈیجیٹل مواقع کے دروازے بند کردیئے

بلوچستان کے مختلف علاقوں میں شدید زلزلہ، 21 مکانات تباہ، 4 افراد زخمی

خوف و ہراس پھیل گیا، متاثرہ علاقوں میں امدادی ٹیمیں روانہ کر دی گئی ہیں، ریسکیو ذرائع

پنجاب بھر میں بارش اور آندھی سے تباہی، 7 بچوں سمیت 12 افراد جاں بحق

زیادہ تر اموات چھتیں اور دیواریں گرنے کے واقعات کے نتیجے میں ہوئیں، پی ڈی ایم اے

لاہور (نامہ نگار) لاہور سمیت پنجاب بھر میں حالیہ موسلا دھار بارشوں اور تیز آندھی کے باعث مختلف حادثات میں 7 بچوں سمیت 12 افراد جاں بحق اور 39 افراد زخمی ہو گئے ہیں۔

پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن کو نیا دھچکا لگ گیا، اجلاس بلانے کا اختیار ختم

26 اراکین کی معطلی کے بعد ایوان میں حکومت پر دباؤ ڈالنے کی حکمت عملی بے اثر ہوگئی

افغانستان میں 6 ملین ڈالر کے زرعی منصوبے شروع کیے ہیں، جاپانی سفیر

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر زراعت، آبپاشی و مالداری، مولوی عطا اللہ عمری سے افغانستان میں جاپان کے سفیر تاکایوشی کورمایا نے ملاقات کی۔

بزم حرف وسخن کے زیر اہتمام خصوصی تقریب اور محفل مشاعرہ

عالمی شہرت یافتہ مصور خطاط اور شاعر صادقین کو بھرپور خراج عقیدت پیش کیا گیا

ورجینیا (رخ سے) امریکہ میں اردو زبان وادب کے فروغ کیلئے کوشاں تنظیم، بزم حرف وسخن کے زیر اہتمام شہرہ آفاق مصور، خطاط اور شاعر جناب سید صادقین احمد نقوی کی یاد میں چن پارک ریجنل لائبریری، ووڈ برج ورجینیا میں ایک خصوصی تقریب اور محفل مشاعرہ کا انعقاد کیا گیا۔

(باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 10)

غزہ، اسرائیل نے ایک ماہ میں امداد کے منتظر 549 فلسطینیوں کو شہید کردیا

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) غزہ سرکاری میڈیا آفس کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ پچھلے ایک ماہ میں 549 امداد کے منتظر افراد شہید کردیے گئے۔ غزہ کی وزارت صحت کے مطابق اکتوبر 2023 سے جاری اسرائیلی جارحیت میں اب تک 56 ہزار 259 فلسطینی شہید جبکہ 1 لاکھ 13 ہزار 458 زخمی ہوئے ہیں۔

غزہ کی پٹی کے علاقے مشرقی برج میں ایک عمارت پر اسرائیلی فضائی حملے کے بعد دھواں اٹھ رہا ہے۔

اسلام آباد: وزیر داخلہ محسن نقوی سے قائم مقام امریکی سفیر ملاقات کر رہی ہیں۔

بھارتی اجارہ داری نہ پہلے قبول کی نہ آئندہ کرینگے، فیلڈ مارشل کا پیغام

ہم افغانستان سے اچھے تعلقات چاہتے ہیں، ان سے ایک ہی تقاضا ہے وہ ہندوستان کی دہشت گردانہ پراکسیز کو جگہ نہ دیں

معرکہ حق میں کشمیر لائن آف کنٹرول سے لے کر ساحل سمندر تک ہندوستان کی بلاجواز جارحیت کے خلاف بہترین جواب دیا

راولپنڈی (نامہ نگار) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ ہم ہندوستان کو واضح پیغام دیتے ہیں کہ پاکستان نے نہ پہلے ہندوستان کی اجارہ داری قبول کی اور نہ آئندہ کبھی کرے گا۔ 52 ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے افسران سے اہم خطاب کرتے ہوئے چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل

(باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 11)

سپریم کورٹ کے آئینی بینچ کا فیصلہ ملکی تاریخ کا سیاہ ترین فیصلہ ہے، اسد قیصر

یہ فیصلہ نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا کی عدالتی تاریخ میں بدنما داغ کے طور پر یاد رکھا جائے گا، کسی بہتری کی امید رکھنا خام خیالی ہے

(ن) لیگ اور پیپلز پارٹی نے جمہوریت کا جنازہ نکال دیا، (ن) لیگ نے ووٹ کو عزت دو کا نعرہ خود سب سے زیادہ بے عزت کیا

لاہور: پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ، اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان بچھر و لطیف کھوسہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

صوابی (نامہ نگار) سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے سپریم کورٹ کے آئینی بینچ کے حالیہ فیصلے کو ملکی تاریخ کا سیاہ ترین فیصلہ قرار دیتے ہوئے اس پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ویڈیو بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا کی عدالتی تاریخ میں بدنما داغ کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔

(باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 10)

تھائی لینڈ میانمار سرحد کے قریب جبری قید خانوں سے 200 سے زائد غیر ملکی بازیاب

بنکاک (مانیٹرنگ ڈیسک) میانمار میں 200 سے زائد غیر ملکیوں کو ان جبری قید خانوں سے بازیاب کرایا گیا ہے اور اس وقت تھائی لینڈ کے سرحدی علاقے میں پھنسے ہوئے ہیں۔

خیبر پختونخوا، بارش و سیلاب سے 20 اموات، 10 زخمی، ادارے الرٹ

سوات سانحے میں پانچ بچوں، پانچ خواتین سمیت 13 افراد جاں بحق ہوئے، رپورٹ

پشاور (نامہ نگار) خیبر پختونخوا میں حالیہ موسلا دھار بارشوں اور آبی ریلوں سے 8 بچوں اور 5 خواتین سمیت 20 افراد جاں بحق جبکہ 10 زخمی ہو گئے ہیں۔ 57 مکانات کو نقصان پہنچا جس میں 6 مکمل طور پر تباہ ہوئے۔

دبئی مال میں ولی عہد نے تمام افراد کے کھانے کا بل ادا کردیا

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) دبئی میں دنیا کے سب سے بڑے دبئی مال میں ولی عہد شیخ حمدان بن محمد بن راشد المکتوم نے تمام افراد کے کھانے کا بل ادا کر دیا۔

پشاور، دریائے سوات کے کنارے تجاوزات کے خلاف آپریشن کا آغاز

ضلعی انتظامیہ، پولیس اور متعلقہ ادارے مشترکہ آپریشن میں شریک ہیں، ترجمان وزیراعلیٰ

پشاور (نامہ نگار) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کی ہدایت پر دریائے سوات کے کنارے تجاوزات کے خلاف آپریشن کا آغاز کر دیا گیا۔

ایران کی جانب سے خطرہ بڑی حد تک ختم ہوگیا، موساد چیف

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی خفیہ ایجنسی موساد کے سربراہ ڈیوڈ برنیا نے کہا ہے کہ ایران کی جانب سے خطرہ بڑی حد تک ختم ہوگیا ہے۔

ٹرمپ انتظامیہ کا دباؤ، صدر یونیورسٹی آف ورجینیا بھی مستعفی

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کی وفاقی حکومت کے دباؤ پر یونیورسٹی آف ورجینیا کے صدر جیمز رائن کو عہدے سے استعفیٰ دینا پڑ گیا۔

تہران: اسرائیل کے ساتھ جنگ میں شہید ہونے والے ایرانی کمانڈرز اور ایٹمی سائنسدانوں کے جنازوں میں ہزاروں افراد شریک ہیں

ایران کے نیوکلیئر پروگرام کو شدید نقصان پہنچا ہے، سربراہ سی آئی اے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی خفیہ ایجنسی سی آئی اے کے سربراہ جان ریٹ کلیف نے کہا ہے کہ قابل اعتماد انٹیلی جنس موجود ہے کہ امریکی حملوں سے ایران کے نیوکلیئر پروگرام کو شدید نقصان پہنچا ہے۔

پاکستان سکھ میرج ایکٹ منظور کرنے والا دنیا کا پہلا ملک بن گیا

جوڑوں کے کوائف کا اندراج اور کمپیوٹرائزڈ میرج سرٹیفکیٹ جاری کرنے کا آغاز

لاہور (نامہ نگار) پاکستان سکھ میرج ایکٹ منظور اور اس پر عمل درآمد کرنے والا دنیا کا پہلا ملک بن گیا۔

سعودی عرب نے فلسطین کو 30 ملین ڈالر کی نئی امداد فراہم کردی

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب نے 2025 تک فلسطین کی ریاست کے لیے جاری حمایت کے حصے کے طور پر ایک نئی مالی امداد فراہم کی ہے۔ یہ رقم تقریباً 30 ملین ڈالر کی ہے۔

یوم شہادت سیدنا فاروق اعظم

مفتی ڈاکٹر محمد کریم خان

حضرت عبداللہ واپس پہنچے تو حضرت سیدنا عمر نے فرمایا: جب میری روح قفس عنصری سے پرواز کر جائے تو ایک بار پھر حضرت عائشہ صدیقہ سے اجازت مانگنا، اگر وہ بطیب خاطر اجازت دے دیں تو مجھے حجرہ اقدس میں دفن کر دینا اور اگر وہ اجازت نہ دیں تو مجھے مسلمانوں کے عام قبرستان میں لے جا کر دفنا دینا۔

حضرت عمر فاروق کا مدینہ میں آخری خطبہ!

Classified Section

Web: www.dunyaint.com

Contact
718-509-5522
443-370-0804
917-348-3974
412-583-0142
0300 956 8514

Email:
zahidhussain09@hotmail.com
manzhussain72@yahoo.com
vniwvssamad@yahoo.com
razasyeda5@gmail.com

اسپیشل ڈیلز کیلئے
Weekly Dunya International
کی ٹیم سے رابطہ کریں

اپنے بزنس کے ہر قسم کے اشتہارات کی کم قیمت
اور اپنی خواہش کے مطابق ڈیزائننگ اور تشہیر وغیرہ

ضرورت ہے
کامیابی کے ساتھ چلتے ہوئے ریسٹورنٹ کو ایک قصائی کی ضرورت ہے
(مزید معلومات کیلئے درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں)
718-509-5522

Need Cook/Helper — ضرورت ہے
Full time/Part time opportunity available for assistant cook/helper for a family in York County, PA. Flexible schedule.

For more information. Please text your name and leave a message before calling
Please contact
(717)-578-6540

یارک کاؤنٹی کی ایک فیملی کو فل ٹائم/پارٹ ٹائم کک/ہیلپر کی ضرورت ہے
مزید معلومات کے لیے براہ کرم اپنا نام لکھیں اور کال کرنے سے پہلے ایک پیغام چھوڑیں
(717)-578-6540

ضرورت رشتہ
امریکہ میں مقیم دوسری شادی کے خواہشمند 58 سالہ پاکستانی امریکن، جن کی پہلی بیوی وفات پا چکی ہیں کو خاتون کا رشتہ درکار ہے
رابطہ کریں:
718 509 5522
Email: manzhussain72@yahoo.com

OFFICE FOR RENT
Professional Office On The 1st Floor, 4 Rooms On Coney Island Ave/ Foster Ave.
Phone: 347-589-3170

APARTMENT FOR RENT
Apartment For Rent Available 2 Bedrooms Apartment On Coney Island Ave And Foster Ave. Near The Q And B Train: As Well As B8 And B68 Bus.
Phone: 347-589-3170

مقبوضہ جموں و کشمیر میں ہزاروں کشمیری خواتین کو بیوہ بنا دیا گیا

مقبوضہ کشمیر میں بیوگان لاچارگی اور بے بسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں

پیرس (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین جموں و کشمیر فورم فرانس چوہدری نعیم اختر نے کہا ہے کہ بھارت کے زیر قبضہ ریاست جموں کشمیر میں ہزاروں کشمیری خواتین کو بیوہ بنا دیا گیا ہے کشمیری خواتین بھارتی مظالم میں پس رہی ہیں عالمی ادارے تحفظ فراہم کریں ان خیالات کا اظہار انھوں نے گذشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انھوں نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فوجیوں کی دہشت گردانہ کارروائیوں میں ایسے نجس ہزار سے زائد شہریوں کو بھی شہید کیا گیا ہے جن کی بیوگان لاچارگی اور بے بسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بھارتی قابض فوجیوں نے کشمیری خواتین پر تشدد، ظلم اور استحصال کو ہمیشہ جنگی ہتھیار کے طور پر استعمال کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں ستائیس سو کشمیری خواتین آج بھی نیم بیوگی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں جن کے شوہروں کو بھارتی غاصب فوجیوں نے کئی کئی برس قبل گھروں سے اغواء کرنے کے بعد لاپتہ کر دیا ہے ان نیم بیوہ خواتین کو اپنے شوہروں کے زندہ یا شہید ہونے کا آج تک علم نہیں ہو سکا۔

امریکہ میں سیاسی پناہ، قانونی حیثیت اور امیگریشن حاصل کریں

اگر آپ کا امیگریشن کیس، وکیل یا کسی اور وجہ سے خراب ہو گیا ہے تو امریکہ میں قانونی حیثیت امیگریشن پیپرز کی پروفیشنل طریقے سے تیاری اور تکمیل، کیس فائلنگ، پاکستانی کمیونٹی اپنے تمام تر قانونی مسائل، خاص طور پر مرحوم سٹیزن کی بیوہ اور بچوں کے قانونی مسائل چاہے وہ پاکستان میں ہوں یا امریکہ میں، ہم سے رابطہ کریں

رابطہ: Ph: 718 509 5522
Email: manzhussain72@yahoo.com

Sam's Studio
DIGITAL PHOTO GRAPHY

← ہر قسم کے بزنس کی ٹی وی کمرشل
← ویب سائٹ ڈیزائننگ
← بزنس اینی میشن ڈیزائننگ
← پوسٹر فلائرز، بزنس کارڈ، سائن بورڈ
← کیلنڈرز کی گرافک ڈیزائننگ

شادی بیاہ، سالگرہ، اور دیگر تقریبات کے قیمتی لمحات کی جدید اور کم قیمت میں مووی بنوانے کیلئے رابطہ کریں۔

BOOTA DHOOL/بوٹا ڈھول

Cell: 718-509-5522, 917-348-3974 Email: manzhussain72@yahoo.com

---

Available on Rent
4 Bedroom One Bathroom On 3rd Floor Kitchen, LR DR For Only Family Not More Than 4 People $3500 Plus Utilities Corner Of Ave O And Coney Island. Thank You

Contact: +1 646-702-9326

کرائے پر دستیاب ہے
تیسری منزل پر واقع 4 بیڈروم،
ایک باتھ، کچن، لیونگ روم اور ڈائننگ روم کے ہمراہ
صرف 4 افراد پر مشتمل فیملیز رابطہ کریں

Contact: +1 646-702-9326 کارنر آف ایونیو O اینڈ کونی آئی لینڈ۔

خصوصی نوٹ:
قارئین کرام: اگر آپ اپنی تعلیمی، مذہبی، سماجی، سیاسی تقریبات، مصنوعات کی تشہیر، کمیونٹی خدمات و کوریج، خواتین اپنے مسائل و الجھنیں، رشتہ مسائل، قانونی مشاورت و علماء کرام سے رہنمائی اور تعلیمی کاوشیں دنیا انٹرنیشنل کے صفحات پر لانا چاہیں تو دنیا انٹرنیشنل کی نمائندہ، کالم نگار و ایڈیٹر لیڈیز ایڈیشن سیدہ رضا صاحبہ سے رابطہ کریں۔

Email: razasyeda5@gmail.com || www.dunyaint.com

ضرورت رشتہ
45 سال تک کی بیوہ یا طلاق شدہ خاتون کا رشتہ درکار ہے
سنجیدہ افراد رابطہ کریں
رابطہ کریں:
718 509 5522

ضرورت ہے
امریکہ کے ایک پرائیوٹ نیوز چینل کو خاتون اینکر پرسن کی ضرورت ہے جس کو انگلش اور اردو زبان پر عبور حاصل ہو اور ایک عدد ویڈیو ایڈیٹر کی بھی ضرورت ہے
خواہشمند خواتین رابطہ کریں
Ph: 718-509-5522
Email: manzhussain72@yahoo.com

ADVANCE MEDICAL OFFICE

Dr. Arshad Anwar
Internal Medicine (Board Certified)

WE TAKE CARE OF YOUR GOOD HEALTH

ایڈوانس میڈیکل آفس

DR. ARSHAD ANWAR
Internal Medicine (Board Certified)

DR. NAHEED ANJUM
Internal Medicine (Board Certified)

3064 CONEY ISLAND AVE
1235 FIRST FLOOR
PH: 718-769-0506

795 Coney Island Ave
Brooklyn NY 11218
PH: 718-287-1811

جس میں آپ کی تمام جسمانی بیماریوں کے علاوہ E,K,G بلڈ ٹیسٹ، یورین ٹیسٹ، ہالٹر PFT-ECHO DIABETIES (24 HOURS)
ہارٹ پرابلم، جوڑوں کا درد، سانس پھولنے کی بیماری کے علاج کے علاوہ TLC سکول فزیکل ٹیسٹ

حج و عمرہ کی ویکسین بھی کی جاتی ہے

Tell: 718-284-6091 Fax: 347-529-0491

AMERICAN HERBAL NUTRITION & SKIN CARE NATURAL WAY
Tel: 718-581-3898 Find me on facebook
U-Tube: HakeemMohammadHussain
Website: www.hamdardherbal.com; E-Mail: aftay91@gmail.com

ماہر طب مشرق و طب نبوی حکیم سید محمد حسین

مطب ہمدرد پاکستان کے تجربہ یافتہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی طبیہ کالج سے اضافی تجربہ کے حامل اور امریکن ہربل اسکول کے سند یافتہ ہربالسٹ۔ خواتین کے مسائل کو سننے کیلئے خاتون موجود ہیں۔

جسمانی، ذہنی، نفسیاتی امراض ● امراضِ مردانہ و زنانہ ● بچوں میں بھوک نہ لگنے کا مرض۔

ذہنی پسماندگان اور معذور بچوں کی ذہنی نشوونما اور جسمانی بہتری کیلئے قدرتی طریقہ علاج تجویز کیا جاتا ہے

بالٹی مور اور ورجینیا میں رہائش پذیر افراد کیلئے خوشخبری: حکیم صاحب ہر ماہ بالٹی مور اور ورجینیا آیا کریں گے۔ ملاقات و مشورہ کیلئے 718-581-3898 پر رابطہ کر کے دن معلوم کر لیں۔

Fight against Heart Disease, High Blood Pressure, Stroke.
Cardio Vital Liquid — Artery Cleanse Capsule — Zincon Dandruff Shampoo — To Solve Urinary & Prostate Problem. — For Premature ejaculation, Sexual Dysfunction. — AJWA DATES SEEDS TABLETS

To protect yourself from COVID, use Organic Natural Product and follow Natural Health Code of Healthy Living.

حکیم سید محمد حسین کا پیغام صحت ساری امت مسلمہ کیلئے: نماز میں کئی بیماریوں کا علاج موجود ہے نماز اچھی طرح قائم کیجئے تا کہ آپ جسمانی اور ذہنی طور پر تندرست، صحت مند رہیں اور روحانی برکات سے فیض یاب ہوں۔

Available Now

خصوصیات
- آسان فہم انداز
- ابواب کی درجہ بندی
- دینی عقائد
- دینی معلومات
- دنیاوی معلومات

کتاب حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں
Ph: 718-509-5522

کار پارکنگ دستیاب ہے
کار پارکنگ کیلئے جگہ موجود ہے
رابطہ: 718 509 5522

UMRAH SERVICES
عمرہ کے خواہش مند خواتین و حضرات کیلئے Economic Package ہم آپ کے لئے پیش کرتے ہیں اور آپ کی خواہش کو یقینی بناتے ہیں۔
Ph: 718-581-3898

ضروری اعلان
کوئنز، فلشنگ اور گردونواں میں بسنے والے پاکستانی، بنگلہ دیشی اور انڈین اپنے بزرگ مرد حضرات کیلئے حلال سینئر سنٹر کیلئے رابطہ کریں
بزرگ افراد کیلئے تمام سہولیات دستیاب ہیں
برائے رابطہ:
718-509-5522

Syed Zabeeh Hussaini, MD
BRIGHTON MEDICAL PRACTICE, PC
Specialize in Family Practice
Specialize in Adult Medicine
We Do Medical Marijuana
We Participate With Most Major Insurance

ڈاکٹر سید ذبیح حسینی (فیملی میڈیسن)
بڑوں کے ڈاکٹر

امیگریشن چیک اپ — ٹیکسی اور لیموزین چیک اپ — کھانسی، بخار — آنکھ، ناک، گلے کا انفیکشن — جنرل چیک اپ
جلدی امراض — پیٹ کی بیماریاں — جنسی بیماریاں — جوڑوں کا درد — حج اور عمرہ کی ادویات

Timing: Monday to Wednesday 01:00 pm to 06:00 pm / Friday 10:00 am to 01:00 pm

706 BANNER AVE BROOKLYN NY 11235 - Ph: 718-368-3092
1199 Ocean Avenue, 11230 Ph: 718-859-7446

A&S Digital Wireless, Inc
MOBILE REPAIR
WE FIX ALL KIND OF PHONES
WE UNLOCKED PHONE
SEND TOP NOTCH PHONES TO YOUR LOVED ONES

فون اسیسریز کی ہر قسم کی ورائٹی کیلئے دکان میں ضرور تشریف لائیں

Ask For Mughal or Safee
Authorized Dealer
T-Mobile · Lycamobile · SIMPLE Mobile · ultra mobile · H2O WIRELESS · BOSS REVOLUTION

● پاکستان کیلئے **Calling** کا بہترین پیکج
● Talk Text & Data
Unlimited Telenor
Pakistan $20 /Month

ہمارے پاس بڑی تمام کمپنیوں کے موبائل فون اور PRE-PAID کارڈ دستیاب ہیں

Latest Phones And Accessories Available
- Prepaid Phone, Services

Unlimited Talk, Text, Data
- Cellular Phones & Plans

Phone bill Payments
- No Credit - No Problem
- No Debit - No Contract
- $10 Unlimited Calls and Text

منی ٹرانسفر
Money Transfer
ہم پاکستان کے تمام بڑے شہروں میں رقم ٹرانسفر کرتے ہیں

ہم فون فکس کرانے کے ساتھ ٹیبلٹس اور آئی فون بھی ٹھیک کرتے ہیں

We Customize T-shirts
Construction, Sports, Birthdays, Schools Or Any Events.

Open 7 Days

Put Your Logo Here
Customize T-Shirts Here

Tel: 718-769-0418, Fax: 718-769-3167
3070-A Coney Island Ave Brooklyn, NY 11235
E-mail: asdigital3070@gmail.com

MOON-BEAUTY SALON

ہمارے پاس میک اپ، فیشل، ہیئر کٹ، کلر اور ویکس بھی کی جاتی ہے۔
ہم تھریڈنگ بھی کرتے ہیں
پارٹی میک اپ اور دلہن کا میک اپ بھی کیا جاتا ہے۔
209 Neptune Avenue, Brooklyn, NY 11235
Tel: 718-332-2298

مفت اشتہار شائع کروائیں
امریکہ کی دو بڑی ریاستوں نیو یارک اور واشنگٹن ڈی سی سے بیک وقت شائع ہونے والے اور امریکہ کی 15 ریاستوں میں ڈیلیور کیے جانے والے کثیر الاشاعت ہفت روزہ دنیا انٹرنیشنل میں 3 ہفتے کے بعد چوتھے ہفتے کلاسیفائڈ ایڈ مفت شائع کروائیں
Ph: 718 509 5522 (انتہائی موزوں ڈسکاؤنٹ کے ساتھ)

ڈی سیٹ کریں یا جرمانے لگائیں، ہم احتجاج کرینگے، ملک احمد بھچر

ہم وزیراعلیٰ کے سامنے احتجاج نہیں کرینگے تو کس کے سامنے کریں گے؟ اپوزیشن لیڈر

لاہور (نامہ نگار) پنجاب میں قائد حزب اختلاف ملک احمد خان بھچر نے کہا ہے کہ ہم احتجاج کریں گے چاہے ہمیں ڈی سیٹ کردیں یا جرمانے لگا دیں، ہم وزیراعلیٰ کے سامنے احتجاج نہیں کریں گے تو کس کے سامنے کریں گے؟، ہمیں احتجاج سے کوئی نہیں روک سکتا، اسپیکر اسمبلی کی باڈی لینگویج سے لگتا تھا کہ وہ دباؤ میں ہیں۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہماری پارلیمانی جماعت کا فیصلہ تھا ایوان میں اور باہر احتجاج کریں گے۔ ہم ایوان میں گئے اسپیکر سے مائیک مانگا، ہم نے آرڈر دیے، جب بات مکمل کی تو ہم نے 3 بار پوائنٹ آف آرڈر پر مائیک مانگا، رولز کے مطابق جب اپوزیشن لیڈر کھڑا ہوتا ہے تو اس کو مائیک ملتا ہے۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ جناب اسپیکر آپ نے ابھی تک ہمارے پارلیمانی لیڈر کا نوٹیفکیشن ہی نہیں دیا، آپ کس جہان کی بات کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسپیکر صاحب جس کتاب کی بات آپ کررہے ہیں اس کی ہی خلاف ورزی کررہے ہیں، ہم فسطائی حکومت کے خلاف احتجاج کریں گے۔ اپوزیشن لیڈر ملک احمد بھچر نے کہا کہ اسپیکر نے مجھے کہا کہ وزیراعلیٰ کی تقریر کے دوران احتجاج مت کیجیے گا۔ ہم وزیراعلیٰ کے سامنے احتجاج نہیں کریں گے تو کس کے سامنے کریں گے؟۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں احتجاج سے کوئی نہیں روک سکتا، اسپیکر اسمبلی کی باڈی لینگویج سے لگتا تھا کہ وہ دباؤ میں ہیں۔ ملک احمد بھچر نے مزید کہا کہ سانحہ سوات کے ذمے داران کو سزا ضرور ملنی چاہیے۔

عدالتی فیصلہ افسوسناک، ہائبرڈ نظام کو مزید مضبوط کردیا گیا، حافظ نعیم الرحمٰن

وفاقی و صوبائی حکومتیں عوام کے تحفظ میں مکمل ناکام ہوگئیں، سوات واقعہ پر اظہار افسوس

لاہور (نامہ نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے مخصوص نشستوں پر آئینی بنچ کے فیصلے کو افسوسناک اور آئین کی غلط تشریح قرار دیا ہے۔ منصورہ سے جاری بیان میں امیر جماعت نے کہا کہ فیصلہ سے ہائبرڈ نظام کو مزید تقویت دی گئی ہے، عوام کے حق کو چھینا گیا ہے۔ فیصلہ سے ملک کے عدالتی نظام کی ساکھ پر ایک دفعہ پھر بڑا سوالیہ نشان لگ گیا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ 26ویں ترمیم کے ذریعے مقتدر حلقوں نے عدلیہ کو مکمل طور پر کنٹرول میں لے لیا، اب حکمران اسی طرح عدالتوں سے مرضی کے فیصلے کرواتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے 26ویں ترمیم کے خلاف موثر اور جاندار آواز بلند کی اور اس ترمیم کو یکسر مسترد کردیا تھا تاہم بعض اپوزیشن جماعتیں دانستہ یا غیر دانستہ طور پر اس کا حصہ بن گئیں، اپوزیشن جماعتیں اصولی موقف پر ڈٹ جاتیں تو شاید عدالتوں کی کچھ نہ کچھ ساکھ برقرار رہتی اور آج ہمیں یہ دن نہ دیکھنے پڑتے۔ امیر جماعت نے کہا کہ مخصوص نشستوں پر فیصلہ کے بعد دیکھنا ہوگا کہ حکومتی اور بالخصوص اپوزیشن پارٹیاں کس طرح کا ردعمل دیتی ہیں، کیا وہ پی ٹی آئی کی اصولی نشستوں کو مال غنیمت سمجھ کر قبول کرلیں گی یا اخلاقی، اصولی اور جمہوری موقف اپناتے ہوئے انکار کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی نام نہاد سیاسی پارٹیوں کے لیے جمہوریت محض اپنے مفاد کو سمیٹنے کا الاپ ہے، سیاسی جماعتیں اپنا قبلہ درست کرلیں اور جمہوری اصولوں کو ذاتی مفادات پر ترجیح دیں تو ملک میں آئین و قانون کی بالادستی قائم ہوسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ہی اپنے حق کے لیے پرامن مزاحمت کی طرف جانا ہوگا اور اس وقت صرف جماعت اسلامی ہی ان کے لیے جدوجہد کا بہترین پلیٹ فارم ہے۔

نواز شریف کو مائنس کرنے والے خود ہی مائنس ہوگئے، اختیار ولی

پشاور (نامہ نگار) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اطلاعات و نشریات اختیار ولی خان نے کہا ہے کہ نواز شریف کو مائنس کرنے والے عمران خان اپنی جماعت سے مائنس ہو گئے، عمران خان کی پالیسیوں سے پی ٹی آئی رہنما تنگ اور نالاں ہیں۔ اختیار ولی نے اپنے بیان میں کہا کہ نواز شریف کو مائنس کرنے والے عمران خان اپنی جماعت سے مائنس ہوگئے، عمران خان کی پالیسیوں سے پی ٹی آئی رہنما تنگ اور نالاں ہیں۔ بجٹ پاس نہ کرنے کا مشورہ دیکر عمران نے کے پی اسمبلی پر عدم اعتماد کیا ہے۔ کے پی اسمبلی نے بجٹ پاس کرکے عمران پر عدم اعتماد کردیا ہے۔ عمران مکافات عمل کا شکار ہیں آج اپنی پارٹی انہیں مائنس کرچکی ہے۔

وفاقی وزیر احد چیمہ کی عالمی بینک کی قیادت کے ساتھ ملاقاتیں

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ نے کہا ہے کہ سب سے بڑے ترقیاتی شراکت دار کے طور پر عالمی بینک نے پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی اور ہمارے شہریوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے، کنٹری پارٹنرشپ پروگرام پر موثر عمل درآمد کیلئے پاکستان فریم ورک بنا رہا ہے۔ انہوں نے یہ بات اپنے سرکاری دورہ امریکا کے دوران عالمی بینک کی قیادت کے ساتھ اعلیٰ سطح کی ملاقات میں کہی۔ عالمی بینک کی مینجنگ ڈائریکٹر آپریشنز اینا بجرڈی اور جنوبی ایشیا کے علاقائی نائب صدر مسٹر مارٹن ریزر کے ساتھ ایک نتیجہ خیز ملاقات میں احد چیمہ نے گزشتہ سال کے دوران پاکستان اور عالمی بینک گروپ کے درمیان مضبوط تعاون کو سراہا۔

اسلام آباد: بلاول بھٹو زرداری سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ ملاقات کررہی ہیں، آصفہ بھٹو بھی موجود ہیں

پاکستان اور برطانیہ کے درمیان معاشی روابط کو مزید وسعت دینے پر اتفاق

برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ اور بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات میں تبادلہ خیال

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات کے فروغ پر بات چیت کی گئی جبکہ فریقین نے بھارتی جارحیت کے بعد پاکستانی سفارتی وفد کے دورہ لندن پر بھی گفتگو کی۔ ذرائع کے مطابق بدھ کو برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ زرداری ہاؤس پہنچیں جہاں انہوں نے بلاول بھٹو اور آصفہ بھٹو زرداری سے ملاقات کی۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، باہمی تعاون اور تجارتی استحکام کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ فریقین نے پاکستان اور برطانیہ کے درمیان معاشی روابط کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا۔ ملاقات کے دوران بھارتی جارحیت کے بعد چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ممکنہ دورہ لندن پر بھی گفتگو ہوئی جبکہ برطانوی ہائی کمشنر نے بلاول بھٹو زرداری کے گزشتہ دورہ برطانیہ کو سراہتے ہوئے دوطرفہ سفارتی روابط کو مثبت قرار دیا۔

سانحہ سوات کے بعد سیاسی قیادت اور انتظامی افسران کے اہم فیصلے

کے پی میں حالیہ بارشوں کے نتیجے میں 19 افراد جاں بحق، سوات زیادہ متاثر ہوا

غفلت برتنے والوں کی نشاندہی کرکے انہیں سخت سزا دی جائے گی، چیف سیکرٹری

پشاور (نامہ نگار) سانحہ سوات کے بعد خیبرپختونخوا کی سیاسی قیادت اور انتظامی افسران نے مشترکہ اہم فیصلے کرلیے۔ خیبرپختونخوا میں حالیہ بارشوں سے ہونے والی نقصانات کی رپورٹ جاری، گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران 19 افراد جاں بحق، چھ زخمی ہوئے، سب سے زیادہ متاثرہ ضلع سوات رہا جس میں 13 افراد جاں بحق اور 6 افراد زخمی ہوئے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ ریور بیڈ میں ہر قسم کی مائننگ پر پابندی عائد کردی گئی ہے، ریور بیڈ میں قائم ہوٹلوں سمیت ہر قسم کی تجاوزات کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کیا گیا ہے، کل سے دریاؤں کے کنارے اور اندر تجاوزات کے

کراچی میں تعینات امریکی قونصل جنرل اسکاٹ اربوم اب بلوچستان میں واقع پاکستان میں قائم امریکی کمپنی وینڈ بلیڈز کے پلانٹس کا دورہ کررہے ہیں

پی ٹی آئی کے پی میں اندرونی اختلافات شدت اختیار کر گئے

تحریک انصاف کے اہم رہنماؤں نے اب خاموشی اختیار کرنے کی حکمت عملی اپنالی

پشاور (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا میں اندرونی اختلافات کھل کر سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں۔ پارٹی ذرائع کے مطابق سینئر رہنماؤں کے درمیان بڑھتی ہوئی چپقلش نے نہ صرف تنظیمی ڈھانچے کو متاثر کیا ہے بلکہ ورکرز بھی قیادت کے خلاف آواز بلند کرنے لگے ہیں۔ باوثوق ذرائع کے مطابق پارٹی کے اہم رہنماؤں نے اب خاموشی اختیار کرنے کی حکمت عملی اپنائی ہے تاکہ مختلف بیانات سے پیدا ہونے والے نقصان سے بچا جا سکے۔ ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ بجٹ سمیت مختلف معاملات پر قیادت کی متضاد آراء نے پارٹی کی ساکھ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ پارٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ مختلف رہنماؤں کی رائے کو سوشل میڈیا پر غلط انداز میں پیش کیا جارہا ہے، جس سے تنظیمی ہم آہنگی متاثر ہورہی ہے، ایسے حالات میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ اہم مشاورتی اجلاسوں اور پارلیمانی پارٹی میٹنگز میں شرکت سے گریز کیا جائے گا۔ صوبائی صدر جنید اکبر نے کہا ہے کہ پارٹی کے بانی تک رسائی صرف چند مخصوص افراد کو حاصل ہے، جس کی وجہ سے دیگر رہنماؤں کو نہ ہدایات کا علم ہوتا ہے اور نہ ہی پالیسی کا۔ جنید اکبر کے مطابق ہمیں کچھ سمجھ نہیں آرہا کہ کس معاملے پر کیا ہدایات دی گئی ہیں، اس لیے ایسے فیصلوں میں شرکت بے معنی ہے جن میں صرف چند چنیدہ افراد شامل ہوں۔

نائب وزیراعظم جولائی میں امریکا سمیت 4 اہم ممالک کا دورہ کرینگے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار جولائی میں امریکا و چین سمیت چار اہم ممالک کے دورے کریں گے۔ ذرائع کے مطابق نائب وزیراعظم سب سے پہلے آذربائیجان کا دورہ کریں گے، اسحاق ڈار جولائی میں ایس سی او وزرائے خارجہ ملاقات کے لیے چین جائیں گے۔ نائب وزیراعظم یو این سیکیورٹی کمیٹی اجلاس کی صدارت کے لیے جولائی میں ہی امریکا کا دورہ بھی کریں گے۔ اسکے بعد، اسحاق ڈار جولائی میں ہی ملائیشیا کا دورہ کریں گے۔

قبائلیوں کو امن دیا جائے، صوبائی، وفاقی ٹیکسز کو فی الفور ختم کیا جائے، فاٹا لویہ جرگہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) فاٹا لویہ جرگہ کے عمائدین نے فاٹا انضمام کو مسترد کرتے ہوئے فاٹا کی خصوصی حیثیت میں بحالی اور اس بارے میں فاٹا کے لوگوں کی رائے معلوم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ قبائلیوں کو امن دیا جائے، صوبائی یا وفاقی ٹیکسز کو فی الفور ختم کیا جائے، ہمارے گھروں، ہسپتالوں، حجروں، مسجدوں، مدرسوں، سکولوں اور سڑکوں کی تعمیر نو کی جائے فاٹا کے لوگوں کو روزگار دیا جائے کاروبار بحال کیا جائے، پانچ ہزار سال سے منرل اینڈ مائنز قبائل کی ملکیت ہے اس میں وفاقی و صوبائی حکومت کو فریق نہیں مانتے، قبائل کو اعتماد میں لئے بغیر مائنز اینڈ منرلز ایکٹ قابل قبول نہیں، سپریم کورٹ آف پاکستان ہمای انضمام مخالف آئینی پٹیشن جو 2018 سے زیر سماعت ہے جلد اور فوری طور پر سنے ڈیڑھ کروڑ قبائل کو مزید تاخیر کئے بغیر انصاف مہیا کیا جائے۔

نئے مالی سال کا آغاز، بجٹ 202526 پر بھی عملدرآمد شروع ہوگیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ملک میں نئے مالی سال کا آغاز ہوگیا جس کے ساتھ ہی بجٹ 26-2025 پر بھی عملدرآمد شروع ہوگیا ہے۔ نئے بجٹ کے مطابق 389 ارب کے انفورسمنٹ اقدامات اور 312 ارب کے نئے ٹیکس لگ گئے ہیں، میوچل فنڈ کے ذریعے سرمایہ کاری پر عائد 25 فیصد ٹیکس بڑھ کر 29 فیصد ہوگیا ہے جبکہ سولر پینلز کی فروخت پر 10 فیصد سیلز ٹیکس کا نفاذ کیا گیا ہے۔ بجٹ 26-2025 کے بعد ایف بی آر کو کاروبار کیلئے رجسٹرڈ شناختی کارڈ نمبر کی ٹرانزیکشنز چیک کرنے کا اختیار مل گیا ہے، ٹی بلز اور پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز میں سرمایہ کاری پر بھی ٹیکس عائد کردیا ہے جبکہ ای کامرس اور آن لائن کاروبار کرنے والوں کیلئے ایف بی آر رجسٹریشن کرانا لازمی قرار دے دی گئی ہے۔

ملک کا پہلا اینٹی سرکمنشن کیس مکمل، گیلویلوم اسٹیل پر ڈیوٹی عائد کردی گئی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) قومی ٹیرف کمیشن (این ٹی سی) نے پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار اینٹی سرکمنشن کیس کا فیصلہ کرتے ہوئے گیلویلوم اسٹیل پر 40.47 فیصد اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد کردی ہے۔ یہ فیصلہ مقامی اسٹیل صنعت کے تحفظ کیلئے سنگ میل قرار دیا جارہا ہے۔ کمیشن نے اپنے فیصلے میں تسلیم کیا کہ گیلویلوم اسٹیل کو اصل اینٹی ڈمپنگ اقدامات کو غیر موثر بنانے کیلئے استعمال کیا جارہا تھا، یہ اقدام اس بات کی علامت ہے کہ پاکستان اب اپنی تجارتی قوانین پر عملدرآمد کے حوالے سے سنجیدہ ہوچکا ہے۔ گیلویلوم اسٹیل جو زنک اور ایلومنیم کی تہہ چڑھی ہوئی کوائلز پر مشتمل ہے، کو چین سے درآمد کی جانیوالی جستی اسٹیل مصنوعات کا متبادل بنا کر پاکستان لایا جارہا تھا تاکہ اصل اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی سے بچا جاسکے۔

فوج کو سیاسی جماعتوں سے بات کرنے میں کوئی دلچسپی نہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا ہے کہ فوج کو سیاسی جماعتوں سے بات کرنے میں کوئی دلچسپی نہیں، برائے مہربانی فوج کو سیاست میں ملوث نہ کیا جائے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کو انٹرویو میں ترجمان پاک فوج نے کہا کہ فوج ہمیشہ سے ہی اس بات پر واضح ہے کہ سیاست سیاستدانوں کا کام ہے، جو بھی حکومت ہوتی ہے وہ ہی اس وقت کی ریاست ہوتی ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ سیاسی مقاصد کے لیے فوج کے خلاف بہت سی افواہیں اور مفروضے پھیلائے جاتے ہیں، معرکہ حق آیا تو کیا فوج نے اپنا کام کیا یا نہیں؟ کیا قوم کو کسی پہلو میں فوج کی کمی محسوس ہوئی؟ انہوں نے کہا کہ ہم اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں پر مکمل توجہ دیتے ہیں اور ہماری وابستگی پاکستان کے عوام کی علاقائی سالمیت اور خودمختاری اور پاکستانیوں کے تحفظ سے ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان کی فوج متعدد مواقع پر سیاسی حکومت، چاہے وہ وفاقی ہو یا صوبائی، کے احکامات اور ہدایات پر عمل کرتی ہے۔

THE LEGACY AUTO REPAIR SHOP INC

لیگیسی آٹو ریپئر شاپ

- Computerized 4 Wheel Alignment
- Mechanic Work
- Body Work
- Electrical Work
- N.Y.S. Inspection

100% Guaranteed Work
$34.99
Wheel Alignment
TLC Plates ONLY, Lincoln Town Car
Crown Victoria, Ford Escape

Open 24 Hours Fast Service

MOTOR CRAFT $24.99
$19.99 REGULAR
Special Oil Change

Hybrid Vehicles Welcome

ALI IQBAL: 718-786-4978
38-2424 Street Bet. 38th & 39th Ave. Longisland City, Ny 11101

Business For Sale

EASTERN CAR N CARE
AUTO WORK SHOP
FOR SALE
ON PRIME LOCATION

SALE WITH 21 CARS WITH TLC

2504 ہاروے ایونیو، بروکلین نیویارک 11214 میں
چلتا ہوا تیز رفتار بہترین منافع بخش کاروبار برائے فروخت ہے

at
2504 Harvey Avenue,
Brooklyn New York 11214
Fast Moving is the Best Profitable
Business for Sale

مزید معلومات اور رابطہ کیلئے دیئے گئے نمبر پر کال یا ٹیکسٹ کریں
For More Information Call Or Text
+1-347-756-8722 - 917 560 6332

روٹ 1 رچمنڈ ہائی وے اور برج ورجینیا میں اعلیٰ معیار اور مناسب دام کیلئے مشہور فیئر وے سپر مارکیٹ پر تشریف لائیں

FAIRWAY SUPER MARKET
HALAL
Indo-pakistan Bangladeshi & International Groceries
Beef Lamb Goat Chicken & Fish Available.

Prop: Aamir Shah

We Sell Only Halal
100% Hand Slaughter Chicken Guaranteed

Ph: 703-910-6780
fairwaysupermarket2018@gmail.com
13642 Jefferson Davis Hwy
Woodbridge VA 22191

METRO INTERNATIONAL TRAVEL
arc
IATA
IATA and ARC
Accredited Travel Agent!
Contact us today!
SAUDIA السعودية
TURKISH AIRLINES
Emirates
ETIHAD AIRWAYS
QATAR AIRWAYS القطرية

Contact us for Airline Tickets, Cruises and Vacation Packages
And the best travel deals to Pakistan, Africa, India, Middle East and other destination around the world.

METRO INTERNATIONAL TRAVEL WILL CONTINUE TO SERVE THE COMMUNITY UNDER THE LEGACY OF MR. MUHAMMAD ASLAM. WE APPRECIATE YOUR BUSINESS AND SUPPORT.

We meet or beat online fares
METRO INTERNATIONAL TRAVEL, INC.
6506 Loisdale Rd, Suite 205, Springfield, VA 22150
Tel: 703-243-2200, 1-800-874-7975
E-mail: metro786@aol.com, Website: www.metrotraveldc.com

Always LEASING SERVICES LLC
TLC Car Rentals
Auto
Property Damage Claims
We Provide Fast Claim Service For
Accident/Property Damage
Insurance
6Hour Class (Points Reduction) Notary
Phone (718) 434-0444 Fax(718) 434-0555
1115 Coney Island Ave, Basement, Brooklyn NY 11230
Email: alwaysleasingservicesllc@gmail.com

پاکستانی طلبہ نے منیلا میں مصنوعی ذہانت کے بہترین استعمال پر ایوارڈ حاصل کرلیا

منیلا (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی طلبہ نے منیلا میں مصنوعی ذہانت کے بہترین استعمال پر ایوارڈ حاصل کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستانی طلبہ نے منیلا میں 2025 اے پی اے سی سولیوشن چیلنج میں شرکت کی اور مصنوعی ذہانت کے بہترین استعمال پر ایوارڈ حاصل کرلیا ہے۔ یہ چیلنج عالمی شہرت یافتہ ٹیکنالوجی مقابلہ گوگل اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے اشتراک سے منعقد کیا گیا تھا جس میں ایشیا پیسفک کے 12 ممالک سے شرکت کرنے والی 750 سے زائد ٹیموں نے حصہ لیا۔ اسلام آباد کے انسٹیٹیوٹ آف اسپیس ٹیکنالوجی کی ٹیم جیو جیما کو مصنوعی ذہانت کے بہترین استعمال کے پرایوارڈ دیا گیا۔

پشاور ہائیکورٹ نے مخصوص نشستوں پر منتخب ممبران کو حلف لینے سے روک دیا

پشاور (نامہ نگار) پشاور ہائیکورٹ نے صوبائی اسمبلی کی مخصوص نشستوں پر منتخب ممبران کو حلف لینے سے روک دیا۔ منگل کو مخصوص نشستوں کے حوالے سے پاکستان تحریک انصاف پارلیمنٹرین کی درخواست پر جسٹس سید ارشد علی اور جسٹس ڈاکٹر خورشید اقبال پر مشتمل دو رکنی بینچ نے سماعت کی۔ عدالت نے الیکشن کمیشن کو نوٹس جاری کرتے ہوئے حکم دیا کہ آئندہ سماعت تک ممبران سے حلف نہ لیا جائے۔

شنگھائی تعاون تنظیم: پاکستان کی تاریخی سفارتی کامیابی، پہلگام واقعہ پر بھارت کا موقف مسترد

تنظیم کی وزرائے دفاع کے اجلاس کے مشترکہ اعلامیے میں بھارت پہلگام واقعے کو پاکستان سے جوڑنے میں ناکام ہوگیا

بھارتی وفد اعلامیے میں پاکستان کی مذمت کیلئے منتیں کرتا رہا، رکن ملکوں کے وفود نے بھارتی موقف کی حمایت سے انکار کردیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) شنگھائی تعاون تنظیم میں پاکستان نے بڑی کامیابی حاصل کرلی، بھارت کو سبکی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ تنظیم کی وزرائے دفاع کے اجلاس کے مشترکہ اعلامیے میں بھارت پہلگام واقعے کو پاکستان سے جوڑنے میں ناکام ہوگیا، بھارت نے مشترکہ اعلامیہ پر دستخط سے انکار کردیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے دفاع اجلاس کے اعلامیے میں نئی دہلی پہلگام واقعے کو پاکستان سے جوڑنے میں ناکام ہوگیا، جھنجلاہٹ کا شکار بھارتی وفد نے مشترکہ اعلامیے پر دستخط سے انکار کردیا۔ میڈیا اطلاعات کے مطابق بھارتی وفد اعلامیے میں پاکستان کی مذمت کیلئے منتیں کرتا رہا تاہم رکن ملکوں کے وفود

(باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 7)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں۔

معروف بینکر جاوید قریشی پاکستان بزنس کونسل کے نئے چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان بزنس کونسل کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے معروف بینکر جاوید قریشی کو ادارے کا نیا چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق معروف بینکر جاوید قریشی 11 جولائی 2025 سے اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھالیں گے جبکہ سبکدوش ہونے والے سی ای او احسان ملک کو ان کی دہائی پر محیط خدمات پر خراج تحسین پیش کیا گیا۔ پاکستان بزنس کونسل نے تجربہ کار بینکر جاوید قریشی کو ادارے کا نیا چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر کردیا، اس کا باضابطہ اعلان بورڈ آف ڈائریکٹرز کی حتمی منظوری کے ساتھ کیا گیا۔ جاوید قریشی کو بین الاقوامی بینکاری اور قیادت کا 34 سالہ تجربہ حاصل ہے، جنہوں نے مشرق وسطیٰ، افریقہ، یورپ اور پاکستان میں اعلیٰ عہدوں پر خدمات انجام دیں۔

عوام پر بھاری ٹیکسوں کے بوجھ کے باوجود ٹیکس ہدف حاصل نہ ہوا

بغیر منی بجٹ 129 کھرب سے زائد وصولیاں یقینی بنانے کا عندیہ دیا گیا تھا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) عوام پر اضافی ٹیکسوں کا بوجھ ڈالنے کے باوجود حکومت 129 کھرب روپے سے زائد ٹیکس ہدف حاصل کرنے میں ناکام ہوگئی، مجموعی طور پر محصولات میں گزشتہ سال کی نسبت 26 فیصد یا 24.3 کھرب روپے زائد اضافہ ہوا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیرخزانہ محمد اورنگ زیب نے بغیر منی بجٹ 129 کھرب سے زائد وصولیاں یقینی بنانے کا عندیہ دیا تھا، مبصرین کے مطابق منی بجٹ کے بغیر محصولات کے ہدف کا حصول ممکن نہیں تھا۔ عبوری اعداد و شمار کے مطابق ایف بی آر نے ختم ہونیوالے مالی سال میں 117.3 کھرب روپے کی وصولیاں کی، جو ہدف سے تقریباً 12 کھرب روپے کم ہیں۔ حکومت نے مالی سال 2024-25 کے دوران ٹیکس جی ڈی پی تناسب 10.6 فیصد تک بڑھانے کا آئی ایم ایف سے وعدہ کیا، جو کہ 10.2 فیصد رہا، ٹیکس حکام کے مطابق بجٹ میں 13 کھرب کے اضافی ٹیکس عائد کرنے کے باوجود وصولیاں ہدف سے 12 کھرب روپے کم رہیں۔ اس ناکامی نے سابق چیئرمین ایف بی آر شبر زیدی توانہ کی پیش گوئی درست ثابت کی کہ تمام تر کوششوں کے باوجود وصولیاں 118 کھرب سے بڑھ نہیں سکتیں۔ حکومت نے 129.7 کھرب کا ٹیکس ہدف حاصل کرنے کیلئے تنخواہ دار طبقے پر اضافی بوجھ، پیکٹ دودھ سمیت لگ بھگ تمام اشیائے ضرورت پر ٹیکس لگایا، مگر غیر حقیقی ٹیکس ہدف، معاشی سست روی اور شرح مہنگائی میں مسلسل کمی محصولات میں 26 فیصد اضافہ ممکن نہ بنایا جاسکا، تاجر دوست سکیم کے تحت دکانداروں سے 50 ارب روپے انکم ٹیکس حاصل نہ ہوا۔

غزہ میں اسرائیلی مظالم کے خلاف نئی دلی میں احتجاج

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی دارالحکومت نئی دلی میں فلسطین حامی تنظیموں نے غزہ میں اسرائیلی مظالم کے خلاف احتجاج کیا۔ خبر ایجنسی کے مطابق فلسطین کے حق میں نعرے لگاتے مظاہرین نے اسرائیل قوم نہیں وحشی دہشت گرد ہے، بھوکا رکھنا جنگی جرم ہے کے پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔ مظاہرین نے غزہ میں نسل کشی روکنے، فوری جنگ بندی اور مودی حکومت سے اسرائیل کے خلاف سخت موقف اپنانے کا مطالبہ کیا۔

انقلاب کی قدس فورس کے سربراہ جنرل اسماعیل قانی زندہ نکلے

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے پاسداران انقلاب کی قدس فورس کے سربراہ جنرل اسماعیل قانی زندہ ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق اب کئی ویڈیوز میں جنرل اسماعیل قانی کو تہران میں ہونے والے فتح کے جشن میں دیکھا گیا ہے۔ تہران میں ہونے والے جشن میں اسماعیل قانی کا لوگوں نے پرجوش استقبال کیا۔ امریکی جریدے نے دعویٰ کیا تھا کہ 13 جون کے اسرائیلی حملوں میں اسماعیل قانی شہید ہوگئے ہیں۔

مستقبل میں مکران زون میں 9 شدت کا زلزلہ آسکتا ہے، ماہر ارضیات

ماہر ارضیات نے عمان کی سطح مرتفع کے نیچے لاوے کا ذخیرہ دریافت کرلیا، رپورٹ

لاہور (نامہ نگار) سعودی شاہ فہد یونیورسٹی سے وابستہ ماہر ارضیات، پروفیسر سائمن پیلیا نے بذریعہ جدید آلات عمان کی سلفی سطح مرتفع کے نیچے لاوے کا بہت بڑا ذخیرہ دریافت کرلیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پروفیسر سائمن نے خبردار کیا کہ مستقبل میں مکران زون میں 9 میگنا ٹیوڈ کا زلزلہ آسکتا جو بڑی تباہی لائے گا۔ ان کے مطابق 4 کروڑ سال قبل جب سمندر میں بہتی انڈین پلیٹ عرب پلیٹ کے نزدیک آئی تو ارضیاتی تبدیلیوں سے لاوا کے ذخیرہ نے جنم لیا مگر وہ زمین کی بہت گہرائی میں ہے، اس لیے باہر نہیں نکل پاتا تاہم ذخیرے کے زبردست دباؤ سے نہ صرف عمان میں سلفی پہاڑی سلسلہ وجود میں آیا بلکہ انڈین پلیٹ کا رخ بھی یوریشین پلیٹ کی طرف ہوگیا اور وہ اس سے جاٹکرائی۔ گویا یہ دباؤ نہ ہوتا تو انڈین پلیٹ عرب پلیٹ سے ہی آ ٹکراتی اور آج (آدھا) پاکستان، بھارت، نیپال، عمان، سعودیہ، یمن وغیرہ باہم ایک خطہ ہوتے۔ اب عرب پلیٹ مکران سب ڈکشن زون میں یوریشین پلیٹ کے نیچے گھس رہی ہیں، اسی لیے وہاں انوکھی ارضیاتی تبدیلیاں جنم لیتیں۔

ترک صدر اردوان کیخلاف بغاوت کے الزام میں 158 فوجی گرفتار

انقرہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ترک صدر رجب طیب اردوان کے خلاف بغاوت میں فتح اللہ گولن کا ساتھ دینے کے الزام میں 158 فوجیوں کو گرفتار کرلیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق استنبول میں پبلک پروسیکیوٹر کے دفتر کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ فتح اللہ گولن کا 2016 میں رجب طیب اردوان کے خلاف بغاوت میں ساتھ دینے کے شبہ میں ترک پولیس نے 158 فوجیوں گرفتار کیا ہے جبکہ مزید 18 فوجیوں کی تلاش جاری ہے۔

بانی کی رہائی کیلئے ہم پر کارکنوں کا بہت پریشر ہے، بیرسٹر گوہر

وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کیخلاف تحریک عدم اعتماد کامیاب نہیں ہوگی، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بانی چیئرمین کی رہائی کیلئے ہم پر کارکنوں کا بہت پریشر ہے، وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کے خلاف تحریک عدم اعتماد کامیاب نہیں ہوگی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ مخصوص نشستوں کے سپریم کورٹ کے فیصلے سے بڑی مایوسی ہوئی، ہماری جیتی ہوئی نشستیں بانٹی گئیں، یہ غلط ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخوا کے ایم پی اے کسی پارٹی میں نہیں جائیں گے، علی امین کے خلاف تحریک عدم اعتماد کامیاب نہیں ہوگی، ڈٹ کر مقابلہ کریں گے، جسے شوق ہے وہ تحریک عدم اعتماد لے آئے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ پارٹی میں اختلافات

(باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 8)

ایرانی پارلیمنٹ میں عالمی ایٹمی توانائی ایجنسی کیساتھ تعاون معطل کرنے کا بل منظور

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کی پارلیمنٹ نے عالمی ایٹمی توانائی ایجنسی کے ساتھ تعاون معطل کرنے کے بل کی منظوری دے دی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق پارلیمنٹ کے ہونے والے اجلاس میں اس حوالے سے اراکین نے حق میں 221 ووٹ ڈالے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق پارلیمنٹ کے اجلاس میں اس معاملے پر مخالفت میں کوئی ووٹ نہیں آیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اجلاس سے ایک رکن غیر حاضر تھا۔

پہلگام حملہ، مودی سرکار ثبوت پیش کرنے میں ناکام

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت میں بی جے پی کی کٹر تنگی اور ہندوتوا پالیسی پر گامزن مودی سرکار پہلگام حملے سے متعلق تحقیقات میں ثبوت پیش کرنے میں ناکام ہوچکی ہے۔ پہلگام حملے کی تحقیقات میں بھارتی حکام کی نااہلی اور حکومتی سطح پر شفافیت کا فقدان واضح دکھائی دینے لگا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مطابق بھارتی حکام کی جانب سے دعویٰ کیا گیا کہ دو کشمیری نوجوانوں نے چند ہزار روپے کے عوض پاکستانی حملہ آوروں کی مدد کی۔ دوسری جانب پاکستان کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی پیشکش کو قبول نہ کرنا بھی بھارتی بیانیے کی کمزوری اور تضادات کو مزید اجاگر کرتا ہے۔ اگر بھارت کے دعوے درست ہیں تو وہ شفاف انداز میں عالمی برادری کے سامنے شواہد پیش کرے۔

گیس اسٹیشن برائے فروخت

کیا آپ نے کبھی گیس اسٹیشن اور مکینک کی دکان میں سرمایہ کاری کرنے کا خواب دیکھا ہے؟
اب آپ کا موقع ہے! ایک مصروف ہکس ول لانگ آئی لینڈ شاپنگ مال میں واقع ہے
ایک سال میں 3$ ملین سے زیادہ سیل
Have You Ever Dreamed Of Investing In A Gas Station And Mechanic Shop?
ڈیمانڈ $850,000
Now Is Your Chance!
Located In A Busy Hicksville Long Island Shopping Mall
Over $3 Million Sales In A Year. Asking $850,000
Ph: 718-509-5522

UBER DRIVER NEEDED
All Work Guaranteed
MODERN AUTO REPAIR
Foreign & Domestic Car Specialists
ماڈرن آٹو رپیئر
ہم ویسی آٹو شاپ کا تصور بدلنے میں مصروف ہیں
نہ کام میں کوئی فریب نہ دام میں کوئی کہانی
Electrical Work
OPEN 24
Special Discount
NEW TIRES
Computerized Wheel Alignment
Computerized Wheel Balancing
Computerized Complete Mechanical Work
LIMOUSINE AND TAXI
Free Diagnose & Free Estimate
New York State Inspection
Ph: 718-728-4700
27-25 21st Street Astoria, NY 11102

پاکستانیوں کا اپنا فرنیچر، کارپٹ سٹور
RUHMA CARPET & FURNITURE LLC
گھر اور آفس فرنیچر کی حیرت انگیز کم قیمت ورائٹی
TIMINGS
MON TO SAT 10AM - 8PM
SUNDAY 11AM - 6PM
Tel: 347 374 3776, Fax: 347 492 5401
2111 BATH AVE BROOKLYN NY 11214

DERA OPEN TILL 3: 00 AM ON WEEKENDS FRI-SAT-SUN
Dera Restaurant
Booking for WATERFORD SPRINGFIELD VIRGINIA
• Anda Paratha
• Nihari
• Haleem
• Paya
• Brain Masala
ڈیرہ ریسٹورنٹ کی نئی فخریہ پیشکش
Weekend Breakfast Buffet
SATURDAY AND SUNDAY
Special Buffet
$19.95/Person
Things You Can Order From Menu Weekend Special
Atta 571-216-5463
Ghulam Rubani 703-944-9415
Ph: 703-866-2233
BROOKFIELD PLAZA SPRINGFIELD VA
7030 SPRING GARDEN DRIVE SPRINGFIELD, VIRGINIA 22150

Punjab Auto Repair & Body Shop
پنجاب آٹو رپیئر اینڈ باڈی شاپ
The Best Auto Repair in Your Town
Open 7 Days
ہم غیرملکی اور ڈومیسٹک گاڑیوں کی سٹیٹ انسپکشن بھی کرتے ہیں
33-56 21 street, L.I.C NY 11106 Tel: 718-728-4600 Fax: 718-545-6676

دہشتگردی مشترکہ خطرہ، سیاسی مقاصد کیلئے استعمال نہ کیا جائے: وزیر دفاع

دہشت گردی مشترکہ خطرہ ہے، تمام ریاستیں دہشت گردی کے خلاف مشترکہ کوششوں کو سیاسی رنگ دینے سے گریز کریں

اسرائیل کے ایران پر غیر قانونی اور بلااشتعال حملے قابل مذمت، غزہ میں انسانی بحران اور اسرائیلی بربریت پر گہری تشویش

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی پوری دنیا کے لیے مشترکہ خطرہ ہے، اسے سیاسی مقاصد کے لیے استعمال نہ کیا جائے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے دفاع اجلاس میں شرکت کی اور تاجکستان، ایران، قازقستان اور چین کے وزرائے دفاع سے دوطرفہ ملاقاتیں بھی ہوئیں۔ اس موقع پر پاکستان کے وزیر دفاع نے اسرائیل کے ایران پر غیر قانونی اور بلااشتعال حملوں کی شدید مذمت کی اور غزہ میں انسانی بحران اور اسرائیلی بربریت پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے فلسطینی شہریوں پر حملے بند کرنے اور فوری مستقل جنگ بندی پر زور دیا۔ اجلاس میں انہوں نے واضح کیا کہ دہشت گردی مشترکہ خطرہ ہے جس سے اجتماعی طور پر نمٹنے کی ضرورت ہے، تمام ریاستیں دہشت گردی کے خلاف مشترکہ

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 4﴾

میرا خیال ہے عمران مائنس ہوگئے، علیمہ خان

راولپنڈی (نامہ نگار) بانی پی ٹی آئی کی منظوری کے بغیر خیبر پختونخوا اسمبلی سے بجٹ منظور ہونے پر علیمہ خان کا ردعمل سامنے آگیا۔ بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان سے راولپنڈی کی اڈیالہ جیل کے باہر صحافی نے سوال کیا کہ بانی پی ٹی آئی نے تو کہا تھا کہ ان کی منظوری کے بغیر بجٹ منظور نہیں ہوگا لیکن کے پی حکومت نے بجٹ منظور کرلیا، کیا مائنس عمران ہو چکا ہے؟ جس پر علیمہ خان نے جواب دیا کہ میرا خیال ہے کہ عمران خان مائنس ہی ہوگئے۔ ایک اور صحافی نے علیمہ خان سے سوال کیا کہ ایم پی ایز کہتے ہیں کہ علی امین گنڈا پور بہت طاقتور ہیں، انہیں نہ نہیں کر سکتے۔ علیمہ خان نے کہا کہ جو پارٹی ایم پی اے پہ ہے کا دباؤ برداشت نہیں کر سکتے وہ گھر جائیں۔

خوارج کیخلاف آپریشن، ابھینندن کو گرفتار کرنیوالے میجر معیز شہید

آپریشن کے دوران بھارت کی سرپرستی میں سرگرم 11 خوارج ہلاک اور 7 زخمی

پشاور (نامہ نگار) 27 فروری 2019 کو بھارتی فضائیہ کے پائلٹ ابھینندن کو گرفتار کرنے والے پاک فوج کے میجر سید معیز عباس شاہ جنوبی وزیرستان میں خوارج دہشت گردوں کے خلاف آپریشن کے دوران جام شہادت نوش کر گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق جنوبی وزیرستان کے علاقے سراروغہ میں خفیہ اطلاعات پر سیکیورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن کیا گیا۔ آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو موثر طریقے سے نشانہ بنایا اور آپریشن کے دوران بھارت کی سرپرستی میں سرگرم 11 خوارج ہلاک اور 7 زخمی ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شدید فائرنگ کے تبادلے میں میجر معیز عباس شاہ اور لانس نائیک جبران اللہ شہید ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ میجر سید معیز عباس شاہ آپریشن کی قیادت کر رہے تھے۔ 37 سالہ میجر معیز شہید کو متعدد آپریشنز میں خوارج کے خلاف جرات مندانہ کارروائیوں اور بہادری کے لیے جانا جاتا ہے، ان کا تعلق چکوال سے ہے جبکہ 27 سالہ شہید لانس نائیک جبران اللہ کا تعلق ضلع بنوں سے ہے۔

اسلام آباد: وزیراعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور سپریم کورٹ سے باہر آتے ہوئے میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔۔۔۔۔

پاکستان میں حفاظتی ٹیکوں سے محروم بچوں کی تعداد سب سے زیادہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ایک نئے تحقیقی مطالعے (اسٹڈی) میں بتایا گیا ہے کہ حالیہ دہائیوں میں چھوٹے بچوں کی زندگی بچانے والی ویکسی نیشن (حفاظتی ٹیکے) جمود کا شکار ہوگئی ہے، جس سے لاکھوں بچے جان لیوا بیماریوں میں مبتلا ہونے کے خطرے سے دوچار ہیں۔ برطانوی میڈیکل جریدے دی لانسٹ کے ایک نئے تحقیقی مطالعے کے مطابق حالیہ دہائیوں میں بچوں کی ویکسی نیشن جمود کا شکار ہوگئی ہے، جس سے لاکھوں بچے جان لیوا بیماریوں کے خطرے سے دوچار ہیں، مطالعے میں بتایا گیا ہے کہ جنوبی ایشیا میں بھارت کے بعد پاکستان میں ایسے بچوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے، جنہیں کوئی حفاظتی ٹیکہ نہیں لگا، ان بچوں کو طبی اصطلاح میں زیرو ڈوز بچے کہا جاتا ہے۔

پارلیمانی نظام میں ہم سب عوام کو جوابدہ ہیں، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پارلیمانی نظام میں ہم سب عوام کو جوابدہ ہیں۔ وفاقی دارالحکومت میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ ارکان سینیٹ نے مجھے بلامقابلہ چیئرمین منتخب کیا جس کیلئے ان کا اب بھی شکرگزار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی نظام میں ہم سب عوام کو جوابدہ ہیں، بینظیر بھٹو شہید اور نواز شریف نے لندن میں میثاق جمہوریت پر دستخط کئے۔

بیجنگ: مشیر قومی سلامتی لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم ملک شنگھائی تعاون تنظیم کی سلامتی کونسل کے سیکرٹریز کے اجلاس میں شریک ہیں۔

بلاول بھٹو نے احسن انداز میں پاکستان کے موقف کو بیان کیا، وزیراعظم

پارلیمانی وفد نے پاکستان کے موقف کی قومی جذبے سے ترجمانی کی، شہباز شریف

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے عالمی سطح پر پاکستان کے موقف کی بھرپور اور بہترین ترجمانی پر پارلیمانی وفد کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ وفد نے پہلگام سے لے کر سندھ طاس معاہدے تک کے واقعات کو صحیح تناظر اور احسن انداز میں پیش کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے ملاقات کی۔ بلاول بھٹو زرداری نے وزیراعظم کو پاکستان کی جانب سے بھیجے گئے سفارتی وفد کی امریکہ اور یورپ میں ملاقاتوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ وزیراعظم نے وفد کی جانب سے حالیہ بھارتی پروپیگنڈا کو دنیا کے سامنے بے نقاب کرنے اور امریکہ، برطانیہ اور یورپ کے کامیاب سفارتی دورے پر

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 5﴾

پاکستانی قوم کی محبت اور حمایت کو کبھی نہیں بھولیں گے، ایرانی سفیر

ایران اور پاکستان کے عوام اور حکومتیں تاریخی رشتے میں بندھی رہی ہیں، رضا امیری

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان میں ایران کے سفیر رضا امیری مقدم نے اسرائیل کیخلاف جنگ میں ایران کی اصولی اور جراتمندانہ حمایت پر حکومت پاکستان، صدر، وزیراعظم، آرمی چیف اور پاکستانی عوام کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے اپنے ایکس اکاؤنٹ پر کی گئی پوسٹ میں کہا کہ اس تاریخی اور یادگار موڑ پر، جب عظیم ایرانی قوم ایک باوقار اور فیصلہ کن فتح کا جشن منا رہی ہے، میں حکومت پاکستان اور پاکستانی عوام کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ صیہونی حکومت کی طرف سے برادر، دوست اور مسلمان ایرانی قوم پر کی گئی ناجائز اور مسلط شدہ جارحیت کے مقابلے میں، پاکستان نے جس ثابت قدمی اور غیر متزلزل یکجہتی کا مظاہرہ کیا، وہ انتہائی قابل تحسین ہے۔ ایرانی سفیر نے کہا کہ میں بالخصوص صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف، آرمی چیف جنرل عاصم منیر، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ آصف، اور قومی اسمبلی و سینیٹ کے معزز ارکان، علمائے کرام، سیاسی جماعتوں اور میڈیا اداروں کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اصولی اور جرات مندانہ موقف اختیار کیا۔ انہوں نے کہا کہ میری دلی قدردانی وزارت خارجہ پاکستان کے لیے بھی ہے جس نے اقوام متحدہ، سلامتی کونسل اور اسلامی تعاون تنظیم سمیت متعدد بین الاقوامی پلیٹ فارمز پر اسلامی جمہوریہ ایران کی مسلسل اور پرعزم حمایت کی۔ ایرانی سفیر نے کہا کہ ایران اور پاکستان کے عوام اور حکومتیں تاریخ بھر میں ہمیشہ بھائی چارے اور یکجہتی کے رشتے میں بندھی رہی ہیں۔

سندھ میں کھربوں روپے کی کرپشن، آڈٹ رپورٹ نے ہلچل مچادی

غفلت، کمزور پالیسی اور مالیاتی کنٹرول کے ناقص نظام کے باعث ہیرپھیر ہوئیں

کراچی (نامہ نگار) سندھ میں کھربوں روپے کی کرپشن کے انکشاف کے بعد وفاقی آڈٹ رپورٹ نے ہلچل مچادی، اندرونی نظام کی کمزوریوں اور آپریشنل نااہلیوں کے باعث لین دین کے معاملات مشکوک بن گئے جبکہ رپورٹ کے مطابق حکومت سندھ 97 ارب کا ریکارڈ فراہم کرنے میں ناکام رہی۔ ذرائع کے مطابق سندھ حکومت کے مالی سال 2024-25 میں کھربوں روپے خورد برد، غفلت اور بے ضابطگیاں سامنے آگئیں۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق غفلت، کمزور پالیسی اور مالیاتی کنٹرول کے ناقص نظام کے باعث ہیرپھیر ہوئیں۔ رپورٹ میں سندھ حکومت کا 97 ارب 86 کروڑ روپے سے زائد کا ریکارڈ ہی فراہم نہیں کیا گیا، زراعت، خزانہ، صحت، تعلیم، انسانی حقوق، لائیو اسٹاک اینڈ فشری سمیت دیگر اداروں میں دھوکہ دہی اور غبن کے کیسز رپورٹ ہوئے، قومی خزانے کو ایک ارب سے زائد کا نقصان پہنچایا گیا۔ رپورٹ کے مطابق خریداری اور بینک اکاؤنٹس میں 129 ارب کی بے ضابطگیاں دیکھی گئیں، سرکاری ملازم سے متعلق 32 ارب سے زائد کی بے ضابطگیاں اور خریداریوں سے متعلق 55 ارب روپے سے زائد کی لین دین مشکوک رہی جبکہ کمرشل بینکوں کے ساتھ لین دین میں 42 ارب سے زائد کی سنگین بےقاعدگیاں رپورٹ ہوئیں۔ رقوم اور خدمات کی فراہمی سمیت آپریشنل نااہلیوں کے باعث 65 ارب کے غیر مستند اخراجات کیے گئے، اندراج رقوم کے نظام میں خامیوں پر 28 ارب جبکہ رقوم وصولی سے متعلق 29 ارب کی بے قاعدگیاں سامنے آئیں۔

کراچی: وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔۔۔۔۔

بجٹ منظوری کو عمران خان کو مائنس کرنے سے جوڑنا غلط ہے، بیرسٹر سیف

عمران خان سے ملاقات کے بعد ان کی ہدایات کی روشنی میں تبدیلی کی جاسکتی ہے

پشاور (نامہ نگار) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کا بجٹ مشروط طور پر منظور کیا گیا ہے، بجٹ کی منظوری کو عمران خان کو مائنس کرنے سے جوڑنا غلط ہے۔ جاری بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ تحریک انصاف عمران خان کے حکم کی پابند ہے، عمران خان کا ہر فیصلہ پارٹی قائدین کیلئے انتہائی قابل احترام ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ نے عمران خان کی ہدایت پر ان سے ملاقات کے لیے اعلیٰ عدلیہ سے رجوع کیا ہے اور امید ہے ملاقات جلد کرائی جائے گی۔ وزیراعلیٰ کی ملاقات کے بعد عمران خان کی ہدایات کی روشنی میں بجٹ میں ممکنہ رد و بدل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ کی منظوری دراصل مخالفین کی سازشوں کو ناکام بنانا تھا کیونکہ اپوزیشن چاہتی تھی کہ بجٹ منظور نہ ہو تاکہ صوبے میں ایمرجنسی نافذ کی جاسکے۔ اگر بجٹ منظور نہ کرتے تو اپوزیشن اپنے مذموم عزائم میں کامیاب ہو جاتی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان سے ملاقات کے بعد ان کی ہدایات کی روشنی میں بجٹ میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔ خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کو اکثریت حاصل ہے اور ہم کسی

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 6﴾

میرے پاس 9 مئی مقدمات میں معافی کا اختیار نہیں، اعظم نذیر تارڑ

اپوزیشن عمران خان کو خوش کرنے کیلئے غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کرتی ہے، وزیر قانون

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ میرے پاس 9 مئی مقدمات میں معافی کا اختیار نہیں، قائمہ کمیٹیاں لوگوں کو ضمانتیں دلوانے کیلئے قائم نہیں کی گئیں۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ قائمہ کمیٹی کے قوانین سب نے مل کر بنائے ہیں، بجٹ کا قائمہ کمیٹیوں سے کیا تعلق ہے، قائمہ کمیٹیاں لوگوں کو ضمانتیں دلوانے کیلئے بالکل قائم نہیں کی گئیں، قائمہ کمیٹی کے پاس قائمہ پولیس تفتیش کا اختیار بھی نہیں ہے۔ میرے پاس 9 مئی سے متعلق مقدمات کو معاف کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن تنقید کے ساتھ ساتھ دوسروں کو سننے کا حوصلہ رکھے، اسٹینڈنگ کمیٹی کے رولز سب نے مل کر بنائے ہیں، میرا خیال تھا کہ انسانی حقوق کی کٹ موشنز میں اچھی مثبت تجاویز ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ جو قانون سازی ہم نے کی ہے اس سے متعلق بات کی جاتی، معصوم بجٹ کو سیاست کی نذر کر دیا گیا، قائمہ کمیٹیوں کی بات کی گئی، بجٹ کا قائمہ کمیٹیوں سے کیا تعلق ہے۔

معیشت درست سمت میں گامزن ہے، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ معیشت درست سمت میں گامزن ہے، رواں مالی سال ٹیکس ٹو جی ڈی پی 8.8 فیصد تھی جو 30 جون تک 10.4 فیصد ہو جائے گی۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ ایف بی آر میں اصلاحات جاری ہیں جن کا مقصد شفافیت لانا، ٹیکس چوری اور کرپشن کا خاتمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی اخراجات میں ماضی کی نسبت 2 فیصد کمی کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں وزیراعظم اسمبلی آنے کیلئے ہیلی کاپٹر استعمال کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی پی ایس ڈی پی ایک ٹریلین روپے ہے، صوبوں کو ملا لیا جائے تو کل رقم تقریباً 4 ٹریلین بنتی ہے، اگر شفاف طریقے سے ترجیحی بنیادوں پر منصوبوں پر کام کیا جائے تو یہ رقم کافی ہے۔

جان دے دوں گا، دہشتگردوں کے سامنے سرنہیں جھکاؤں گا، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (نامہ نگار) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کو لاحاصل جنگ میں دھکیل دیا گیا، عوام کو دہشت گردوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتا، جان دے دوں گا، دہشت گردوں کے سامنے سر نہیں جھکاؤں گا، موسیٰ خیل کی متاثرہ خاتون کے ساتھ کھڑا رہوں گا۔ بلوچستان اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں کے عوام کو ترقی کے ثمرات پہنچائیں گے۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ امن وامان کا مسئلہ اس وقت ایک بڑا چیلنج ہے، جس پر پورے پاکستان کو تشویش ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو لاحاصل جنگ میں نہیں دھکیلا جاسکتا۔

مذاکرات اور سفارتکاری ہی آگے بڑھنے کا بہترین راستہ ہیں، عاصم افتخار

موجودہ عالمی تناؤ اور کشیدگی کے پیش نظر بات چیت کی ضرورت پہلے سے زیادہ ہے

نیویارک (منظور حسین سے) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ مذاکرات اور سفارتکاری ہی مسائل کے دیرپا حل کا موثر ذریعہ ہیں۔ مستقل مندوب عاصم افتخار سلامتی کونسل سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ عالمی تناؤ اور کشیدگی کے پیش نظر بات چیت کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو ہفتوں میں دنیا نے کئی اہم واقعات دیکھے ہیں، جن کے پیش نظر اقوام متحدہ نے متعدد اجلاس منعقد کیے تاکہ تنازعات کا پرامن حل تلاش کیا جا سکے۔ پاکستانی مندوب نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ جنگ، تصادم اور طاقت کے استعمال کی بجائے، بات چیت اور سفارتکاری کے ذریعے امن قائم کرنے کی کوشش کرے۔

سپیکر ایاز صادق کا اسمبلی سیکرٹریٹ کے ملازمین کی فلاح کیلئے بڑا اقدام

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اسمبلی سیکرٹریٹ کے ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے بڑا اقدام اٹھالیا۔ اعلامیے کے مطابق پارلیمنٹ ہاؤس میں نجی بینک کیساتھ آسان شرائط پر قرض سکیم کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوگئے۔ سپیکر ایاز صادق نے کہا کہ قومی اسمبلی ملازمین کیلئے آسان شرائط پر قرض کی سہولت میسر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ قرض سکیم سے کم آمدنی والے ملازمین کیلئے اپنا گھر بنانا یا خریدنا آسان ہوجائے گا۔ اقدام پر قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے افسران اور عملے نے سپیکر ایاز صادق کا شکریہ ادا کیا ہے۔

FOSTER MAAZ Pharmacy
فوسٹر معاذ فارمیسی
پاکستانیوں کی اپنی فارمیسی
اگر آپ کے پاس انشورنس نہیں تب بھی ہم آپ کی مدد کریں گے
ادویات، بیوٹی کیئر، فرسٹ ایڈ ہو یا پھر گفٹ کی بات
We take OTC, EBT
We Take All Major Insurances
We speak English, Urdu, Punjabi
• حلال وٹامنز، وزن کم کرنے کی ادویات وسونا بیلٹ وغیرہ ہمارا اعزاز
• سٹیشنری، فیکس سروس موجود
خوبصورتی کو بڑھانے اور خواتین و نوجوان لڑکیوں کی زیبائش کی تمام چیزیں دستیاب ہیں
ہم میڈی کیڈ اور دوسری تمام بڑی انشورنس قبول کرتے ہیں
ELECTRONIC APPLIANCES AVAILABLE
Pakistani Indian Bangladeshi Grocery Available
فری بلڈ پریشر چیکنگ / فری شوگر چیکنگ
1056 Coney Island Ave, Brooklyn, NY 11230
Ph: 718 421 5533

LA LUNA
Halal Mexican & American Grill
حلال HALAL
LA LUNA GRILL POLLO A LA BRASA
سموک ٹاؤن روڈ، ووڈبرج ورجینیا میں حلال ٹاکوز، فہیتاز،
کیسہ ڈیا سوپ اور اعلیٰ مزے مزے کے کھانوں کیلئے تشریف لائیں
پارٹی ہال موجود ہے
WE DELIVER!
$ 20 Minimum Delivery
we are also availabe on: DOORDASH
Tell: 703-491-2112, 703-897-1919
Fax: 703-897-1010, Web: www.lalunava.com
13760 Smoketown Road, Woodbridge VA

WANT TO HIGHLIGHT YOUR BUSINESS? NO WORRIES! WRITE US TO ADVERTISE IN
DUNYA INTERNATIONAL
If You Are Looking For Jobs, Travel, Legals, Matrimonial, Buying/Selling Home, Mortgage, Real Estate Agent, Garage Sale & Merchandise, Automotive, Daycare And More....
Contact
SYEDA RAZA FOR MORE DETAILS
Email: razasyeda5@gmail.com
www.dunyaint.com

ہربل ہومیو سنٹر
حکیم محمد الیاس
ممبر امریکن آلٹرنیٹیو میڈیکل ایسوسی ایشن
PHONE NUMBER
929 320 6200
866 CONY ISLAND AVE
HERBAL HOMEO CENTER

GEO PHARMACY
جیو فارمیسی
پاکستانیوں کی اپنی فارمیسی
آپکے پاس انشورنس نہیں ہم آپکی مدد کیلئے موجود ہیں
• Prescription Drugs
• Surgical
• Supplies
• Vitamins
• Baby Needs
• Perfumes
• Cosmetics
• Health/beauty
• Aids
• Photocopies
WE ACCEPT ALL MAJOR INSURANCE CVS CARE MARK OTC CARD & WIC CHECK FREE PIC-UP & DROP OFF FOR QUESTION & CONCERNS
ABDUL AZIZ Call: 917-455-0968
685 Coney Island Ave, Brooklyn NY 11218
Phone: 718-703-1888, Fax: 718-703-1889
Email Us: geopharmacyinc@gmail.com

SMART CARE PHARMACY
سمارٹ فارمیسی
• We Accept All Insurances Including Medicaid
• We Do Fax, Copy, Print and DMV Vision Test
• We Accept OTC Card
We Accept EBT Card
We Do Free Delivery
We Speak English, Urdu, Punjabi and Arabic
MUHAMMAD FARHAN
Ph: 347-374-5117
Fax: 347-374-5118
Email: Smartcare164@gmail.com
1324 Coney Island Ave. Brooklyn, NY 11230

''لہرا رہا ہے آج بھی پرچم حسینؑ کا''

تحریر: سیدہ رضا (دنیا انٹرنیشنل USA)
razasyeda5@gmail.com

ہر وقت کی اپنی خوشبو!

تشنہ اظہار
واشنگٹن: اظہر زمان
azharzaman@gmail.com

ایران اسرائیل جنگ اور پاکستان.. عدیل وڑائچ

محرم الحرام کے سماجی و دینی تقاضے .. مولانا محمد الیاس گھمن

بھارت کی جنگی مہم جوئی پر برطانوی پارلیمنٹ کی تحقیقی رپورٹ، مسئلہ کشمیر ایٹمی جنگ کا پیش خیمہ قرار

جب تیل سے مالا مال دبئی، ابوظہبی اور عمان پاکستان یا انڈیا کا حصہ بنتے بنتے رہ گئے... سیم ڈیلرمپل

ابابیل ـ ـ ـ عجیب و غریب اور منفرد پرندہ .. خاور نیازی

دنیا

زاہد حسین بانی، پریذیڈنٹ، پبلشر و چیف ایڈیٹر

منظور حسین
(ایگزیکٹو ایڈیٹر)
عبدالصمد خان
(ڈپٹی مینجنگ ایڈیٹر)
سجاد حسین
(نیوز ایڈیٹر)
سردار شجاعت حسین خان
(نیوز ایڈیٹر)
محمد فیضان شہباز
(گرافک ڈیزائنر)

طاہر حسین
(سینئر وائس پریذیڈنٹ و ایگزیکٹو ایڈیٹر)
صفدر حسین
(سینئر وائس پریذیڈنٹ و مینجنگ ایڈیٹر)
امۃ المجوب
(پروڈکشن ایڈیٹر)
یسطور الحق عباسی
(سینئر آرٹ اینڈ کریٹو ایڈیٹر)
سیدہ رضا
Senior Staff Correspondent
(ایڈیٹر انچارج لیڈیز ایڈیشن)
جیمز سپرین
(ایگزیکٹو ایڈیٹر انگلش سیکشن)

امریکی صدر ٹرمپ کا امن بذریعہ جنگ کا فلسفہ

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ہم ایران کو کسی صورت ایٹمی طاقت نہیں بننے دینگے اور اگر اس نے یورینیم افزودگی کا پروگرام دوبارہ شروع کیا تو اس پر دوبارہ حملہ کرینگے۔ انہوں نے دی ہیگ میں جاری نیٹو سربراہی اجلاس کے موقع پر اپنے خطاب میں اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے قیام امن کا ایک نیا فلسفہ پیش کیا اور کہا کہ ایران پر امریکی حملے کے بعد ایران اسرائیل کے مابین جنگ بندی اور خطے کے امن کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ جس طرح دوسری جنگ عظیم کے دوران امریکہ نے جاپان کے دو شہروں ہیروشیما اور ناگاساکی پر ایٹم بم پھینکے تھے تو اسکے بعد دنیا امن کی راہ پر آئی تھی۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ ایران اور اسرائیل کے مابین جنگ بندی کی تھوڑی بہت خلاف ورزی ہوئی تاہم اب دونوں ممالک میں سیز فائر پر اچھے طریقے سے عمل ہو رہا ہے اور جنگ بندی کے بعد میرے کہنے پر اسرائیلی طیارے واپس آگئے ہیں۔ دوران گفتگو ٹرمپ نے اعتراف کیا کہ ایران نے اسرائیل کی بہت پٹائی کی ہے اس نے بہادری سے جنگ لڑی تاہم دونوں ملک ایک دوسرے پر میزائل برساتے تھک گئے تھے اس لئے اب نہیں لگتا کہ اسرائیل ایران کی جنگ دوبارہ ہوگی۔ انکے بقول ایران پر امریکی اور اسرائیلی حملوں میں ایران کی ایٹمی تنصیبات کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ ایران سے آئندہ ہفتے مذاکرات ہونگے جن میں معاہدے کا بھی امکان ہے۔ اس موقع پر امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے لقمہ دیا کہ ہم امن کیلئے ایران سمیت کسی سے بھی مذاکرات پر تیار ہیں۔ امریکی صدر ٹرمپ نے دوران گفتگو فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا بطور خاص تذکرہ کیا اور کہا کہ وہ بہت شریف آدمی اور متاثر کن شخصیت ہیں۔ انہوں نے پاکستان اور بھارت میں جنگ بندی کا دوبارہ کریڈٹ لیا اور کہا کہ انہوں نے دونوں ممالک کو مشورہ دیا تھا کہ وہ لڑنے کی بجائے تجارت کو فروغ دیں۔ انہوں نے یہ اعتراف بھی کیا کہ انکے حکم پر ایران پر کئے گئے امریکی حملے نے خطے میں جنگ کا اختتام ممکن بنایا ہے۔ انکے بقول ایران اسرائیل جنگ کے آخری دنوں میں زیادہ تباہی ہوئی۔ ایرانی میزائلوں نے متعدد اسرائیلی عمارتیں تباہ کیں۔ ایران کو یورینیم افزودگی کی کسی صورت اجازت نہیں دی جاسکتی۔ اب ایران طویل عرصے تک ایٹمی مواد نہیں بنا سکے گا۔ غزہ میں جاری اسرائیلی بربریت کے حوالے سے بات کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ غزہ کے معاملے پر بھی بڑی پیش رفت ہو رہی ہے تاہم انہوں نے اس مبینہ پیش رفت کی تفصیلات بتانے سے گریز کیا۔ نیٹو سربراہی اجلاس میں امریکی وزیر خارجہ کے علاوہ سیکرٹری جنرل نیٹو نے بھی اسرائیل ایران جنگ کے حوالے سے گفتگو کی۔ ایک سوال کے جواب میں امریکی صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ پاکستان اور بھارت دونوں جوہری طاقتوں کے حامل ممالک ہیں انکے درمیان جنگ امریکہ نے رکوائی ہے۔ انکے بقول انکے دور کا بڑا کارنامہ پاکستان اور بھارت کی جنگ رکوانا ہے۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ وہ جلد روس اور یوکرائن کا تنازعہ بھی حل کرادیں گے۔ امن کیلئے جو کچھ ہوسکتا ہے ہم نے کردیا ہے۔ یوکرائنی اور روسی صدور بہت مشکل شخصیات ہیں پھر بھی جنگ بند کرانے کیلئے وہ روسی صدر پیوٹن سے بات کرینگے حالانکہ یہ جنگ رکوانا بہت مشکل امر ہے۔ انہوں نے پاکستان کی مسلح افواج کے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے وائٹ ہاؤس میں ہونے والی اپنی ملاقات کے حوالے سے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا کہ فیلڈ مارشل ان سے ملاقات کیلئے انکے پاس آئے تھے وہ میرے بہت اچھے دوست اور شریف آدمی ہیں۔ میں نے ان سے تجارت آگے بڑھانے کی بات کی تو فیلڈ مارشل کا جواب مثبت تھا۔

یہ حقیقت ہے کہ اقوام متحدہ کے چارٹر میں وضع کئے گئے پرامن بقائے باہمی کے فلسفہ کے تحت ہی علاقائی اور عالمی امن یقینی بنایا جاسکتا ہے۔ اس چارٹر میں تمام رکن ممالک کو پابند کیا گیا کہ وہ کسی دوطرفہ، علاقائی یا عالمی مسئلہ کے حل کیلئے ایک دوسرے کیخلاف ہتھیار نہیں اٹھائیں گے اور نہ ہی خود بزور کوئی تنازعہ حل کرنے کی کوشش کرینگے بلکہ کوئی بھی دوطرفہ یا علاقائی مسئلہ اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم پر حل کیا جائیگا تاہم افسوسناک امر یہ ہے کہ اقوام متحدہ کے رکن بالخصوص بڑے ممالک نے آج تک یو این چارٹر پر اسکی روح کے مطابق عمل نہیں کیا اور جس کی لاٹھی اسکی بھینس کے فلسفے کو ہی تھامے رکھا ہے اور کبھی یہ خیال تک نہیں کیا کہ دوسری جنگ عظیم میں بروئے عمل جس کی لاٹھی اسکی بھینس کا فلسفہ ہی عالمی نمائندہ ادارے لیگ آف دی نیشنز کی ناکامی پر منتج ہوا تھا جس کے بعد پرامن بقائے باہمی کے فلسفہ کی بنیاد پر 1944 میں اقوام متحدہ کا قیام عمل میں آیا۔ مگر بالخصوص امریکہ نے اس نمائندہ عالمی فورم پر بھی اپنے تئیں اپنایا گیا علاقائی اور عالمی تھانیداری والا کردار برقرار رکھا جس نے اپنی سلامتی سے متعلق مفادات کو ہر ضابطے اور قاعدے قانون پر فوقیت دیکر کسی دوسرے ملک پر چڑھائی کرنا بھی اپنا حق گردان لیا۔ اس سلسلہ میں چین کے ایک ادارے کی جانب سے مرتب کی گئی تحقیقاتی رپورٹ میں ٹھوس حقائق و شواہد کی بنیاد پر بتایا گیا ہے کہ امریکہ اقوام متحدہ کی تشکیل سے اب تک دنیا کے 30 سے زائد ممالک پر حملے کر چکا ہے۔ اس سے بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ امریکہ نے یو این چارٹر میں وضع کردہ پرامن بقائے باہمی کے فلسفہ پر خود کتنا عمل کیا ہے جبکہ ٹرمپ نے امن بذریعہ جنگ کا فلسفہ ایجاد کرکے پرامن بقائے باہمی کا فلسفہ ویسے ہی ناکارہ بنا دیا ہے۔ اس کیلئے انہوں نے جاپان پر امریکی ایٹم بم گرائے جانے کے بعد دوسری جنگ عظیم کے خاتمہ اور اب ایران پر امریکی حملے کے بعد ایران اسرائیل جنگ بندی کا استدلال پیش کیا ہے جبکہ یہ درحقیقت جس کی لاٹھی اسکی بھینس والا فلسفہ ہی ہے جس کے تحت بڑی مچھلیاں چھوٹی مچھلیوں کو سانس لینے کا حق بھی نہیں دیتیں گویا امن کسی بڑی طاقت ہی کا مرہون منت ہے۔ وہ چاہے تو قیام امن کے نام پر کسی دوسرے ملک کو صفحۂ ہستی سے مٹا دے اور کسی پر مہربان ہو تو اسے امن کا تحفظ عطا کردے۔

امریکہ نے اسی فلسفے کے تحت ایٹمی ٹیکنالوجی حاصل کرنا بھی اپنا حق بنایا اور اس ٹیکنالوجی کے حصول کیلئے اپنے مہروں بھارت اور اسرائیل کے ساتھ فیاضی کی مگر یہی ٹیکنالوجی حاصل کرنے کی پاداش میں پاکستان شمالی کوریا اور ایران پر اقتصادی پابندیاں لگوادیں اور ایران کو اسکے اس جرم کی سزا دینے کیلئے اس پر حملہ آور ہونا بھی اپنا حق بنالیا۔ اس کے باوجود اگر ایران اور پاکستان اور فلسطینی عوام نے اپنے اپنے دشمنوں کیخلاف سخت مزاحمت کرکے ان کا جنون توڑا ہے تو انہوں نے جس کی لاٹھی اسکی بھینس کے فلسفہ کو ہی باطل ٹھہرایا ہے۔ اگر امن بذریعہ جنگ والا ٹرمپ کا فلسفہ درست قرار دیا جائے تو غزہ میں اسرائیل کی جانب سے مظلوم فلسطینیوں پر مسلط کی گئی جنگ کا بھی اڑھائی سال پہلے خاتمہ ہو چکا ہوتا اور مشرق وسطی امن کی جانب واپس لوٹ چکا ہوتا۔ اسرائیل فلسطین جنگ کے حوالے سے شاید ٹرمپ کا یہ فلسفہ روبہ عمل ہے کہ پورے غزہ کو قبرستان میں تبدیل کرکے خطے کا امن بحال کیا جائے۔ اسی لئے ٹرمپ یہ جنگ ختم کرنے کا کریڈٹ لینے کے بجائے نیتن یاہو کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور روزانہ کی بنیاد پر فلسطینیوں کے قتل عام پر اسرائیل کو کمک فراہم کر رہے ہیں۔ اگر اقوام متحدہ یہ جنگ رکوانے اور کشمیری اور فلسطینی عوام کو اپنی قراردادوں کے مطابق بھی حق خودارادیت دلوانے میں ناکام ہے تو پھر اسکی نمائندہ عالمی ادارے والی حیثیت کون تسلیم اور قبول کریگا۔ امریکہ اپنی طاقت کے زعم میں دوسروں پر غلبہ پانے کے جو عزائم رکھتا ہے جنہیں وہ بھارت اور اسرائیل کے ذریعے روبہ عمل لانا چاہتا ہے یہ عزائم دنیا کی تباہی پر ہی منتج ہونگے۔ کوئی آزاد اور خودمختار ریاست اپنی سلامتی کے تحفظ کیلئے کچھ بھی کرگذرنے کا حق تو بہرحال رکھتی ہے۔

Dunya Communication Inc
دنیا کمیونیکیشن آئی این سی
Head Office:
Washington DC Metropolitan
Address: 1366 Hill Born Drive Hanover Md 21076
Mr. Zahid Hussain (Chief Editor) Cell: 443-370-0804
www.dunyaint.com/ Eamil: zahidhussain09@hotmail.com
New York
Address: 825 E 15 st Brooklyn NY 11230
(Mr. Manzoor Hussain Executive Editor) Cell: 718-509-5522
Email: manzhussain72@yahoo.com
Tele Subscription/Circulation New York: Long Island/ Hillside
Queens/Brooklyn: 718-509-5522 (Mr. Manzoor Hussain)
Maryland: Tele 443-370-0804 (Mr. Zahid Hussain)
Display Advertising: Washington Metropolitan
Tel: 718-509-5522 / 443-370-0804 / 917-348-3974
Regional Offices
Asia Pacific: Tokyo, Toyama Ken Toyama Shi Koshi Machi 38
Cell: +81-80-3694-7050, Tel/Fax +81-76-426-1017
Email: dunyajp@yahoo.com
Islamabad Office: Flat No. 10 1st Floor Plot 2-L Bhatti Plaza Sector I-9 Markaz Islamabad. Tel: 92-51-443-5651, Cell: +92 300 9568514

آپریشن سندور میں بدترین ناکامی کے بعد مودی کی نئی چال

نریندر مودی رسوائی پر پردہ ڈالنے کے لیے اندرونی تضادات کو ہوا دینے لگے

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بی جے پی کے کٹھ پتلی بھارتی وزیراعظم کی آپریشن سندور میں بدترین ناکامی کے بعد مودی کی نئی چال کا انکشاف ہوا ہے۔ مودی سرکار پہلگام فالس فلیگ کے شواہد منظر عام پرلانے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے۔ جس کی وجہ سے اسے عالمی سطح پر شرمناک رسوائی کا سامنا ہے۔ فالس فلیگ کی بنیاد پر کیے گئے آپریشن سندور میں عبرتناک شکست کی خفت مٹانے کے لیے مودی کا نیا ہتھیار بے نقاب ہوگیا۔ مودی کی ناکامیوں پر بھارتی عوام اور اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے کڑی تنقید کی جارہی ہے جب کہ مودی تسلی بخش جواب دینے سے تاحال قاصر ہے اور اپنی ناکامیوں کو چھپانے کے ساتھ ساتھ عوام کی توجہ ہٹانے کے لیے مودی نے ایک نیا ڈھونگ رچا دیا ہے۔ سیاسی ساکھ بچانے کے لیے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر مودی نے ایک گمراہ کن ٹوئٹ کیا ہے۔ مودی کا اپنی ناکامیوں پر پردہ ڈالنے کے لیے اندرا گاندھی کے دور حکومت میں لگائی گئی ایمرجنسی کا سیاسی استعمال کیا جارہا ہے۔ مودی نے ٹوئٹ میں کہا کہ 1975-77 کی ایمرجنسی کے تاریک دنوں کے متاثرہ خاندان اپنے تجربات سوشل میڈیا پر شیئر کریں۔

اب ایران ایٹمی ہتھیار بنانے سے بہت دور ہے، امریکی وزیر خارجہ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ امریکی حملے کے بعد اب ایران ایٹمی ہتھیار بنانے سے بہت دور ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس حوالے سے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا کہ امریکی صدر کے اقدام سے ایران کے جوہری پروگرام کو کافی حد تک نہیں بلکہ زیادہ نقصان پہنچا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران کے جوہری پروگرام کو پہنچنے والے نقصان سے متعلق مزید تفصیلات لے رہے ہیں۔

دی ہیگ: امریکی صدر ٹرمپ نیٹو سمٹ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں، سیکرٹری خارجہ اور سیکرٹری دفاع بھی ساتھ ہیں

ٹیرف جنگ کے بعد امریکا نے چین سے پہلا تجارتی معاہدہ کرلیا

چین کے ساتھ شاندار معاہدے پر دستخط کردیئے ہیں، امریکی صدر ٹرمپ کا خطاب

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ چین سے تجارتی معاہدے پر دستخط کر دیے ہیں، توقع ہے کہ جلد بھارت سے بھی معاہدہ ہو جائے گا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی صدر نے وائٹ ہاس میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چین کے ساتھ شاندار معاہدے پر دستخط کر دیے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بھارت سے بھی بڑا تجارتی معاہدہ کرلیا جائے گا جس سے بھارت کو امریکا کی مصنوعات کے لیے کھولا جائے گا۔ امریکا کے بعد چین نے بھی امریکا سے تجارتی معاہدے کی تصدیق کردی ہے۔ ترجمان چینی وزارت تجارت کا کہنا تھا کہ معاہدے کے تحت امریکا تجارت پر عائد پابندیاں ختم کرے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ امید ہے کہ امریکا اور چین ایک دوسرے کے قریب آئیں گے۔ بھارت سے بھی بڑا تجارتی معاہدہ کرلیا جائے گا جس سے بھارت کو امریکا کی مصنوعات کے لیے کھولا جائے گا۔ امریکا کے بعد چین نے بھی امریکا سے تجارتی معاہدے کی تصدیق کردی ہے۔ ترجمان چینی وزارت تجارت کا کہنا تھا کہ معاہدے کے تحت امریکا تجارت پر عائد پابندیاں ختم کرے گا۔

آسام میں 128 سالہ تاریخی مسجد منہدم

آسام (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی ریاست آسام میں 128 سالہ تاریخی مسجد کو منہدم کر دیا گیا ہے۔ ریاست کے علاقے ڈبروگڑھ میں نکاسی آب کے نظام کی تعمیر کیلئے حکام نے تجاوزات قرار دیتے ہوئے 128 سال قدیم مسجد کو منہدم کردیا ہے۔ حکام کا دعویٰ ہے کہ چلخوا جامع مسجد کو تمام قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد مسمار کیا گیا ہے۔ تاہم مسجد کو مسمار کیے جانے کے بعد معاشرے کے مختلف طبقوں کی طرف سے سوشل میڈیا پر جاری مہم میں کہا گیا ہے کہ ریاستی حکام نے مسجد کو زبردستی منہدم کیا ہے۔

Fair Price Market پٹسبرگ پینسلوینیا
حلال HALAL
Pennsylvania
(Previous Pakeeza)
Groceries & Halal Meat
فیئر پرائس مارکیٹ
Renovated and added lot of varieties
Fresh Halal Meat
(Goat, Beef, Veal), Organic Chickens, Wide Varieties of Fishes
Middle eastern (Iraqi, Turkish, Arabic), South Asian (Indian, Pakistani, Bangali..) Groceries
Flawless Threading Services Available Inside the Store as well
4th of July
4411 Old William Penn HWY, Monroeville PA 15146
Ph: 571-549-9995, 412-373-0786 Email: fairpricemarket1@gmail.com

Niralla
Sweets & Restaurant
Brookfield Plaza, Springfield Virginia
www.nirallasweets.com
نرالا سویٹس اینڈ ریسٹورنٹ
We Cater For All Occasions
Ph: 703-923-9460
7038 Spring Garden Dr. Springfield, VA 22150, Fax: 703-923-9465

SUPER HALAL
MEAT & GROCERY
نیا شاندار اور کشادہ سپر سٹور
سپر حلال میٹ اینڈ گروسری
GUARANTEED LOWEST PRICES
& SUPER BEST QUALITY
BROOKFIELD PLAZA, SPRINGFIELD VA.
703-866-2024
ذبیحہ حلال
چکن اور کوالٹی سیفوڈ
شمالی ورجینیا کے دل سپرنگ فیلڈ میں شاندار لوکیشن بروک فیلڈ پلازہ میں آپکا اپنا گروسری سٹور
خود آئیں، اور اپنے اہل خانہ کو بھی لائیں
بہترین آرام دہ ماحول میں دیسی گروسری کی شاپنگ کا لطف اٹھائیں۔
ہماری اسپشلٹی: معیاری اور تازہ گوشت، دنبے کا گوشت، بکرے کا گوشت، گائے کا گوشت
تازہ سبزیاں اور ذائقہ دار موسمی پھل دودھ، دہی، دالیں اور ہر قسم کے مصالحہ جات
Pomegranate Orange Red graps Corn Potatoes Capsicum Carrot Cheese Pumpkin Lady finger Green Onion Sweet Yum Tomatoes Caggebe
We sell all kind of Fish Hand Slaughtered Halal Meat, Poultry Indian, Pakistani, Afghani, Middle Eastern & other International Groceries & Produce.
Olive Oil Flour National Masala Rice Onions Goat Meat Chicken leg piece Organic Chicken Ice Cream Chana Dal National Pickle Basen Moong Dal Tea Rusk Mango Juice Plain Yugurt Eggplant Apple Fish

FAIR PRICE INTERNATIONAL
Halal Meat & Grocery
فیئر پرائس انٹرنیشنل حلال میٹ اینڈ گروسری
احسان فرم کے اینٹی بائیوٹک اور ہارمون فری، نوکلورین ویج فیڈ، نوسٹننگ، ہینڈ سلاٹرڈ ذبح حلال چکن یہاں دستیاب ہے
IHSAN FARMS ہماری پہچان احسان فارم
• Hand Cut (Zabeeha) • Hormone Free • No Stunning
• Antibiotic Free • Veggie Fed • No Chlorine
The Name of Quality Better Service and Incomparable Prices
703 680 1170
13863 SMOKETOWN RD WOODBRIDGE VA 22192

Halal Super Mart
Guaranteed Low Prices
Free Delivery
On $ 200 Order
حلال HALAL PRODUCTS
Shakil Qamar
Ph: 703-372-2100
7702 F&G Backlick Road, Springfield VA 22150

پاکستان، ڈیجیٹل انقلاب کی راہ پر گامزن، فٹ پاور سے اسمارٹ پاور کا سفر

اس وقت دنیا بھر میں 40 ملین سے زائد کرپٹو صارفین کے درمیان پاکستان کی موجودگی اب پہلے سے کہیں زیادہ نمایاں ہوگئی

وزیر اعظم کے معاونِ خصوصی اور بلاک چین ٹیکنالوجی کے ماہر بلال بن ثاقب نے عالمی سطح پر پاکستان کی ڈیجیٹل شناخت کو نئے خطوط پر استوار کیا ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان نے ڈیجیٹل معیشت کی دنیا میں ایک تاریخی سنگ میل عبور کرتے ہوئے اسٹریٹجک بٹ کوائن ریزرو کے قیام کا اعلان کیا ہے، جو نہ صرف ملک کی مالی خودمختاری کی علامت ہے بلکہ عالمی معیشت میں پاکستان کی ایک نئی پہچان کے طور پر ابھرنے کا پیش خیمہ بھی ہے۔ وزیر اعظم کے معاونِ خصوصی اور بلاک چین ٹیکنالوجی کے ماہر بلال بن ثاقب نے عالمی سطح پر پاکستان کی ڈیجیٹل شناخت کو نئے خطوط پر استوار کیا ہے۔ ان کی قیادت میں پاکستان اب صرف صارف نہیں، بلکہ جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا فعال معمار بنتے جا رہا ہے۔ اس وقت دنیا بھر میں 40 ملین سے زائد کرپٹو صارفین کے درمیان پاکستان کی موجودگی اب پہلے سے کہیں زیادہ نمایاں ہوگئی ہے۔ ڈیجیٹل ایسیٹس اتھارٹی کے قیام کا اعلان بھی اسی سمت میں ایک بڑی پیش رفت ہے، جو مستقبل قریب میں عالمی سرمایہ کاری کے نئے دروازے کھولنے کا باعث بنے گا۔ اور بیرونِ پاکستانیوں کے لیے ترسیلات زر کا عمل مزید آسان اور کم لاگت بنانے کے لیے اسٹیبل کوائنز کا استعمال متعارف کرایا جا رہا ہے، جو ملک کی معاشی روانی میں نئی جان ڈالنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ ملک کے نوجوانوں کے لیے ویب 3.0 اور مصنوعی ذہانت (AI) سے متعلق تربیتی پروگرامز شروع کیے جا چکے ہیں، جو جدید مہارتوں کے فروغ کے ساتھ ساتھ پاکستان کی افرادی قوت کو عالمی مارکیٹ کے قابل ترین کھلاڑیوں میں تبدیل کریں گے۔ دلچسپی کی بات

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 13﴾

تہران: اسرائیل کیخلاف جنگ میں فتح پر ایرانی شہری جشن منا رہے ہیں ان سیٹ میں ایرانی صدر پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

پاک فضائیہ پوری طرح چوکس، پاکستان ہر میدان میں لڑنے کیلئے تیار

مئی میں بھارت کیساتھ ہونے والی فضائی جھڑپ کے دوران ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے تمام کارروائی کی نگرانی کی

ایئر چیف نے رافیل اور بھارت کے S-400 ایئر ڈیفنس سسٹم کو ترجیحی اہداف قرار دیا تھا، پی اے ایف میں میڈیا کو بریفنگ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان ایئر فورس (پی اے ایف) نے حال ہی میں چند منتخب صحافیوں کو اپنے چند نہایت حساس اور جدید تنصیبات تک رسائی دی۔ اس خصوصی بریفنگ میں راولپنڈی میں واقع نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک، اسلام آباد میں ایئر ہیڈ کوارٹرز اور سائبر کمانڈ سنٹر کا دورہ شامل تھا۔ اس بریفنگ کا مقصد پاکستان ایئر فورس کو ایک جدید، مستعد اور ہر طرح کے خطرات سے نمٹنے کی صلاحیت رکھنے والی فورس کے طور پر پیش کرنا تھا، جو تیزی سے بدلتے ہوئے علاقائی منظرنامے میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔ ایئر ہیڈ کوارٹرز میں صحافیوں کو ایک جدید آپریشن روم دکھایا گیا، جہاں دیواروں پر نصب بڑے سکرینوں پر جنوبی ایشیا کا نقشہ، ریڈار سسٹمز، سیٹلائٹ تصاویر اور مختلف طیاروں کے کال سائنز دکھائے جا رہے تھے۔ حکام کے مطابق، مئی میں بھارت کے ساتھ ہونے والی فضائی جھڑپ کے دوران ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے یہیں سے تمام کارروائی کی نگرانی کی اور وہیں سے فوری فیصلے کیے، جن میں فضائی حملے، اہداف کے تعین اور آپریشنل تبدیلیاں شامل تھیں۔ ایک سینئر افسر نے بتایا کہ کس طرح لائن آف کنٹرول پر پاکستانی اور بھارتی طیاروں کی پروازوں کے راستے دکھائے گئے اور کس طرح ایئر چیف نے بھارتی طیاروں کو ایک منصوبے کے تحت جال میں لانے اور پھر مخصوص اہداف پر حملے کی اجازت دی۔ ایک اور افسر کے بقول، جیسے ہی ہمیں بھارت کی نیت کا اندازہ ہوا، ہم نے

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 12﴾

کراچی، ملک کے پہلے مصنوعی ذہانت پر مبنی ڈیٹا سینٹر کا باضابطہ افتتاح

ملک میں مصنوعی صنعت AI کی ترقی، نفاذ اور توسیع کے طریقے کو بدل کر رکھ دے گا

کراچی (نامہ نگار) ڈیٹا والٹ پاکستان نے کراچی میں ملک کے پہلے مصنوعی ذہانت (AI) پر مبنی ڈیٹا سینٹر کا باضابطہ طور پر افتتاح کر دیا ہے جو کہ ایک انقلابی اقدام ہے اور ملک میں AI کی ترقی، نفاذ اور توسیع کے طریقے کو بدل کر رکھ دے گا۔ یہ جدید ترین سہولت پاکستان کے AI ایکو سسٹم کے وژن کو حقیقت میں بدلنے کے لیے تیار کی گئی ہے، جو اسٹارٹ اپس، محققین، کاروباری اداروں اور سرکاری اداروں کے لیے شاندار انفرا اسٹرکچر فراہم کرتی ہے۔ ہائی پرفارمنس GPU کمپیوٹنگ سے لے کر محفوظ کلاؤڈ ماحول تک، ڈیٹا والٹ اب ملک میں ہی جدید AI جدت کی راہ ہموار کر رہا ہے وہ بھی صاف توانائی سے چلنے والے نظام اور خودمختار انفرا اسٹرکچر کے ساتھ۔ ڈیٹا والٹ پاکستان کی بانی اور سی ای او مہوش سلمان علی نے کہا کہ ہم نے صرف ایک ڈیٹا سینٹر نہیں بنایا، ہم نے پاکستان کے AI مستقبل کے لیے ایک لانچ پیڈ تیار کیا ہے۔ ہمارا مقصد یہ ہے کہ مقامی جدت پسندوں کو وہ وسائل اور اعتماد دیا جائے جس کی بنیاد پر وہ عالمی معیار کی ٹیکنالوجی تیار کر سکیں بغیر کسی غیر ملکی پلیٹ فارم پر انحصار کیے۔

افریقا دو ٹکڑوں میں تقسیم ہونے جا رہا ہے، ماہرین نے خطرے کی گھنٹی بجادی

ایتھوپیا میں 35 میل لمبی دراڑ نمودار ہوئی جبکہ کینیا میں سڑکوں پر بڑا اشگاف ظاہر ہوا

ایتھوپیا (مانیٹرنگ ڈیسک) ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ افریقا ٹوٹ کر دو ٹکڑوں میں تقسیم ہونے جا رہا ہے۔ جغرافیائی خطے کے دو ٹکڑوں میں تقسیم ہو جانے کے عمل کو East African Rift کہتے ہیں۔ یہ ایک فعال ٹیکٹونک رفٹ زون ہے جو لاکھوں سال سے جاری ہے لیکن اب سائنسدانوں نے اس کی رفتار میں اضافے کے بارے میں وارننگ جاری کردی ہے۔ اس رفٹ کی لمبائی 6,500 کلومیٹر (بحیرہ احمر سے مزانبیق) تک پھیلی ہوئی ہے۔ ماہرین کے مطابق افریقن پلیٹ دو حصوں میں تقسیم ہوگی جس میں سے بڑا حصہ Nubian Plate اور دوسرا حصہ Somali Plate ہوگا۔ یہ رفتار 6 سے 7 ملی میٹر فی سال تھی لیکن اب بڑھ کر 8 ملی میٹر فی سال ناپی گئی ہے۔ مزید برآں زمین کے اندر گہرائی میں موجود گرم ترین چٹانوں کا خطہ جسے superplume کہتے ہیں، کرسٹ کو اوپر دھکیل رہا اور رفٹنگ کو تیز کر رہا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ 2005 میں ایتھوپیا میں 35 میل لمبی دراڑ نمودار ہوئی جبکہ 2018 میں کینیا میں سڑکوں پر بڑا اشگاف ظاہر ہوا، یہ سب براہ راست اسی رفٹ سے جڑا ہے۔ اگر یہ رفتار برقرار رہی تو اگلے 10 لاکھ سالوں میں ایک نیا سمندر ظاہر ہو سکتا ہے جسے کچھ سائنسدان چھٹا سمندر کہہ رہے ہیں۔ اس کے بعد افریقا کا ٹوٹا ہوا مشرقی حصہ جس میں صومالیہ، ایتھوپیا، کینیا، تنزانیہ ہوگا، ایک الگ چھوٹا براعظم بن سکتا ہے۔

ایس سی او اجلاس، عاصم ملک نے اجیت ڈوول کو لاجواب کر دیا

بھارت کے دہشت گردوں کیساتھ روابط کے ناقابل تردید ثبوت موجود ہیں

بیجنگ (نیوز ڈیسک) چین کے دارالحکومت بیجنگ میں شنگھائی تعاون تنظیم کے قومی سلامتی کے مشیروں کے اجلاس میں بھارت اور پاکستان آمنے سامنے آ گئے۔ اجلاس میں قومی سلامتی کے بھارتی مشیر اجیت ڈوول کو پاکستان کے قومی سلامتی کے مشیر لیفٹیننٹ جنرل عاصم ملک نے لاجواب کر دیا اور وہ خاموش ہو گئے۔ نجی ٹیلی ویژن چینل کے مطابق اجلاس میں اجیت ڈوول نے اپنی تقریر میں آپریشن سندور کو دہشتگردوں کے خلاف کارروائی قرار دیا اور بغیر کسی ثبوت کے پاکستان کے خلاف الزامات لگائے لیکن پاکستان کی قومی سلامتی کے مشیر عاصم ملک نے اپنی مدلل اور جاندار تقریر میں اجیت ڈوول کے بیانیے کو جھوٹ کا پلندا قرار دے کر مسترد کر دیا۔ انہوں نے اجیت ڈوول کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہا کہ بھارت اپنے اندرونی مسائل اور ناکامیوں کی ذمہ داری دوسروں پر ڈالنے کا عادی ہو چکا ہے۔ عاصم ملک نے مزید کہا کہ بھارتی ریاست کے بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے دہشتگردوں کے ساتھ روابط کے ناقابل تردید ثبوت موجود ہیں۔

صدر پی ٹی آئی خیبر پختونخوا نے پارٹی کے فیصلوں سے خود کو الگ کر لیا

بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہدایت نہیں تھیں تو بجٹ کیوں پیش کیا گیا؟ جنید اکبر

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) صدر پی ٹی آئی خیبر پختونخوا و چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی قومی اسمبلی جنید اکبر نے پارٹی کے فیصلوں سے خود کو الگ کر لیا۔ جاری بیان میں جنید اکبر نے کہا کہ بانی کی ہدایت ہی موصول نہیں ہو رہی تو کیسے فیصلہ کر سکتے ہیں؟ بانی پی ٹی آئی کا پیغام اور حکم حتمی ہوتا ہے، ان کی خلاف ورزی کسی قسم قبول نہیں ہے۔ جنید اکبر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہدایت نہیں تھیں تو بجٹ کیوں پیش کیا گیا؟ پارٹی قیادت نے بانی کی ہدایت کے برعکس یہ فیصلہ کیوں کیا؟

خیبر پختونخوا میں سیاحوں کو کوئی سہولیات میسر نہیں، فیصل کنڈی

پشاور (نامہ نگار) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ ہمیں اپنے مسائل خود حل کرنا ہوں گے، حالیہ بھارتی جارحیت میں پاکستان نے نہ صرف جنگی بلکہ سفارتی محاذ پر بھی تاریخی کامیابیاں حاصل کیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو ہر میدان میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پاکستانی سفارتی وفد نے بین الاقوامی سطح پر بھرپور انداز میں ملک کا موقف پیش کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز دورہ ہری پور کے دوران ہری پور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیر اہتمام پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے منعقدہ تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صدر ہری پور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز شہباز خان نیازی، تحصیل چیئرمین ہری پور سمیع اللہ خان، ایم۔ ڈی سید اسلامیہ سکول اینڈ کالج سید سکندر منصور شاہ کے علاوہ ہری پور چیمبر آف کامرس کے ممبران و عہدیداران کی بڑی تعداد شریک تھی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر نے کہا کہ بھارتی جارحیت ہمارے لیے ایک بڑا امتحان تھا جس کا پاک افواج نے بھرپور اور منہ توڑ جواب دے کر ایک نئی مثال قائم کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی نہ صرف عسکری بلکہ سفارتی میدان میں بھی پاکستان کی فتح ہے۔

KBN ELECTRONIC TAX FILING NOTARY PUBLIC
ACCOUNTING
TAX & ACCOUNTING
Formally Khyber Accounting
TAX
کے بی این
ٹیکس اینڈ اکاؤنٹنگ سروس
فوری Refund
Our Identification Minimum Rates
آپ کے ٹیکس کا مسئلہ چاہے بڑا ہو یا چھوٹا، ذاتی ہو یا کاروباری مشورہ بالکل مفت
ذاتی یا کاروباری انکم ٹیکس، کارپوریشن پارٹنرشپ، پے رول، سیلز ٹیکس اور بک کیپنگ،
انفرادی فنانس، خیبر ٹیکس ایک مکمل اکاؤنٹنگ سروس ہفتہ میں ساتوں دن کھلا رہتا ہے
FREE CONSULTATION FOR YOUR ALL KINDS OF TAX PROBLEMS. PERSONAL OR BUSINESS INCOME TAX. IRS AUDITS, CORPORATION PARTNERSHIP, INCOME TAX. IRS AUDITS, CORPORATION, PARTNERSHIP, PAYROLL, SALES TAX AND BOOKKEEPING
WE MOVED TO NEW ADDRESS
For More Information & Free Consultation Please Contact:
Tel: 718-859399, Fax: 718-859-0889
1001 Dorchester Road, Brooklyn Ny 11218
(corner Coney Island Ave.)

دی میڈیسن شاپ فارمیسی
DIABETIES CARE CENTER
اپنی انشورنس پر حج و عمرہ کی ویکسین مفت لگوائیں علاوہ ازیں نمونیہ، فلو، Shingles, Meningitis, Tdap کے انجیکشن بھی لگائے جاتے ہیں
ہم آپکے ڈاکٹر کے تعاون سے آپکی ذیابطیس (Sugar) کنٹرول کر سکتے ہیں
ہم سرجیکل سامان کی ڈلیوری بشمول Wheel Chair, Cane Walker, Diabetic Shoes
Free Style Libre نیویارک کے پانچوں باروز میں ڈلیور کرتے ہیں
فری ڈلیوری
الیکٹریکل FBA, OTC اور کریڈٹ کارڈ بھی لیتے ہیں
• Diabetic Foot Care Consultation
• Asthma Management In Adults & Children
• Free Blood Pressure Testing
ہماری خصوصیات
• حلال وٹامن
• ذیابطیس کا سامان
• ذیابطیس کے مریضوں کے جوتے
• پاؤں کی حفاظت کا سامان
ہم تمام انشورنس قبول کرتے ہیں
اپنی Prescription ہمیں بھیجیں ادویات گھر پر فوری وصول کریں
MTM (for medication adherence)
Bill Payment
Copies / Fax Services
PHARMACY HOURS of Operations
Monday - Saturday
11:00 am to 08:00 pm
Sunday Closed
نیز ہر طرح کی گروسری بھی دستیاب ہے
1109 Coney Island Ave, Brooklyn Ny11230
(Between Ave H & Foster Ave.)
Tel: 718-434-4649, Fax: 718-434-4168

WE PRINT EVERYTHING
FOR ALL YOUR PRINTING NEEDS
گرافک ڈیزائننگ اور ہر قسم کی پرنٹنگ ڈیزائن کیلئے رابطہ کریں
Our Services:
• Car Stickers
• Letter Heads
• Business Cards
• Flyers & Brochure
• News Letters
• Sign Boards
• Calenders
• Stickers & Labels
• Advertising
• Banner & Tags
• Graphic Designing
• Website Designing
• Mobile Application
• Social Media Marketing
• Search Engine Optimization and Much More
Great Design at Affordable Prices
Cell: 718-509-5522, 917-348-3974
Email: manzhussain72@yahoo.com, vniwvssamad@yahoo.com

دو کام اور ایک نام ۔۔۔۔ شہباز خان
دیانت داری، خلوص اور محنت پر مبنی قابل اعتبار کاروبار
3STARS
ARUMI TAG AND TITLE INC.
Tel: 301-725-4343
Tel: 301-725-2660
Email: arumitags@gmail.com
NATIONAL DRIVINGSCHOOL
NATIONAL DRIVING SCHOOL
Ph: 301-725-2660, Cell: 443-474-0757
Web: www.nationaldrivingschool.net
Email: nationaldred@gmail.com
SHAHBAZ A. KHAN
6 N 2nd St. Laurel, Maryland 20707

UNITED PEDIATRICS
ANOOP SINGH MD, FAAP
BOARD CERTIFIED PEDIATRICIAN
بچوں کے ماہر معالج
OVER 30 YEAR OF EXPERIENCE
First Location:
7819 18th Ave, Brooklyn NY 11214
Ph: 718-265-5437, 718-265-KIDS
Second Location:
5413 5th Ave, Brooklyn NY 11220
Ph: 718-492-5437, 718-492-KIDS

Punjab Tires & Auto Shop
FOREIGN & DOMESTIC CARS STATE INSPECTION
PUNJAB TIRES
24 Hours 7 days a week
ٹیکسی اور لیموزین لائیوری کے لیے کال کریں شرطیہ کم ریٹ اور وقت کی پابندی ہمارا شیوہ ہے
Tel: (718)728-5100, FAX: (718)728-5101
30-81 21st Street, Astoria, NY 11102

بقیہ نمبر 01

دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم تسیم خان علیزئی اور ان کے اہل خانہ کے اس دکھ کی گھڑی میں ان کے ساتھ ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ رب العزت مرحومین کے درجات بلند فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ وارفع مقام عطا فرمائے اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائیں آمین۔ تسیم خان علی زئی اور ان کے بھائیوں کی جانب سے دوست احباب سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ مرحومین کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں اور ان کی درجات کی بلندی کیلئے دعا کریں۔

بقیہ نمبر 02

نے بجٹ 2025 کی منظوری کے بعد ارکان سینیٹ و قومی اسمبلی سے ملاقات کی جس میں وزیراعظم نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام دوست بجٹ بنانے کیلئے معاشی ٹیم نے شب و روز محنت کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ تمام اتحادی جماعتوں کے مشکور ہیں جن کی مشاورت سے عوامی امنگوں کی ترجمانی کرنے والا بجٹ تشکیل دیا۔ انہوں نے کہا کہ اتحادی جماعتوں نے بجٹ کی منظوری میں اہم کردار ادا کیا جن پر ان کے شکر گزار ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ اب ہم سب کو مل کر پاکستان کی معاشی ترقی کیلئے دن رات محنت کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرا یقین محکم ہے کہ یہی مثالی اتحاد پاکستان کی معاشی ترقی کو یقینی بنائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پر بھارت کی حالیہ بلاجواز جارحیت میں اللہ رب العزت نے ہمیں شاندار فتح سے ہمکنار کیا۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان، پوری سیاسی قیادت، عوام، سول سوسائٹی اور میڈیا نے یکجہتی سے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی فتح سے اقوام عالم میں پاکستان کا وقار بلند ہوا۔ وزیراعظم نے کہا کہ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی، بلاول بھٹو زرداری صاحب کی قیادت میں سفارتی وفد نے پاکستان کے موقف واضح اور بھارت کے پاکستان کے حوالے سے ناپاک عزائم کو دنیا کے سامنے بے نقاب کیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ نہ صرف سفارتی وفد کو بین الاقوامی سطح پر پذیرائی ملی بلکہ سمندر پار مقیم پاکستانیوں نے وفد کا شاندار استقبال کیا اور پاکستان کی سفارتی اور فوجی فتح پر حکومت اور افواج پاکستان کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایران پر حالیہ اسرائیلی جارحیت کے دوران پاکستان نے ایرانی حکومت و برادر عوام کے ساتھ ہر سطح پر یکجہتی کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ جنگ کے دوران ایرانی قیادت بالخصوص صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کے ساتھ مکمل رابطے میں تھا۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل ایران تنازعے کے حل سے خطے میں امن و خوشحالی کے دروازے کھلیں گے۔

بقیہ نمبر 03

گاڑی سے ٹکرا دی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق خودکش حملے میں 13 بہادر سپوت مادر وطن پر قربان جبکہ دو بچوں اور خاتون سمیت تین شہری شدید زخمی بھی ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق حملے میں صوبیدار زاہد اقبال، حوالدار سہراب خان، حوالدار میاں یوسف، نائیک خطاب شاہ، لانس نائیک اسماعیل، سپاہی روحیل، محمد رمضان، نواب، زبیر احمد، محمد تحسین، ہاشم عباسی اور منظر علی نے جام شہادت نوش کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق واقعے کے بعد سکیورٹی فورسز نے علاقے میں کلیئرنس آپریشن جاری ہے جس کے دوران فائرنگ کے شدید تبادلے میں 14 خوارج جہنم واصل ہو گئے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق بزدلانہ حملے کے ذمہ دار عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ سکیورٹی فورسز قوم کے شانہ بشانہ بھارتی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ ہمارے بہادر جوانوں اور بے گناہ شہریوں کی قربانیاں ملک کے تحفظ کے لیے ہمارے غیر متزلزل عزم کی عکاسی کرتی ہیں، ہم ہر قیمت پر مادر وطن کا دفاع جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر 04

کوششوں کو سیاسی رنگ دینے سے گریز کریں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان ہر قسم کی دہشت گردی کی شدید مذمت کرتا ہے، جعفر ایکسپریس حملوں کے منصوبہ سازوں، مالی معاونین، سرپرستوں کو کٹہرے میں لایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر اور فلسطین جیسے دیرینہ تنازعات عالمی امن کے لیے خطرہ ہیں، مسئلہ کشمیر اور فلسطین کے پرامن حل کے لیے مذاکرات، دانشی اور سفارتی حکمت عملی اختیار کی جائے، عالمی برادری دیرینہ حل طلب تنازعات مسئلہ کشمیر، فلسطین کا پرامن حل یقینی بنائے۔ انہوں نے شرکا کو بتایا کہ پاکستان کا ایس سی او میں فعال کردار علاقائی استحکام اور مشترکہ تعاون کے فروغ میں اہم ستون ہے، پاکستان اقوام متحدہ کے منشور، ایس سی او چارٹر اور بین الاقوامی قوانین کی مکمل پاسداری کرتا ہے، افغانستان میں پائیدار امن اور استحکام کو علاقائی خوشحالی اور ایس سی او وژن کے لیے ناگزیر ہے۔ پاکستانی وزیر دفاع نے کہا کہ خطے کی پائیدار خوشحالی کے مشترکہ وژن کے حصول کیلئے پرامن، مستحکم افغانستان ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 05

بلاول بھٹو زرداری سمیت وفد کے دیگر ارکان کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم نے سفارتی وفد کے اعزاز میں عشائیہ بھی دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی سطح پر پاکستان کے موقف کی بھرپور اور بہترین ترجمانی پر آپ سب کو مبارک پیش کرتا ہوں، آپ نے پاکستان کا مقدمہ قومی جذبے سے لڑا اور کامیاب ہو کر لوٹے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں شیری رحمٰن، ڈاکٹر مصدق ملک، حنا ربانی کھر، سینیٹر بشریٰ انجم بٹ، سینیٹر فیصل سبزواری، انجینئر خرم دستگیر، جلیل عباس جیلانی اور تہمینہ جنجوعہ پر مشتمل وفد نے امریکہ، برطانیہ اور یورپ میں پاکستان کے موقف کی قومی جذبے سے ترجمانی کی، پاکستان کے ساتھ ساتھ پوری دنیا میں اس کا اعتراف ہو رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری نے نہایت احسن انداز میں پاکستان کے موقف کو بیان کیا، وفد نے پہلگام سے لے کر سندھ طاس معاہدے تک کے واقعات کو مختصر اور احسن انداز میں پیش کیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم، قوم کی دعاؤں اور ہماری بہادر مسلح افواج کی عسکری مہارت سے بھارت کو اپنے بلاجواز جنگی جنون کی بھاری قیمت چکانی پڑی۔

بقیہ نمبر 06

بھی وقت عمران خان کی ہدایت کے مطابق بجٹ میں رد و بدل کر سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 07

نے بھارتی موقف کی حمایت سے انکار کر دیا، شنگھائی تعاون تنظیم نے اجلاس کے مشترکہ اعلامیے میں بلوچستان میں دہشت گردی کی مذمت کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق چین نے مشرقی ساحلی شہر چنگ ڈاؤ میں جمعرات کو ایران، روس، پاکستان، روس، بیلاروس اور دیگر ممالک کے وزرائے دفاع کی میزبانی کی، جو ایسے وقت پر ہوا جب مشرق وسطیٰ میں جنگ جاری ہے اور یورپ میں نیٹو ممالک دفاعی اخراجات بڑھانے پر متفق ہو چکے ہیں۔ یہ اجلاس 10 رکنی شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے تحت منعقد ہوا، جسے بیجنگ طویل عرصے سے مغرب کی زیر قیادت طاقت کے بلاکس کے مقابلے میں ایک متبادل پلیٹ فارم کے طور پر پیش کرتا آیا ہے۔ چین اس تنظیم کے رکن ممالک کے درمیان سیاست، سکیورٹی، تجارت اور سائنسی تعاون کو فروغ دینے پر زور دیتا ہے، چنگ ڈاؤ، جو ایک اہم چینی بحری اڈہ بھی ہے، میں یہ اجلاس ایک ایسے وقت میں منعقد ہوا جب اسرائیل اور ایران کے درمیان 12 دن کی شدید لڑائی کے بعد ایک نازک سیز فائر نافذ ہے۔ یہ اجلاس نیٹو رہنماؤں کی دی ہیگ میں ہونے والی کانفرنس کے اگلے ہی دن منعقد ہوا، جہاں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دباؤ پر رکن ممالک نے دفاعی اخراجات میں اضافے پر اتفاق کیا۔ چینی وزیر دفاع ڈونگ جون نے اجلاس کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے ایک ایسے عالمی ماحول میں توازن کی کوشش قرار دیا جو افراتفری اور عدم استحکام کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدی کی بڑی تبدیلیاں تیز ہو رہی ہیں، یک طرفہ پالیسیاں اور تحفظ پسندی بڑھ رہی ہے، جارحانہ، تسلط پسند اور دھونس پر مبنی رویے عالمی نظام کو شدید نقصان پہنچا رہے ہیں۔ ڈونگ جون نے شرکا پر زور دیا کہ وہ پرامن ترقی کے ماحول کی مشترکہ حفاظت کے لیے زیادہ موثر اقدامات کریں۔ بھارت کے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ بھی اجلاس میں شریک ہوئے انہوں نے کہا کہ ایس سی او کے رکن ممالک کو مشترکہ طور پر اپنے عوام کی توقعات اور چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی خواہش رکھنی چاہیے۔ ان کے مطابق ہم جس دنیا میں رہتے ہیں، وہ بڑی تبدیلی سے گزر رہی ہے، ایک وقت میں جو گلوبلائزیشن ہمیں قریب لا رہی تھی، وہ اب سست روی کا شکار ہے۔ سربراہی اجلاس کے موقع پر ڈونگ جون سے ملاقات کرتے ہوئے روسی وزیر دفاع اندری بیلوسوف نے چین کے ساتھ تعلقات کو تاریخی طور پر غیر معمولی سطح پر قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات ہر میدان میں ترقی کی سمت بڑھ رہے ہیں۔ چین نے خود کو یوکرین پر روسی جنگ کے معاملے میں غیر جانب دار ظاہر کیا ہے، تاہم مغربی حکومتوں کا کہنا ہے کہ چین کی معاشی و سفارتی حمایت نے ماسکو کو جنگ میں تقویت دی ہے۔

بقیہ نمبر 08

ہو جاتے ہیں لیکن اختلافات باہر نہیں آنا چاہئیں، جتنے علی امین ہمارے لئے معتبر ہیں اتنے ہی جنید اکبر بھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خان صاحب سے ملاقات کی اجازت نہیں مل رہی تھی، بجٹ مشروط پاس کیا، بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے کارکنوں کا بہت پریشر ہے، ہم اس بارے میں ہر فورم پر آواز اٹھا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 09

کچھ نہیں ہوا، 26 ترمیم بھی آڑے آ گئی، لوگوں پر گولیاں بھی چلائی گئیں، بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے بندوبست ضرور ہو گا۔

بقیہ نمبر 10

کچھ نہیں، جمہوریت اور انسانی حقوق کی اس قدر پامالی تو مارشل لا ادوار میں بھی نہیں ہوئی تھی جو آج کل ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی نے جمہوریت کا جنازہ نکال دیا ہے، اور مسلم لیگ (ن) نے ووٹ کو عزت دو کا نعرہ خود سب سے زیادہ بے عزت کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکنان پروپیگنڈے پر کان نہ دھریں، ہم سب عمران خان کے ساتھ ہیں اور ان کے نظریے کے سپاہی ہیں۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ پاکستان تحریک انصاف ایک پرامن پاکستان، آئین و قانون کی بالادستی اور جمہوریت کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 11

پر تھے۔ سپہ سالار نے اپنے خطاب میں کہا کہ افواج پاکستان دور حاضر کے جنگی تقاضوں کے مطابق اپنے آپ کو ہمہ وقت تیار رکھتی ہیں۔ ہم ہندوستان کو واضح پیغام دیتے ہیں کہ پاکستان نے نہ پہلے ہندوستان کی اجارہ داری قبول کی اور نہ آئندہ کبھی کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی ہندوستان کا اندرونی مسئلہ ہے جو اس کا اپنی اقلیتوں اور بالخصوص مسلمانوں پر متعصبانہ اور ظالمانہ رویوں کا نتیجہ ہے۔ خطے میں دہشت گردی کا سب سے بڑا سرپرست خود ہندوستان ہے۔ بحیثیت قوم ہم پاکستانی کبھی ہندوستان کے آگے جھکے ہیں نہ جھکیں گے۔ فیلڈ مارشل کا کہنا تھا کہ افغانستان ہمارا برادر اور پڑوسی اسلامی ملک ہے اور ہم اس سے اچھے تعلقات چاہتے ہیں تاہم ہم ان سے ایک ہی تقاضا کرتے ہیں کہ وہ ہندوستان کی دہشتگردانہ پراکسیز فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کو جگہ نہ دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اپنی انفرادی اور علاقائی پہچان سے بڑھ کر پاکستانیت کی پہچان کو اپنائیں۔ ہر نظام میں مسائل اور کمزوریاں ہوتی ہیں، آپ کا کام ہے کہ کمزوریوں اور منفی قوتوں کو نظام پر حاوی نہ ہونے دیں۔ جو اقوام اپنی تاریخ کو بھول جاتی ہیں، ان کا مستقبل بھی تاریک ہو جاتا ہے۔ پاکستان کی کہانی اور تاریخ کو جانیے اور اپنی اگلی نسلوں تک پہنچائیں۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ ملک سے محبت اور وفاداری آئین اور بنیادی شرط ہے۔ اپنے اندر جرات، قابلیت اور کردار پیدا کریں اور اگر ان میں سے ایک جزو کو چننا ہو تو ہمیشہ کردار کو فوقیت دیجئے گا۔ فیلڈ مارشل نے نوجوان افسران پر زور دیا کہ وہ پیشہ ورانہ دیانت داری، حب الوطنی اور قومی خدمت کے جذبے کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں۔ فیلڈ مارشل نے حالیہ سکیورٹی چیلنجز اور معرکہ حق کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ریاست کی تمام اکائیوں نے بھارتی جارحیت کے خلاف مثالی ہم آہنگی کا مظاہرہ کیا اور اللہ نے ہماری مدد کی کیونکہ ہم حق پر تھے۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان موجودہ دور کے جنگی تقاضوں کے مطابق ہمہ وقت تیار ہیں۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ نوجوان افسران قوم کی خدمت کو اپنا نصب العین بنائیں، نوجوان افسران دیانتداری، پیشہ ورانہ مہارت اور وطن سے خلوص کے اعلیٰ ترین معیارات کو اپنائیں۔

بقیہ نمبر 12

فوری طور پر رافیل طیاروں کو نشانہ بنایا۔ ایئر چیف نے رافیل اور بھارت کے S-400 ایئر ڈیفنس سسٹم کو ترجیحی اہداف قرار دیا تھا۔ اگرچہ S-400 کی درست لوکیشن کے حوالے سے ابتدائی ابہام موجود تھا، لیکن پاکستانی حکام کے مطابق وہ اسے آدھم پور کے قریب شناخت کر کے کامیابی سے نشانہ بنانے میں کامیاب ہوئے۔ بھارت نے نور خان ایئر بیس کے قریب پاکستان کے HQ-9 ڈیفنس سسٹم کو نشانہ بنانے کی کوشش کی، مگر حکام کے مطابق یہ سسٹم پہلے ہی وہاں سے منتقل کیا جا چکا تھا۔ مارچ 2021 میں عہدہ سنبھالنے کے بعد سے ایئر چیف ظہیر احمد بابر سدھو نے سخت نظم و ضبط اور ڈیزائن کی بنیاد پر شناخت قائم کی ہے۔ ان کی قیادت میں باریکیوں پر توجہ دی جاتی ہے جیسے کھلونوں کو چمکانا، فرش کو چمکانا، اور بریفنگز میں استعمال ہونے والے فونٹس کو معیاری بنانا۔ ابتدا میں بعض افسران کو خدشہ تھا کہ یہ ظاہری پہلو اصل دفاعی امور سے توجہ ہٹا دیں گے، لیکن بتدریج ہونے والی اپ گریڈز اور بھارت کے ساتھ کامیاب تجربے کے بعد اب اکثریت انہیں ایک انقلابی تبدیلی کا محرک سمجھتی ہے۔ NASTP ان کا ایک بڑا منصوبہ ہے، جو نور خان ایئر بیس کے قریب واقع ہے اور بظاہر ایک جدید ٹیکنالوجی کمپنی کا تاثر دیتا ہے۔ اس میں انکریپشن، تھری ڈی پرنٹنگ اور ڈرون ٹیکنالوجی پر کام کرنے والی تجربہ گاہیں قائم ہیں۔ بریفنگ کا پیغام دوسطحوں پر تھا، پاکستانی عوام کے لیے یقین دہانی کہ ان کی فضائیہ پوری طرح تیار ہے اور خطے کے مخالفین، بالخصوص بھارت، کے لیے ایک پیغام کہ پاکستان ہر میدان میں لڑنے کے لیے تیار ہے اور اس وقت، ان روشن آپریشن رومز میں، پی اے ایف خود کو بھارت پر برتری حاصل سمجھتی ہے۔

بقیہ نمبر 13

یہ ہے کہ عالمی بلاک چین کمپنیوں نے پاکستان میں ترقیاتی منصوبے شروع کرنے کی دعوت پر مثبت ردعمل دیا ہے، جو کہ سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے اعتماد کا مظہر ہے۔ یہ تمام اقدامات پاکستان کی ڈیجیٹل خودمختاری کو فروغ دے رہے ہیں، جس کے نتیجے میں ملک کا عالمی ڈیجیٹل تشخص از سر نو تشکیل پا رہا ہے۔ اب پاکستان صرف ایک ابھرتی ہوئی ڈیجیٹل معیشت نہیں بلکہ ٹیکنالوجی میں عالمی رہنما بننے کی دہلیز پر کھڑا ہے۔ حکومت پاکستان کی بھرپور کاوشوں نے ملک کو ڈیجیٹل ترقی سے معاشی استحکام کی راہ پر ڈال دیا ہے، اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ آنے والا دور پاکستان کے لیے ٹیکنالوجی، خودمختاری اور اقتصادی خوشحالی کا ضامن ثابت ہو گا۔

بقیہ نمبر 14

کارروائیوں کے دوران خواتین اور بچوں سمیت 1 لاکھ 76 ہزار 4 سو 50 کشمیریوں کو گرفتار کیا۔ گرفتار افراد کو مختلف تفتیشی مراکز، تھانوں اور جیلوں میں جسمانی اور ذہنی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ قابض بھارتی فورسز اہلکاروں نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں بیگناہ لوگوں پر تشدد اپنا وطیرہ بنا لیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ بھارتی فوج، پیرا ملٹری، سپیشل آپریشن گروپ، نیشنل انویسٹی گیشن ایجنسی اور سٹیٹ انویسٹی گیشن ایجنسی نے مقبوضہ کشمیر میں متعدد عقوبت خانے قائم کر رکھے ہیں جہاں معلومات اور اعترافی بیانات حاصل کرنے کے لیے کشمیریوں کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 15

ہفتے ایران کیساتھ مذاکرات شروع ہو سکتے ہیں، ایران کے جوہری پروگرام پر ممکنہ معاہدہ زیر غور ہے، جلد روس اور یوکرین تنازع بھی حل کرا دوں گا، ایران اور اسرائیل کے درمیان مزید لڑائی کا امکان نہیں، دونوں جنگ سے تھک چکے تھے۔ دی ہیگ میں نیٹو سربراہان کے اجلاس سے خطاب کرتے ٹرمپ نے کہا کہ غزہ پر بھی بڑی پیش رفت ہو رہی ہے، حماس نے بھی جنگ بندی کے معاملے پر پیش رفت کی تصدیق کر دی ہے۔ حماس کے عہدیدار طاہر النونو نے اے ایف پی کو بتایا کہ ہمارے برادر ثالث ممالک مصر اور قطر کے ساتھ ہماری بات چیت بند نہیں ہوئی بلکہ حالیہ گھنٹوں میں مزید تیز ہو گئی ہے۔ تاہم، انہوں نے خبردار کیا کہ گروپ کو جنگ کے خاتمے کیلئے ابھی تک کوئی نئی تجاویز موصول نہیں ہوئی ہیں۔ ایرانی پارلیمنٹ نے IAEA عالمی جوہری نگرانی کے ادارے کیساتھ ایٹمی عدم تعاون کے بل کی منظوری دیدی ہے۔ یہ فیصلہ 12 روزہ جنگ کے بعد سامنے آیا ہے۔ روس کا کہنا ہے کہ یہ فیصلہ ایران کی جوہری تنصیبات پر امریکی بمباری کا ردعمل ہے۔ اقوام متحدہ کے جوہری نگران ادارے انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی کے سربراہ نے کہا ہے کہ ایران کا جوہری عدم پھیلاؤ کے معاہدے (این پی ٹی) سے دستبردار ہونا انتہائی افسوسناک ہو گا۔ یہ ایران کی تنہائی کا باعث بن سکتا ہے اور این پی ٹی کے ڈھانچے میں ایک سنگین دراڑ پیدا کر سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 16

ہوئے اس پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ امریکی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وٹکوف نے کہا کہ یہ عمل ناقابل قبول ہے یہ غداری ہے اور اس کی مکمل تحقیقات ہونی چاہئیں۔ جو بھی اس کے پیچھے ہے، اسے قانون کے کٹہرے میں لایا جانا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انہوں نے تمام نقصانات کی رپورٹس خود پڑھی ہیں اور اس بات پر زور دیا کہ امریکی فضائی حملوں میں ایران کے تینوں جوہری مراکز مکمل طور پر تباہ ہو چکے ہیں۔ وٹکوف کے اس بیان کو صدر ٹرمپ نے بھی تقویت دی اور اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر امریکی میڈیا کے انٹرویو کا کلپ شیئر کیا۔ اسٹیو وٹکوف نے کہا کہ ہم نے فورڈو پر 12 بنکر بسٹر بم گرائے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ حفاظتی چھت کو توڑ گئے، اور یہ بھی واضح ہے کہ وہ مکمل طور پر تباہ ہو گیا۔ لہٰذا یہ کہنا کہ ہم نے ہدف حاصل نہیں کیا، سراسر بے بنیاد ہے۔ یہ ردعمل اس وقت سامنے آیا ہے جب پینٹاگون کے ابتدائی انٹیلی جنس تجزیے میں کہا گیا تھا کہ حملے سے ایران کا جوہری پروگرام صرف چند ماہ کے لیے متاثر ہوا ہے اور زیر زمین بنیادی تنصیبات بڑی حد تک محفوظ رہیں۔

بقیہ نمبر 17

اداروں کی موثریت پر بڑھتے ہوئے شکوک و شبہات سے نبرد آزما ہے، پاکستان آج اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی صدارت سنبھال رہا ہے، یہ ایک علامتی مگر اسٹریٹجک کردار ہے جو ایک نہایت حساس اور پیچیدہ عالمی ماحول میں پاکستان کے حصے میں آیا ہے۔ یہ سلامتی کونسل کے 15 رکنی ادارے میں پاکستان کی آٹھویں مدت ہے اور 2013 کے بعد اس کی پہلی صدارت ہے، اسلام آباد نے جنوری 2025 میں غیر مستقل رکن کے طور پر اپنی موجودہ 2 سالہ مدت کا آغاز کیا تھا، جو 2026 کے اختتام تک جاری رہے گی۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد نے عالمی منظرنامے کو درپیش چیلنجز کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک ایسے وقت میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی صدارت سنبھال رہا ہے جب دنیا شدید غیر یقینی صورتحال، بڑھتے ہوئے تنازعات، پیچیدہ جغرافیائی اور تزویراتی حالات اور عالمی امن و سلامتی کو درپیش سنگین خطرات کا سامنا کر رہی ہے۔ اگرچہ سلامتی کونسل کی صدارت ماہانہ بنیاد پر گردش کرتی ہے اور اس کے پاس کوئی انتظامی اختیار نہیں ہوتا، لیکن یہ صدارت کونسل کے ایجنڈے اور مجموعی انداز پر اثرانداز ہونے کا ایک موقع فراہم کرتی ہے۔ اس وقت جب سلامتی کونسل کو غزہ اور یوکرین جیسے اہم معاملات پر جمود اور تعطل کا سامنا ہے، ایسی قیادت کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے، کثیرالجہتی نظام پر عالمی اعتماد میں کمی کے اس ماحول میں پاکستان کی یہ قیادت، چاہے مختصر ہی کیوں نہ ہو، بین الاقوامی سطح پر بغور دیکھی جائے گی۔ سفیر عاصم افتخار نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ تنازعات کے پرامن حل، مکالمے اور سفارت کاری کا مستقل اور پختہ حامی رہا ہے، انہوں نے کہا کہ ہم سلامتی کونسل کے کام میں اصولی اور متوازن نقطہ نظر لائیں گے، اور کثیرالجہتی نظام کو مضبوط کرنے اور دیگر رکن ممالک کے ساتھ تعاون کو فروغ دینے کا عزم رکھتے ہیں۔

بقیہ نمبر 18

کر ڈالا۔ یہ استعمال اسرائیل اور ایران کے درمیان 12 روزہ جنگ کے دوران ہوا۔ ملٹری واچ میگزین کے مطابق اس تنازع کے دوران اندازاً 60 سے 80 تھاڈ انٹرسیپٹرز استعمال کیے گئے۔ ایک تھاڈ انٹرسیپٹر کی لاگت 12 سے 15 ملین امریکی ڈالر کے درمیان ہے، جس کے نتیجے میں ان کے مجموعی اخراجات 810 ملین سے 1.215 ارب امریکی ڈالر تک جا پہنچے۔ یہ لاگت ایران کی جانب سے داغے گئے میزائل حملوں کی قیمت سے کہیں زیادہ ہے۔ وال اسٹریٹ جرنل کے مطابق امریکہ نے 2024 میں اسرائیل میں موجود تھاڈ سسٹم کو دوبارہ اسٹاک کیا تھا۔ ایران نے اپنی جوہری اور عسکری تنصیبات پر حملوں کے ردعمل میں اسرائیل کے مختلف شہروں پر میزائلوں کی بارش کی تھی۔ ان میزائلوں میں غدیر، عماد، خیبر شکن، اور فتح-1 جیسے ہائپرسانک میزائل شامل تھے، جنہیں روکنا مشکل ہوتا ہے کیونکہ یہ آواز کی رفتار سے 15 گنا (Mach 15) تک تیز سفر کرتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اسرائیل میں تھاڈ نظام کی تعیناتی ایک چیلنج کے طور پر سامنے آئی ہے، کیونکہ ایسے تنازعات میں اتحادیوں کی مدد کے لیے وسائل کا استعمال امریکہ کی عسکری تیاری اور مستقبل کی تعیناتی پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔ مزید برآں، امریکہ سالانہ صرف 50 سے 60 تھاڈ انٹرسیپٹرز تیار کرتا ہے، جس کا مطلب ہے کہ گزشتہ 11 دنوں میں جو ذخیرہ استعمال کیا گیا، اسے دوبارہ مکمل کرنے میں کئی سال لگ سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 19

انٹیلی جنس ایجنسی (ڈیفنس انٹیلی جنس ایجنسی) کی ابتدائی رپورٹ کے مطابق ایران کا افزودہ یورینیم کا ذخیرہ فضائی حملوں میں مکمل طور پر تباہ نہیں ہوا۔ امریکی نشریاتی ادارے نے باخبر ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ ایران کے بیشتر سینٹری فیوجز ابھی بھی محفوظ ہیں اور نقصان صرف زمینی سطح کی تنصیبات تک محدود رہا۔ امریکی فضائیہ نے فردو، نطنز اور اصفہان میں واقع تین جوہری تنصیبات کو بنکر بسٹر بموں سے نشانہ بنایا، جو زمین کے 60 فٹ گہرائی یا 200 فٹ مٹی میں گھسنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ تاہم زیادہ تر زیر زمین تنصیبات محفوظ رہیں جبکہ داخلی راستے اور کچھ انفرااسٹرکچر کو نقصان پہنچا۔ وائٹ ہاؤس نے پینٹاگون کی ابتدائی رپورٹ کو حقائق کے منافی اور صدر کو بدنام کرنے کی کوشش قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ امریکی صدر کا دعویٰ ہے کہ ان کے احکامات پر کیے گئے حملے نے ایران کی جوہری صلاحیت کو مکمل طور پر تباہ کر دیا۔ ادھر ایرانی حکام نے دعویٰ کیا ہے کہ حملوں سے قبل ہی تنصیبات خالی کرائی گئی تھیں، جبکہ اسرائیلی ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ افزودہ یورینیم کا بڑا حصہ ملبے تلے دفن ہو چکا ہے۔

بقیہ نمبر 20

بھی موثر ثابت نہ ہوتے۔ یہ انکشاف امریکی جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین جنرل ڈین کین نے سینیٹرز کو دی گئی ایک بریفنگ کے دوران کیا، جس کی تفصیل سی این این نے تین حاضرین اور ایک باخبر ذریعے کے حوالے سے اپنی رپورٹ میں شائع کی۔ جنرل کین کی یہ وضاحت پہلی بار سامنے آئی ہے کہ امریکی فضائیہ نے اصفہان کے زیر زمین مرکز پر Massive Ordnance Penetrator بم کیوں استعمال نہیں کیے، حالانکہ یہی مرکز ایران کے 60 فیصد افزودہ یورینیم کے ذخیرے کا مرکز سمجھا جاتا ہے۔ امریکی حکام کے مطابق یہی افزودہ یورینیم ایران کے ممکنہ جوہری ہتھیاروں کے لیے بنیادی مواد ہے۔ امریکی بی-2 بمبار طیاروں نے ایران کے فردو اور نطنز کے جوہری مراکز پر درجنوں بنکر بسٹر بم برسائے، لیکن اصفہان کو صرف امریکی آبدوز سے داغے گئے ٹوماہاک میزائلوں سے نشانہ بنایا گیا۔ یہ خفیہ بریفنگ امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ، وزیر خارجہ مارکو روبیو، سی آئی اے ڈائریکٹر جان ریٹکلف اور جنرل کین کی جانب سے دی گئی۔ جنرل کین کے ترجمان نے اس پر تبصرہ کرنے سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ وہ خفیہ کانگریسی بریفنگ پر بات نہیں کر سکتے۔ بریفنگ کے دوران سی آئی اے ڈائریکٹر ریٹکلف نے قانون سازوں کو بتایا کہ امریکی انٹیلی جنس کا خیال ہے کہ ایران کے زیادہ تر افزودہ یورینیم کے ذخائر اصفہان اور فردو میں زیر زمین موجود ہیں۔ ڈیموکریٹ سینیٹر کرس مرفی نے بریفنگ کے بعد بتایا کہ ایران کی جوہری تنصیبات اتنی گہرائی میں ہیں کہ امریکا کے موجودہ ہتھیار وہاں تک پہنچنے سے قاصر ہیں۔ ڈیفنس انٹیلی جنس ایجنسی کی ابتدائی رپورٹ کے مطابق امریکی حملوں کے بعد بھی ایران کے جوہری پروگرام کے بنیادی اجزاء، بشمول افزودہ یورینیم، مکمل طور پر تباہ نہیں ہوئے بلکہ یہ پروگرام صرف چند ماہ کے لیے پیچھے چلا گیا ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی اشارہ دیا گیا کہ ممکن ہے ایران نے کچھ افزودہ یورینیم حملے سے قبل ہی دوسری جگہ منتقل کر لیا ہو۔

بقیہ نمبر 21

منسوخ کر دیا۔ ڈپٹی سیکرٹری آف اسٹیٹ امریکا نے برطانوی سنگر کے ویزہ منسوخی پر ردعمل دیا اور کہا کہ ہم تشدد اور نفرت کی تعریف کرنے والوں کو خوش آمدید نہیں کہتے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق باب ولین نے گلاسٹبری میوزک فیسٹیول میں فری فری فلسطین کے نعرے لگوائے تھے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 34 سالہ برطانوی سنگر نے میوزک فیسٹیول کے دوران فری فری فلسطین اور ڈیتھ ڈیتھ آئی ڈی ایف (اسرائیلی ڈیفنس فورسز) کے نعرے لگوائے تھے۔

بقیہ نمبر 22

تجارت باور ڈلنک کے مابین باہمی ٹیرف سے متعلق ورچوئل میٹنگ ہوئی جس میں دونوں ممالک کے مابین تجارتی مذاکرات میں پیش رفت کے تحت رواں ہفتے معاہدے کی تکمیل پر اتفاق طے پایا ہے۔ پاکستان اور امریکا کے مابین اس اجلاس کے دوران فریقین نے جاری مذاکرات پر اطمینان کا اظہار کیا اور تجارتی مذاکرات کو رواں ہفتے تک خوش اسلوبی سے مکمل کرنے کا عزم ظاہر کیا۔

بقیہ نمبر 23

تجارت باور ڈلنک کے مابین باہمی ٹیرف سے متعلق ورچوئل میٹنگ ہوئی جس میں دونوں ممالک کے مابین تجارتی مذاکرات میں پیش رفت کے تحت رواں ہفتے معاہدے کی تکمیل پر اتفاق طے پایا ہے۔ پاکستان اور امریکا کے مابین اس اجلاس کے دوران فریقین نے جاری مذاکرات پر اطمینان کا اظہار کیا اور تجارتی مذاکرات کو رواں ہفتے تک خوش اسلوبی سے مکمل کرنے کا عزم ظاہر کیا۔

بقیہ نمبر 24

ذریعے خودکشی کا رجحان ایک نیا خطرہ بن کر ابھرا ہے، اور اس میں ریکارڈ توڑ اضافہ دیکھا گیا ہے۔ 2022 میں 27,000 افراد اسلحے کے ذریعے ہلاک ہوئے جس میں نصف واقعات اسلحے کے ذریعے خودکشیوں کے واقعات تھے۔ جبکہ 2023 میں اسلحے سے ہونے والی ہلاکتوں کی مجموعی تعداد 46,728 ہو گئی جس میں سے 58 خودکشیاں تھیں اور 38 اسلحے سے قتل کے واقعات تھے۔ تفصیلات کے مطابق 2019 سے 2022 تک اسلحے سے خودکشی کی شرح میں 11 فیصد اضافہ ہوا۔ 2019 میں ہر 100,000 افراد میں 7.3 کیسز بڑھ کر 2022 میں 8.1 کیسز ہو گئے جو 1968 کے بعد کی سب سے بڑا سالانہ اضافہ ہے۔

بقیہ نمبر 25

7.3 ارب ڈالر کے مساوی کمرشل قرضوں کے معاہدوں پر دستخط کیے ہیں جس سے زرمبادلہ کے ذخائر گزشتہ ہفتے 8.9 بلین ڈالر کی نازک سطح سے دوبارہ دوہرے ہندسوں تک پہنچ گئے ہیں۔ یہ معاہدے آئی ایم ایف کے ساتھ رواں مالی سال کے اختتام پر مجموعی زرمبادلہ ذخائر 14 بلین ڈالر تک پہنچانے کے وعدے کو پورا کرنے میں بھی مدد دیں گے۔ انڈسٹریل اینڈ کمرشل بینک آف چائنا اور بینک آف چائنا نے ہفتے کو مجموعی طور پر 1.6 بلین ڈالر کے معاہدوں پر دستخط کیے۔ یہ رقم کل تک جو موجودہ مالی سال کا آخری دن ہے، جاری کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 26

میں تقریباً 9 لاکھ 40 ہزار افراد براہ راست مارے گئے، جن میں امریکی فوجی، کنٹریکٹرز، اتحادی افواج اور عام شہری شامل ہیں۔ اگر ان جنگوں کے بالواسطہ اثرات (خوراک، ادویات، اور بیماریوں کی کمی) کو شامل کیا جائے تو یہ ہلاکتیں 45 سے 47 لاکھ تک پہنچ جاتی ہیں۔ عراق میں 3 لاکھ 15 ہزار افراد ہلاک ہوئے، جن میں 2 لاکھ 15 ہزار عام شہری شامل ہیں۔ یہ کسی بھی امریکی جنگ میں سب سے زیادہ شہری ہلاکتیں ہیں۔ افغانستان میں 70 ہزار عام شہریوں سمیت 2 لاکھ 43 ہزار افراد جان سے گئے۔ اس کے اثرات پاکستان پر بھی پڑے جہاں ہزاروں افراد لقمہ اجل بنے۔ شام میں (2014-2021) 2 لاکھ 69 ہزار افراد ہلاک جبکہ یمن میں 1 لاکھ 12 ہزار ہلاکتیں ہوئیں۔ امریکی تحقیق میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ایران پر حالیہ حملے کو بھی امریکا نے اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت جائز قرار دیا ہے۔ تاہم ماہرین کے مطابق اس اقدام سے علاقائی کشیدگی مزید بڑھنے کا خدشہ ہے۔

بقیہ نمبر 27

بہت برا ہو گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر ممدانی جیت گئے اور میں دوبارہ صدر منتخب ہوا تو ظہران ممدانی کو ٹھیک کام کرنا پڑے گا ورنہ نیویارک کو کوئی پیسا نہیں ملے گا۔ یاد رہے کہ امریکا میں میئر کے الیکشن رواں سال نومبر میں ہوں گے اور چند روز قبل ہونے والے ڈیموکریٹک پرائمری میں ظہران ممدانی نے بڑے مارجن سے کامیابی حاصل کی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے نیویارک سٹی کے میئر کے امیدوار ظہران ممدانی کو کنٹر کمیونسٹ اور انتہائی بائیں بازو کی حامل شخصیت قرار دیتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر یہ ڈیموکریٹک سوشلسٹ عام انتخابات جیت جاتے ہیں تو نیویارک کے لیے وفاقی فنڈنگ خطرے میں پڑ سکتی ہے۔ ٹرمپ نے ایک بیان میں کہا کہ اگر وہ (ظہران ممدانی) میئر منتخب ہوتے ہیں، تو میں بطور صدر ان سے جواب طلبی کروں گا۔ اگر انہوں نے صحیح فیصلے نہ کیے، تو نیویارک کو ایک پائی بھی نہیں ملے گی۔ ظہران ممدانی نے ڈونلڈ ٹرمپ کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ وہ کمیونسٹ نہیں ہیں وہ امریکی صدر کی جانب سے ایسی باتوں کیلئے پہلے سے ہی تیار تھے، انہوں نے نیویارک شہر کے تقدس کو برقرار رکھنے کے عزم کا اظہار بھی کیا۔ ظہران ممدانی نے اس بات پر زور دیا کہ وہ نیویارک کے تقدس کی حیثیت کو بالکل برقرار رکھیں گے تاکہ نیویارک کے باشندے تاریکی سے نکل کر شہری کی مکمل زندگی میں شامل ہو سکیں جس سے ان کا تعلق ہے۔ این بی سی کے میٹ دی پریس پر براہ راست پوچھے جانے پر کہ کیا وہ کمیونسٹ ہیں، ممدانی جو 33 سالہ تارکین وطن ہیں اور نیویارک کے پہلے مسلمان میئر بننے کی خواہش رکھتے ہیں، نے جواب دیا نہیں، میں کمیونسٹ نہیں ہوں۔ قبل ازیں ٹرمپ نے فاکس نیوز کے پروگرام سنڈے مارننگ فیوچرز کو بتایا، وہ ایک کمیونسٹ ہے، میرے خیال میں یہ نیویارک کے لئے بہت برا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں اس کا تصور بھی نہیں کر سکتا، لیکن اگر وہ جیت جاتے ہیں تو میں صدر ہوں گا اور اسے ٹھیک کام کرنا پڑے گا، ورنہ انہیں کوئی پیسہ نہیں ملے گا۔ واضح رہے امریکی شہر نیویارک کے میئر کے انتخاب کے لیے ڈیموکریٹ پارٹی کی پرائمری ریس میں 33 سالہ مسلمان سیاستدان ظہران ممدانی نے سابق گورنر اینڈریو کومو کو حیران کن طور پر پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ خبر رساں ادارے روئٹرز کے مطابق نیویارک کے 67 سالہ سابق گورنر اینڈریو کومو نے اپنے حامیوں سے خطاب میں کہا کہ انہوں نے میئر کے لیے پرائمری ریس جیتنے پر ظہران ممدانی کو مبارکباد کا فون کیا ہے۔ انڈین نژاد امریکی شہری ظہران ممدانی جب ڈیموکریٹک پارٹی کے پرائمری الیکشن کی دوڑ میں شامل ہوئے تو وہ ووٹرز کے لیے ایک اجنبی چہرہ تھے، جنہوں نے صدر ٹرمپ کی پالیسیوں کو مسترد کرنے کا وعدہ کیا۔ غیر حتمی نتائج کے مطابق 44 فیصد ووٹرز نے ڈیموکریٹ امیدوار ظہران ممدانی کا انتخاب کیا جبکہ 36 فیصد کی پہلی چوائس سابق گورنر اینڈریو کومو تھے جبکہ 11 فیصد نے بریڈ لینڈر کا انتخاب کیا ہے۔ میئر کی دوڑ میں شامل دیگر تو ڈیموکریٹ امیدوار ظہران ممدانی سے کہیں زیادہ پیچھے تھے۔ اس جیت کے بعد ظہران ممدانی نومبر میں ہونے والے نیویارک کے میئر کے انتخابات کے لیے ڈیموکریٹ پارٹی کے باقاعدہ امیدوار ہوں گے۔ ظہران ممدانی نے جیتنے کے بعد اپنی پہلی تقریر میں کہا آج شہر کے لیے ایک ایسے وژن کے ساتھ جو نیویارک کا ہر باسی افورڈ کر سکے، ہم جیت گئے ہیں۔ انہوں نے صدر ٹرمپ کی پالیسیوں کو مسترد کرتے ہوئے نیویارک کو ڈیموکریٹ پارٹی کے لیے ایک ماڈل شہر بنانے کا وعدہ کیا۔ غیر سرکاری نتائج کے تحت دیگر امیدواروں نے اپنی شکست تسلیم کر لی ہے۔ ظہران ممدانی یوگینڈا میں پیدا ہوئے تھے جو جیتنے پر نیویارک کے پہلے انڈین نژاد مسلمان میئر ہوں گے اور جو فلسطینیوں کے حقوق کے لیے بھی آواز اٹھاتے رہے ہیں۔ وہ نیویارک کے علاقے کوینز کی نشست پر ریاستی اسمبلی میں منتخب ہوئے اور اس دوران انہیں دو نمایاں ترقی پسند سیاستدانوں سینیٹر برنی سینڈرز اور الیگزینڈریا اوکاسیو کی حمایت حاصل ہوئی۔ پرائمری انتخابی مہم کے دوران حریف اینڈریو کومو نے ظہران ممدانی کو ناتجربہ کار قرار دیا جبکہ مسلمان سیاستدان نے ان پر ہراسانی کے الزامات عائد کیے۔ سال 2018 میں ڈونلڈ ٹرمپ کے پہلے دور حکومت میں اینڈریو کومو صدر کے خلاف ایک تنقیدی آواز بن کر ابھرے تھے جس کی بنیاد پر سابق صدر بل کلنٹن اور نیویارک کے سابق میئر مائیکل بلومبرگ نے ان کی حمایت کا اعلان کیا تھا۔ انتخابی مہم کے دوران دونوں امیدواروں کے درمیان فرق واضح تھا، اسٹیبلشمنٹ کے حمایت یافتہ اینڈریو کومو دس سال گورنر کے عہدے پر فائز رہے جبکہ ممدانی ایک ترقی پسند اور نیا چہرہ ہیں جنہوں نے ماضی کو ترک کرنے کا وعدہ کیا۔ ڈیموکریٹک پارٹی انتخابات میں کامیابی کے بعد ظہران ممدانی نے ووٹرز کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ میرے لیے یہ اعزاز کی بات ہے کہ ڈیموکریٹ پارٹی کی جانب سے نیویارک کے میئر کا الیکشن لڑوں گا۔ امریکی سینیٹر برنی سینڈرز نے ظہران ممدانی کو

NEW BESTWAY INC.
Accounting, Management & Tax Advisory Services
Tax, Accounting, Management & Computer Services
- Personal Income Tax Returns
- Business Tax Returns Financial & Tax Planning
- Out Of State Tax Returns
- Represent Tax Payers Before IRS
- Financial Statements Business Start Ups Small Business Is Our Especiality
Salahuddin Ahmed, President
New York 1 W. 34th Street, Suite 201 New York, NY 10001
Ph: (212) 714-1243, Fax: (877) 714-1308
Cell: (212)714-1100
NJ OFFICE 15 Prospect Lane, Suite 1C-9, Colonia. NJ 07067
Tel: 732-564-6965 Fax: 877-714-1308
sahmad@saatax.com , newbestwayinc@yahoo.com
www.saatax.com

Nasir, Faiz CPA PLLC
CPA EA, MBA, ABA, CBM
NASIR FAIZI CPA
BUSINESS LOANS, BUSINESS BUYING & SELLING, TAX DEBT RESOLUTION NON FOR PROFIT, TAX ACCOUNTING, ADULT DAY CARE CENTRES ESTATE & TRUST, TAX FILING, FBAR & FACTA FILING
Personal Tax, Tax Audits, State Audits, Amended Tax Returns
New Business Set Up, Sales Tax, Payroll Tax, Corporation
Partnership & LLC Taxes, Sales Labor Dept, Union & Insurance Audits
Certified Payrolls Book Keeping and Financial Statements
Construction Contractor Bonds MBE & WBE Processing
آپ کے ذاتی ٹیکس کے علاوہ پے رول، سیلز فائلنگ
اور اکاؤنٹنگ سروس میں قابل اعتماد نام
مزید معلومات کے لئے ابھی کال کریں
www.nasirfaizicpa.com
Email: nasir.faizi@cpa.com
Nasir Faizi
Ph: 718-421-3999
Fax: 718-421-3377, Cell: 718-510-6771
1017 FOSTER AVE, 2ND FLR, BET E 10TH ST. & CONEY ISLAND AVE, BROOKLYN NY 11230
941 Coney Island Ave, Brooklyn, NY 11230

لوگ غیر جمہوری رویوں کی وجہ سے مائنس ہوتے ہیں، رانا ثناء اللہ

عمران خان سیاستدانوں کیساتھ بات کریں تو سیاسی معاملات حل ہوسکتے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اعظم شہباز شریف کے مشیر سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ لوگ اپنے عمل یا غیر جمہوری رویوں کی وجہ سے مائنس ہوتے ہیں، بانی پی ٹی آئی سیاست دانوں کے ساتھ بیٹھ کر بات کریں تو سیاسی معاملات حل ہو سکتے ہیں، اگر وہی موقف اپنائیں کسی کو نہیں چھوڑوں گا تو پھر معاملات حل کی طرف نہیں بڑھتے۔ اپوزیشن عمران سے ملاقات کے بعد نجی ٹی وی سے گفتگو میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ سیاسی معاملات میں نہ چھیڑنے کی صورت بھی اپوزیشن کی طرف سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تمام معاملات پر بات چیت کرنے کیلئے تیار ہے، وزیر اعظم نے فلور آف دی ہاوس اپوزیشن کو ایک کھلی آفر دی تھی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے بات چیت اور مذاکرات کیلئے اپوزیشن کو کہا تھا کہ میرے ساتھ نہیں بیٹھنا تو سپیکر چیمبر میں آجائیں، میں ساتھیوں کے ساتھ وہاں آجاوں گا، جمہوریت بات چیت سے چلتی ہے، شہباز شریف نے کہا ہم مذاکرات کرنا چاہتے ہیں۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ مذاکرات ہمارا سیاسی موقف ہے، فاٹا اور پاٹا میں سیلز ٹیکس کا نفاذ کیا گیا تھا اور بعد میں ایک سال کیلئے موخر کرنے کا کہا گیا تھا، اس سے متعلق کمیٹی کی میٹنگ ہوئی، انہوں نے کہا کہ میٹنگز کے نتیجے میں فاٹا اور پاٹا میں انکم ٹیکس چھوٹ اور دیگر مراعات برقرار رکھی گئیں، چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کا فاٹا پاٹا میں ان مراعات پر تشویش تھی۔

کراچی: گورنر سندھ کو متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما گلدستہ پیش کررہے ہیں۔

جنوری 1989 سے اب تک 96 ہزار 453 کشمیری شہید ہوگئے

بھارت جدوجہد آزادی کو دبانے کیلئے تشدد کو بطور ہتھیار استعمال کر رہا ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) بھارت جموں و کشمیر پر اپنے غیر قانونی تسلط کو طول دینے اور حق خود ارادیت کے حصول کی کشمیریوں کی جدوجہد کو دبانے کے لیے بڑے پیمانے پر جسمانی اور نفسیاتی تشدد کو ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہا ہے۔ "تشدد کے متاثرین کی حمایت" کے عالمی دن پر جاری کی گئی ایک رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ بھارتی فوجیوں نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی مسلسل کارروائیوں کے دوران جنوری 1989 سے اب تک 96 ہزار 4 سو 53 کشمیریوں کو شہید کیا جن میں سے 7 ہزار 3 سو 92 کو دوران حراست حراست اور جعلی مقابلوں میں شہید کیا گیا۔ بھارت عالمی سطح پر تسلیم شدہ متنازعہ خطے میں تشدد کو بطور ریاستی پالیسی مسلسل استعمال کر رہا ہے۔ جنوری 2001 سے اب تک فوجیوں اور پیرا ملٹری اہلکاروں کے ہاتھوں 688 خواتین شہید ہوچکی ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ اکثر کشمیری خواتین نفسیاتی مسائل اور ذہنی تناؤ کا شکار ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارتی فوجیوں اور پولیس اہلکاروں نے 1989 سے اب تک محاصروں اور تلاشی کی

《بقیہ نمبر13 صفحہ12پر14》

سابق بھارتی افسر نے پاکستان کے ناقابلِ شکست ہونے کا اعتراف کرلیا

پاکستان نے مغربی محاذ پر آج تک کسی جنگ میں شکست نہیں کھائی، پراوین سواہنے

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کی عسکری قیادت نے اعتراف کیا ہے کہ پاکستان کو میدان جنگ میں زیر کرنا ممکن نہ ہوسکا۔ سابق بھارتی افسر اور تجزیہ کار نے تسلیم کرلیا کہ پاکستان کبھی نہیں ہارا۔ پراوین سواہنے نے کہا کہ پاکستان کو جنگی شکست نہیں دی جاسکتی، پاکستان نے مغربی محاذ پر آج تک کسی جنگ میں شکست نہیں کھائی اور 1971 کی جنگ بھی صرف مشرقی محاذ پر ہاری گئی۔ پراوین سواہنے نے کہا کہ اگر بھارت واقعی مغربی محاذ پر پاکستان کو شکست دیتا تو آج لائن آف کنٹرول موجود نہ ہوتی، بھارت مغرب میں پاکستان کو فتح نہیں کر سکا اور لائن آف کنٹرول کی موجودگی خود اس بات کا ثبوت ہے۔ سابق بھارتی افسر پراوین سواہنے نے بتایا کہ مشرقی محاذ پر بھارت نے فضائی اور زمینی نقل وحمل بند کردی تھی، اس لیے پاکستان کی سپورٹ ممکن نہ رہی لیکن مغربی محاذ پر پاکستانی فوج نے ہمیشہ ڈٹ کر مقابلہ کیا، بھارت کے لیے یہ مغربی محاذ بھی آسان نہ تھا۔

سلامتی کونسل میں بچوں پر تشدد کا معاملہ زیر بحث، پاکستان کی غزہ و کشمیر پر توجہ

نیویارک (نیوز ڈیسک) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں بچوں اور مسلح تنازعات کے موضوع پر اہم مباحثہ ہوا جس میں پاکستان کے مندوب عاصم افتخار نے غزہ اور مقبوضہ جموں و کشمیر میں بچوں کی سنگین صورتحال کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلح تنازعات میں بچوں پر تشدد میں خطرناک حد تک اضافہ ہوا ہے۔ عاصم افتخار نے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کی رپورٹ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ فلسطین کو طویل عرصے تک رپورٹ میں شامل نہیں کیا گیا حالانکہ غزہ میں ہزاروں بچے شہید ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بچوں کی حالت کو رپورٹ سے بلا جواز نکالا گیا۔

آپریشنل تیاری جدید جنگ میں کامیابی کی بنیاد ہے، نیول چیف

راولپنڈی (نامہ نگار) چیف آف نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے تزویراتی اہداف کے حصول کیلئے سروسز کے درمیان تعاون ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشنل تیاری جدید جنگ میں کامیابی کی بنیاد ہے، پاک فضائیہ کیساتھ زیادہ کثرت سے مربوط مشترکہ آپریشنل مشقوں شروع کی جائیں گی۔ آئی ایس پی آر سے جاری بیان کے مطابق چیف آف نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے پی اے ایف ایئر وار کالج انسٹیٹیوٹ کراچی کا دورہ کیا۔ ایئر وار کالج آمد پر کالج کے صدر ایئر وائس مارشل راشد حبیب نے استقبال کیا، مہمان خصوصی نے ادارے میں فراہم کی جانے والی علمی و پیشہ ورانہ اعلیٰ تعلیم کو سراہا۔ چیف آف نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے مستقبل کی عسکری قیادت کی تربیت میں اس کے اہم کردار کو تسلیم کیا۔ نیول چیف نے ایئر وار کورس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپریشنل تیاری جدید جنگ میں کامیابی کی بنیاد ہے۔

8 فروری کو ہمارا مینڈیٹ چوری ہوا باقی پر بھی ڈاکہ ڈالا گیا، شیخ وقاص

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) رہنما پی ٹی آئی شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ ہمارا ایک مینڈیٹ 8 فروری 2024 کو چوری ہوا، ہمارے باقی کے مینڈیٹ پر بھی ڈاکہ ڈالا گیا ہے۔ جاری بیان میں شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ مخصوص نشستوں کو دیکھیں تو اس کا ایک پس منظر ہے، ملک میں آئین اور انصاف نہیں ہے، مخصوص نشستوں کو مال غنیمت سمجھ کر تقسیم کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم کی امنگوں کو گھونٹ دیا گیا ہے، یہ وہ پاکستان ہے جس میں سچ بولنا جرم بن چکا ہے، ہم ایسی ریاست میں ہیں جہاں نظام مفلوج ہوچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ ہاس میں بے ضمیروں کی منڈیاں لگیں، خرید و فروخت ہوئی، بانی پی ٹی آئی نے جمہوری مزاحمت کی۔ شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ پی ٹی آئی نے 180 سیٹیں جیتیں لیکن 17 سیٹوں والی جماعت کو 110 سیٹیں دے کر حکومت پکڑا دی، آج سارے کا سارا عدالتی نظام تباہ ہوچکا ہے۔

دھواں دار کباب ہوں یا بائی وے کڑاہی یا پھر ہلکا پھلکا چٹپٹا چارہ
کراچی کے ذائقوں کے لیے
ایک بار آزمائیں
بار بار آئیں
حلال 100%
دیسی بیٹھک (ریسٹوران)
DESI BETHAK RESTAURANT
اب نئی آن و شان کے ساتھ دوبارہ کرم فرماؤں کی خدمت کیلئے حاضر
کراچی میں 8 مختلف ذائقوں کیلئے تشریف لائیں
Friday Saturday
Open Late Till 3 AM
With Special Breakfast Menu
Ph: 703-337-2448
8000 Haute Court Springfield Virginia 22150

Ali & Aliyan Associate, LLC
امریکہ کے موجودہ Economic Crises میں جہاں مہنگائی عروج پر ہے۔
وہاں آپکو یقیناً اس سال زیادہ پیسوں کی ضرورت ہوگی۔ لہذا اس سال ایسے Accountant سے ٹیکس فائل کروائیں۔ جو آپکو زیادہ سے زیادہ Refund دلوا سکے۔
اس سلسلے میں میری لینڈ میں ایک جانا پہچانا قابل اعتماد نام
Ali & Aliyan Associate, LLC
Ali Raza
Get Your Maximum Tax Refund Allowed
2018 North Rolling Road Baltimore, MD 21244
Ph: 443-831-2003, Fax: 410-944-0056

DOCTOR
SHABANA QURESHI, MD
Board Certified Family Physician
- Quality medical care for the whole family!
- Most medical insurances accepted, including Medicare and Medicaid
$20 Off First Visit For Patients Without Insurance
Immigration Physicals Also Performed At Our Site!
Contact: 571-659-9387
5441 - Mapledale Plaza Woodbridge, VA. 22193
www.easycarellc.com

زوم کانفرنس اور فوٹو شوٹ کے لیے رابطہ کریں
پروفیشنلی زوم کانفرنس کے انعقاد اور اسے سوشل میڈیا کی زینت بنانے کے لئے اپنی یادگار تقاریب کے لئے سٹوڈیو میں فوٹو شوٹ کیلئے کال کریں
718-509-5522
917-348-3974
manzhussain72@yahoo.com
vniwvssamad@yahoo.com

CEDARS AUTO REPAIR
Mohamad Akhtar
نیٹل پاکستان میں پاکستانیوں کی اپنی
Cedars Auto Repair
Toyota Original Brakes - Synthetic Oil
NY State Inspection
TLC سمیت فارن اور ڈومیسٹک گاڑیوں کی سستی اور معیاری مرمت کیلئے کہیں جانے سے پہلے ایک کال ضرور کریں
Asad Hussain
Timings شام 6 سے صبح 8 بجے تک
Call Akhtar 917-379-1161
948 Coney Island Ave, Brooklyn NY 11230

آئندہ برس حج کے خواہشمندوں کیلئے بڑا اعلان، آخری تاریخ مقرر

سرکاری یا نجی اسکیم کے تحت جانیوالے تمام عازمین کیلئے رجسٹریشن کرانا لازمی قرار

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزارت مذہبی امور نے حج 2026 کے لیے عازمین کی لازمی رجسٹریشن کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے، جو ملک بھر میں شروع ہو چکی ہے اور 9 جولائی 2025 تک جاری رہے گی۔ وزارت کے مطابق حج رجسٹریشن کے لیے کسی قسم کی فیس ادا نہیں کرنا ہوگی اور یہ عمل مکمل طور پر مفت ہے۔ ترجمان کے مطابق آئندہ سال حج پر جانے کے خواہشمند افراد کے لیے قبل از وقت رجسٹریشن کرانا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ خواہ وہ سرکاری حج اسکیم کا انتخاب کریں یا نجی اسکیم کا، تمام عازمین کے لیے ابتدائی رجسٹریشن لازمی ہے۔ حتیٰ کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو بھی اپنی شرکت یقینی بنانے کے لیے رجسٹریشن کرانا ہوگی۔ وزارت کا کہنا ہے کہ صرف وہی افراد حج 2026 کے لیے اہل تصور کیے جائیں گے جنہوں نے بروقت رجسٹریشن کروائی ہو۔ رجسٹریشن ملک بھر میں موجود 15 منظور شدہ بینکوں کے ذریعے کی جا سکتی ہے، جہاں خواہشمند افراد اپنا اندراج مکمل کر کے بعد میں سرکاری یا نجی اسکیم کا انتخاب کر سکیں گے۔ اس بار وزارت نے واضح کیا ہے کہ رواں سال نجی حج اسکیم سے رہ جانے والے عازمین کے لیے بھی از سر نو رجسٹریشن کرانا لازم ہوگا۔ رجسٹریشن کا یہ عمل حکومت سعودی عرب کی ہدایت پر شروع کیا گیا ہے تاکہ ابتدائی اعداد و شمار کی بنیاد پر سعودی حکام کو حج کوٹے سے متعلق آگاہ کیا جا سکے اور حتمی پالیسی اسی ڈیٹا کی بنیاد پر مرتب کی جا سکے۔ وزارت مذہبی امور نے یہ بھی بتایا کہ حج 2026 کے مکمل اخراجات، سہولیات اور شرائط و ضوابط بعد میں علیحدہ سے حج پالیسی کی صورت میں جاری کیے جائیں گے۔ عوام کو تاکید کی گئی ہے کہ اگر وہ آئندہ سال حج کی سعادت حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں تو فوری طور پر رجسٹریشن مکمل کر لیں تاکہ کسی ممکنہ پریشانی سے بچا جا سکے۔

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

مودی حکومت نے بھارت کو خواتین کیلئے دنیا کا غیر محفوظ ترین ملک بنا دیا

2018 سے 2025 کے دوران ہر سال 30 سے 34 ہزار ریپ کیسز رپورٹ ہوئے

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت میں مودی سرکار نے اپنے ہی ملک کو خواتین کے لیے دنیا کا غیر محفوظ ترین ملک بنا دیا۔ نریندر مودی کے دونوں ادوار حکومت کے دوران ہونے والے تاریخ کے بدترین واقعات کی وجہ سے خواتین کے لیے بھارت کو دنیا کا غیر محفوظ ترین ملک قرار دیا جا چکا ہے۔ بی جے پی کی ہندو انتہا پسند حکومت نے بھارت کو خواتین کے لیے دنیا کا سب سے غیر محفوظ ملک بنا دیا ہے۔ مودی راج میں خواتین سے زیادتی روز کا معمول بن گیا ہے، جہاں نظام انصاف مفلوج اور ریاست خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہی ہے۔ بھارت میں نہ صرف مقامی بلکہ غیر ملکی خواتین بھی مسلسل جنسی زیادتی کا نشانہ بن رہی ہیں۔ خواتین کی عصمت دری اور ان کے حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کے باعث بھارت Rape Capital of World کے طور پر جانا جاتا ہے۔ حال ہی میں راجستھان میں فرانسیسی سیاح خاتون سے زیادتی کا واقعہ پیش آیا ہے، جو بھارت کے عالمی سطح پر سیاہ چہرے پر ایک اور بدنما داغ ہے۔

تہران، اسرائیل کے خلاف جنگ میں فتح کا جشن، فوج کو خراج تحسین

ہزاروں شہریوں کے امریکا مردہ باد اور بچوں کا قاتل اسرائیل مردہ باد کے نعرے لگائے

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے دارالحکومت میں عوام کی ایک بڑی تعداد نے سڑکوں پر نکل کر اسرائیل کے خلاف جنگ میں فتح کا جشن منایا اور صیہونی فورسز کے خلاف جنگ میں زبردست مقابلہ کرنے پر مسلح افواج کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ ایرانی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق تہران میں جنگ بندی کے بعد عوام کی ایک بڑی تعداد جمع ہوئی اور صیہونی جارحیت کا مقابلہ کرنے پر مسلح افواج سے مکمل یک جہتی کا اظہار کیا۔ وسطی تہران میں انقلاب اسکوائر پر ایرانی خواتین، بچے اور ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد جمع ہوئے اور انہوں نے اسرائیلی حملوں کے خلاف مزاحمت اور قوم کی خود مختاری کے دفاع پر ان کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا۔ عوام نے اسرائیلی جارحیت کو مجرمانہ فعل قرار دیتے ہوئے اس کی مذمت کی اور امریکا کو خونریزی میں اس کا برابر کا مجرم قرار دیا اور امریکا مردہ باد، بچوں کا قاتل اسرائیل مردہ باد اور کوئی سمجھوتہ نہیں، کوئی شکست نہیں، امریکا کے خلاف جنگ رہے گی جیسے فلک شگاف نعرے لگائے۔ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کے پورٹریٹ، اسرائیل کے خلاف جنگ کے شہدا کی تصاویر اور ایران کے پرچم ہاتھوں میں اٹھائے عوام اسرائیل اور امریکا کے خلاف نعرے لگا رہے تھے اور بلے کارڈز میں درج تھا کہ ہم زندگی کے آخری لمحے تک کھڑے رہیں گے۔

مودی سرکار کا جھوٹا بیانیہ مسترد، بھارتی جریدے نے پول کھول دیے

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی جریدے نے مودی سرکار کے جھوٹے بیانیے کا پول کھول دیا۔ میڈیا پورٹس کے مطابق مودی سرکار کا جھوٹا بیانیہ عالمی سطح پر رد کیا گیا ہے جب کہ پہلگام فالس فلیگ آپریشن سے بھارت کو بدترین ناکامی سمیت عالمی سطح پر بدنامی کا سامنا بھی کرنا پڑا ہے اور دوسری جانب بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے سچ اور حقائق پر مبنی مؤقف کو پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔ نام نہاد سفارتی کوششوں، گودی میڈیا مہم اور جھوٹے بیانات کا شور بھی بھارت کے کام نہیں آیا۔ مودی سرکار کا پاکستان کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈا بے نقاب ہو گیا اور حقائق نے پاکستان کے مؤقف کو سچ ثابت کر دیا۔ بھارتی پروپیگنڈے اور زمینی حقائق میں واضح تضاد سامنے آنے پر عالمی رائے عامہ نے مودی سرکار کے دعووں کو جھوٹا ثابت کر دیا، جس سے بی جے پی کے کٹھ پتلی وزیر اعظم کی اہلیت پر بھی سوالات کھڑے ہو گئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق مغربی ممالک کے خلاف دعووں کے باوجود بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر بھارت اور امریکی معاہدوں کے خواہاں دکھائی دیے۔ بھارت نے امریکی شرائط پر مبنی تالی کو مسترد کر کے نئی مثال قائم کی ہے۔

امریکا اور ایران کے درمیان جلد امن معاہدہ ہوگا، امریکی مندوب

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی مندوب برائے مشرق وسطیٰ اسٹیو وٹکوف نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان جامع امن معاہدہ ہونے والا ہے، تاہم انہوں نے واضح کیا کہ ایران کو آئندہ یورینیم افزودہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ امریکی میڈیا کو انٹرویو میں اسٹیو وٹکوف کا کہنا تھا کہ ایرانی جوہری تنصیبات پر حالیہ امریکی فضائی حملے کا مقصد صرف ایک تھا، اور وہ تھا ایران کو جوہری افزودگی کے قابل نہ چھوڑنا۔ ان کا کہنا تھا: "ہم ایران کے ساتھ امن چاہتے ہیں لیکن ایسا کوئی معاہدہ قابل قبول نہیں ہوگا جس میں ایران کو یورینیم افزودگی کا اختیار دیا جائے۔" امریکی مندوب نے واضح کیا کہ آئندہ کسی بھی معاہدے میں ایران کو یورینیم افزودہ کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکا چاہتا ہے کہ ایران جوہری ہتھیاروں کے راستے پر دوبارہ نہ جا سکے۔

حماس نے جنگ بندی مذاکرات میں تیزی کی تصدیق کر دی

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے غزہ تنازع کے حل کے لیے پیش رفت کے دعوے کے بعد، فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس نے بھی جنگ بندی مذاکرات میں تیزی آنے کی تصدیق کر دی ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق، حماس کے ایک سینئر رہنما نے بدھ کے روز بتایا کہ اسرائیل اور حماس کے درمیان غزہ میں جنگ بندی کے حوالے سے مذاکرات تیز ہو گئے ہیں۔ حماس کے ترجمان طاہر النونو نے کہا، مصر اور قطر میں موجود ہمارے ثالث بھائیوں کے ساتھ رابطہ پہلے سے قائم تھے، لیکن حالیہ گھنٹوں میں یہ مزید مضبوط اور سرگرم ہو گئے ہیں تاہم طاہر النونو نے واضح کیا کہ ابھی تک حماس کو جنگ بندی کے لیے کوئی نئی باضابطہ تجاویز موصول نہیں ہوئیں۔

جاپان، ٹوئٹر کلر کے نام سے مشہور قاتل کو پھانسی دیدی گئی

ٹوکیو (مانیٹرنگ ڈیسک) جاپان میں ٹوئٹر کلر کے نام سے مشہور قاتل کو پھانسی دے دی گئی۔ تکاہیرو شیرائشی نامی شخص کو 2017 میں 9 افراد کو قتل کرنے پر 2022 میں سزائے موت سنائی گئی تھی۔ مجرم خودکشی کی خواہش رکھنے والے افراد سے ٹوئٹر کے ذریعے رابطہ کرتا تھا اور ان کی خودکشی میں مدد کرنے کا جھانسہ دے کر گھر بلا کر قتل کر دیتا تھا۔ قتل کیے جانے والوں میں زیادہ تر 15 سے 26 سال کی خواتین شامل تھیں۔

نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ NYPD میں

امجد خان کی ڈیٹیکٹو فرسٹ گریڈ کے عہدے پر ترقی

کمشنر جیسکا ٹش نے پروموشن سرٹیفکیٹ سے نوازا

نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ میں ترقی پانے والے افسران کو اسناد پیش کرنے کیلئے پولیس ون پلازہ میں نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں دیگر پولیس افسران کے ہمراہ دو پاکستانی نژاد پولیس افسران کو بھی اگلے عہدوں پر ترقی دی گئی

نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ میں پاکستانی امریکن پولیس ایگزیکٹو اور افسران کی تعداد 700 سے تجاوز کر گئی اور اس تعداد میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے، پولیس ڈیپارٹمنٹ شہر میں اپنا بہتر اور اہم کردار ادا کر رہی ہے، میں تمام ترقی پانے والے افسران کو مبارکباد پیش کرتی ہوں، کمشنر پولیس جیسکا ٹش

دنیا

بروکلین، نیویارک (منظور حسین سے) نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ میں ترقی پانے والے افسران کو اسناد پیش کرنے کیلئے پولیس ون پلازہ میں نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں دیگر پولیس افسران کے ہمراہ دو پاکستانی نژاد پولیس افسران کو بھی اگلے عہدوں پر ترقی دی گئی۔ تقریب میں پولیس کمشنر جیسکا ٹش سمیت دیگر اعلی افسران بھی شریک ہوئے۔ تقریب کے آغاز پر پولیس کے بینڈ نے سلامی دی اور امریکی قومی ترانہ بھی پڑھا گیا۔ سوات سے تعلق رکھنے والے پاکستانی نژاد امریکن اور NYPD میں فرسٹ گریڈ کے عہدہ پر ترقی پانے والے افسر امجد خان کا کہنا تھا کہ نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ میں اچھا مستقبل ہے۔ انہوں نے پاکستانیوں کو دعوت دی کہ وہ آئیں اور اس ادارے میں شمولیت اختیار کریں۔ انہوں نے کہا کہ میری فیملی اور دوست احباب بہت زیادہ اس ادارے میں اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں بلکہ میرا بیٹا بھی اسی ادارے میں آنا چاہتا ہے میں اس سے بھی یہی کہوں گا کہ وہ آئے اور اس ڈیپارٹمنٹ کو جوائن کرے۔ ترقی پانے والے دوسرے پاکستانی نژاد مہران فیاض نے بھی کہا کہ پولیس کی

پاکستانی نژاد امریکن امجد خان فرسٹ گریڈ ڈیٹیکٹو کے عہدے پر فائز ہونے والے پہلے پاکستانی ہیں، نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ میں اچھا مستقبل ہے پاکستانی آئیں اور اس ادارے میں شمولیت اختیار کریں، امجد خان کی اس موقع پر گفتگو

ملازمت بہت اچھی ہے اور زیادہ سے زیادہ پاکستانی اس ادارے میں آرہے ہیں۔ تقریب میں پولیس کمشنر جیسکا ٹش نے ترقی پانے والوں میں اسناد تقسیم کیں۔ اس موقع پر کمشنر جیسکا ٹش کا کہنا تھا کہ پولیس ڈیپارٹمنٹ شہر میں اپنا بہتر اور اہم کردار ادا کر رہی ہے اور میں تمام ترقی پانے والے افسران کو مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ اس موقع پر دیگر پولیس افسران نے ترقی پانے والوں کو مبارکباد دی اور نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا۔ پاکستانی کمیونٹی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے لیے ایسے افسران کی کامیابی باعث فخر ہے۔ واضح رہے نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ میں پاکستانی امریکن پولیس ایگزیکٹو اور افسران کی تعداد 700 سے تجاوز کر گئی ہے اور اس تعداد میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے۔

امجد خان NYPD دیسی سوسائٹی کے سابق صدر رہے ہیں اور نائب صدر ٹرائی اسٹیٹ لاء انفورسمنٹ بھی تھے جو کہ پہلے پاکستانی پٹھان ہیں جنہیں فرسٹ گریڈ ڈیٹیکٹو کے عہدے پر فائز کیا گیا ہے انہوں نے اپنے کیریئر کا آغاز 2003ء میں بطور پولیس کیڈٹ شروع کیا

RESTAURANT Bismillah KABAB HOUSE
بسم اللہ ریسٹورنٹ اینڈ کباب ہاؤس
2160-Bath Avenue, Brooklyn-NY-11214 Ph: 718-487-9592 - 718-487-9593

دنیا
www.dunyaint.com
@DunyaIntOfficial

Bath Ave PHARMACY
Bath Ave PHARMACY
We Gladly Accept Cvs Customers!
We Gladly Accept Your Prescription Transfer To Bath Ave Pharmacy
باتھ ایونیو فارمیسی
Covid-19
Flu and COVID-19 Vaccines are available
Khurram Shahzad Warraich
PH. 347 673 5314 WE ACCEPT ALL MAJOR INSURANCES
2109 BATH AVE BROOKLYN NY 11214. FAX 347 673 5315

4th of July
لکشمی چوک ریسٹورنٹ والوں کی فخریہ پیشکش
ایش برن ورجینیا میں حلال پاکستانی چائنیز ذائقہ دار ریسٹورنٹ
عنقریب افتتاح
خدمت اور معیار کے 5 سال
دیس کی لذت اور روایات میں جانا پہچانا نام
100 فیصد حلال
حلال پاکستانی لکشمی چوک ریسٹورنٹ ایش برن ورجینیا
LAKSHMI CHOWK RESTAURANT
گوٹ کڑاہی
مغز کڑاہی
قیمہ کڑاہی
چکن کڑاہی
لاہوری چھولے
نلی نہاری
بکرے کے پائے
حلوہ پوری
لکشمی چوک حلال پاکستانی ریسٹورنٹ جو لاہور کا دل ہے کے کھانے کا معیار ویسا ہی جیسے آپ کی سوچ ہے
40 سالہ تجربہ کار پاکستانی فوڈ کے ماہر کی نگرانی میں کھانے تیار کیے جاتے ہیں
www.lakshmichowk.com
اچھا کام ہماری پہچان
برائے رابطہ: حسیب منعم صدیقی
Ph: 703-443-4838, 703-443-4839
ڈیلاس ایئرپورٹ، واشنگٹن DC، میری لینڈ، پنسلوینیا، نارتھ کیرولائنا، نیوجرسی کیلئے
200 سے لیکر 2000 افراد تک کیلئے کیٹرنگ کی سروس میسر ہے
21770 Beaumeade Cir. # 110 Ashburn VA 20147

CATONSVILLE MARYLAND میں خوبصورت جدید اور مارکیٹ سے ارزاں گروسری سٹور
پاق حلال میٹ اینڈ گروسری
PAAQ HALAL MEAT & GROCERY
100 PER CENT MUSLIM FAMILY OWNED BUSINESS
OPEN
100 % Hand Slaughter Halal Zabiha Meat
Fresh Goat, Lamb, Beef, Veal & Chicken
Asian Sub-Continent Food Items Available
Fresh Al Maida Turkey Available At Paaq Halal. Ask Within.
FRESH SUGARCANE JUICE AVAILABLE
WE ACCEPT EBT
HALAL CERTIFIED
Good News 3% Discount for EBT Food Stamp Customers
Ph: 410-970-2790, 832-888-4841
Timing: Tuesday to Sunday 11:00 AM To 08:00 PM Monday Closed
6400 BALTIMORE NATIONAL PIKE. SUITE 110 B CATONSVILLE MD 21228

خوشخبری خوشخبری خوشخبری
NY بینکویٹ ہال
NY BANQUET HALL
آپ کے تمام ایونٹس کیلئے ووڈ برج، ورجینیا میں
خوبصورت اور کشادہ ہال کا اضافہ
BANQUET HALL AVAILABLE FOR ALL KIND OF PARTIES. RENT OUR BANQUET HALL FOR ALL FUNCTIONS
300 افراد کی گنجائش
Contact: 703-670-2222
13600 Foulger Square, Woodbridge VA 22192

ZAFFRON BANQUET & RESTAURANT
ووڈ برج ورجینیا میں خوبصورت اور شاندار
زعفران بینکویٹ اینڈ ریسٹورنٹ
اصلی پاکستانی کھانوں کا مرکز
HALAL
270 بینکویٹ ہال میں لوگوں کی گنجائش موجود ہے
بہترین باربی کیو
100% ذبیحہ حلال
برائے کیٹرنگ: عاطف پرویز
شادی بیاہ اور دیگر تقریبات کی کیٹرنگ کے لیے ہم سے رابطہ کریں
703-209-8113
4182 DALE BOULEVARD WOODBRIDGE VA 22193 PH: 703-897-1190